لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
مجھے ہے حکم اذان لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان
جلد: 19
جمعرات یکم اکتوبر 2026ء 1448ھ 18 ربیع الثانی 17 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے
شمارہ نمبر: 249
www.sehar.pk
dailysehar1@gmail.com

206. اور جب اسے اس (ظلم وفساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہے o (سورۃ البقرہ)

دفتر خارجہ

صومالیہ میں جہاز آپریشن میں جاں بحق اور زخمی پاکستانیوں کی وطن واپسی کیلئے اقدامات شروع کر دیے

صومالیہ میں جہاز ایم ٹی آنز 25 پر سوار پاکستانی شہریوں کے جاں بحق ہونے پر اظہار افسوس کیا، گزشتہ روز صومالیہ کے ساحل پر یرغمال بحری جہاز 25HonourMT کی بازیابی کے دوران 5 افراد جاں بحق ہو گئے تھے

جاں بحق ہونے والوں میں 3 پاکستانی شہری رفیع اللہ خان، سید کاشف عمر اور محمود احمد انصاری شامل ہیں، جن کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا گیا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے صومالیہ کے ساحل پر قزاقوں کے خلاف آپریشن کے دوران یرغمال پاکستانی شہریوں اور زخمیوں کی وطن واپسی کیلیے اقدامات شروع کردیے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے صومالیہ میں جہاز ایم ٹی آنز 25 پرسوار پاکستانی شہریوں کے جاں بحق ہونے پر اظہار افسوس کیا، گزشتہ روز صومالیہ کے ساحل پر یرغمال بحری جہاز 25HonourMT کی بازیابی کے دوران 5 افراد جاں بحق ہوگئے تھے۔ دفتر خارجہ کے مطابق جاں بحق ہونے والوں (بقیہ نمبر 5)

راولپنڈی میں بااثر افراد کا خواتین اور بزرگوں پر تشدد، پولیس خاموش تماشائی بن گئی

راولپنڈی (این این آئی) واہ کینٹ کے علاقے میں بااثر افراد کی جانب سے خواتین اور بزرگوں پر تشدد، پولیس خاموش تماشائی بن گئی۔ ذرائع کے مطابق تشد (بقیہ نمبر 3)

پاکستان، ترکیہ، آذربائیجان اور ازبکستان کی اسپیشل فورسز کی مشترکہ مشق مکمل

مشترکہ پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور باہمی رابطہ کاری میں اضافے کے مقصد کو آگے بڑھایا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان، ترکیہ، آذربائیجان اور ازبکستان کی اسپیشل فورسز کی مشترکہ مشق ایٹرنل برادرہڈ 5- کا انعقاد ازبکستان میں کیا گیا جس میں پاکستان سمیت پانچ ممالک کے دستوں نے شرکت کی۔ یہ کثیر ملکی اسپیشل فورسز مشق 13 سے 25 ستمبر 2026 تک منعقد ہوئی، جبکہ قازقستان نے بطور مبصر ملک شرکت کی۔ ایٹرنل برادرہڈ 5- مشق کا مقصد شریک (بقیہ نمبر 2)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف موبائل پولیس سٹیشن وین میں متعین سٹاف سے گفتگو کرتے ہوئے

بطور پاکستانی ہمیں فخر ہے کہ ہمارا تعلق سندھ طاس کی قدیم تہذیب سے ہے، طے شدہ معاہدے پر عمل درآمد متعلقہ فریقین کے لیے لازمی ہے اور بین الاقوامی معاہدوں کو یکطرفہ طور پر معطل یا ختم نہیں کیا جا سکتا

وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات

سندھ طاس معاہدہ یکطرفہ طور پر معطل، منسوخ یا تبدیل نہیں کیا جا سکتا

سندھ طاس معاہدے کو معطل یا التوا میں رکھنے کے خلاف عالمی عدالتیں واضح فیصلہ دے چکی ہیں، ہم امن چاہتے ہیں تاہم پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے نہیں دے سکتے: وفاقی وزیر اطلاعات کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ ہم امن چاہتے ہیں تاہم پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے نہیں دے سکتے، سندھ طاس معاہدہ خطے میں امن و استحکام کا ذریعہ ہے، سندھ طاس معاہدے کو معطل یا التوا میں رکھنے کے خلاف عالمی (بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد: وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ پریس کانفرنس کرتے ہوئے

بجٹ خسارہ پورا کرنے کیلئے حکومت نے مزید قرض لینے کا منصوبہ بنا لیا

قرضوں کے بوجھ تلے دبی ملکی معیشت کیلئے حکومت نے مزید قرض لینے کا منصوبہ تیار کرلیا،

وفاقی حکومت رواں مالی سال بجٹ خسارہ پورا کرنے کیلئے 7 ہزار 20 ارب روپے قرض لے گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) بجٹ خسارہ پورا کرنے کیلئے وفاقی حکومت نے رواں مالی سال 7 ہزار 20 ارب روپے قرض لینے کا منصوبہ بنالیا، وزارتِ خزانہ نے 2026ء سے 2028ء تک کی تین سالہ قرض حکمت عملی بھی جاری کردی۔ قرضوں کے بوجھ تلے دبی ملکی معیشت کیلئے حکومت نے مزید قرض لینے کا منصوبہ تیار کرلیا، وفاقی حکومت رواں مالی سال بجٹ خسارہ پورا کرنے کیلئے 7 ہزار 20 ارب روپے قرض (بقیہ نمبر 12)

سندھ پبلک سروس کمیشن کا سی سی ای کے اسکریننگ ٹیسٹ کی تاریخ کا اعلان

حیدرآباد (این این آئی) سندھ پبلک سروس کمیشن نے مشترکہ مسابقتی امتحان سی سی ای 2026 کے اسکریننگ (بقیہ نمبر 11)

امریکا، فوجی اکیڈمیوں میں سویلینز کی بھرتی روکنے کا اعلان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی فوجی تربیتی اکیڈمیوں میں مستقل تدریسی (بقیہ نمبر 13)



پاکستان کے وزیرِ دفاع خواجہ محمد آصف روم میں پاکستانی سفارت خانے میں میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

ٹانک میں پٹوار خانے کو نشانہ بنانے والا فتنہ الخوارج کا خودکش حملہ آور ہلاک

دہشت گرد پٹوار خانے کی جانب جارہا تھا کہ راستے میں اس کے پاس موجود بارودی مواد پھٹ گیا

ٹانک (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع ٹانک میں پٹوار خانے کو نشانہ بنانے کی کوشش کرنے والا فتن الخوارج سے منسلک خودکش حملہ آور راستے میں ہی غیر ارادی دھماکے (بقیہ نمبر 10)

بلوچستان اور خیبر پختونخوا

سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں، 4 دہشتگرد ہلاک

میر علی اور گردونواح میں فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں کو تباہ، سکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائیاں مزید تیز

فتنہ الہندوستان کے ہلاک دہشت گرد سے اسلحہ اور موٹرسائیکل برآمد کرلیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع

میر علی / کوئٹہ / اسلام آباد (این این آئی) میر علی میں سکیورٹی فورسز کی انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی میں 3 خارجی ہلاک ہوگئے جبکہ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے میر علی میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا۔ سکیورٹی ذرائع (بقیہ نمبر 4)

یورپ کو بغیر اضافی تیل خریدے 100 ارب یورو کا نقصان

آبنائے ہرمز کی ایرانی بندش کے باعث تیل کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہوا، رپورٹ

ادھر امریکی صارفین بھی تیل قیمتوں میں اضافے سے متاثر ہو رہے ہیں

تہران (این این آئی) ایران جنگ کے باعث عالمی توانائی منڈی میں قیمتوں میں اضافے نے یورپی یونین کے لیے ایندھن کا بحران مزید مہنگا کردیا ہے۔ میڈیا رپورٹس (بقیہ نمبر 6)

ٹرمپ پر سرکاری خزانے سے اپنے حق میں اشتہارات بنوانے کے الزامات سامنے آگئے

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر سرکاری خزانے سے اپنے حق میں اشتہارات بنوانے کے الزامات سامنے آگئے۔ امریکی ٹرمپ نے مبینہ طور (بقیہ نمبر 8)

مودی راج میں غیر محفوظ تعلیمی ادارے سیاست کی نذر، بی جے پی اور آر ایس ایس کے خلاف طلبہ سراپا احتجاج

ستیہ جیت رے فلم اینڈ ٹیلی ویژن انسٹی ٹیوٹ میں 27 ستمبر کو آر ایس ایس کے حملے میں 8 طلبہ شدید زخمی ہوئے، رپورٹ

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے مختلف تعلیمی اداروں میں طلبہ کے احتجاج، سیاسی سرگرمیوں اور پولیس سے جھڑپوں کے واقعات نے تعلیمی ماحول اور کیمپس (بقیہ نمبر 7)

سعودی عہدیدار کی سعودی اور اسرائیلی حکام کی ملاقات کی تردید

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے سینئر عہدیدار نے سعودی (بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی وٹیلی کمیونیکیشن، محترمہ شزہ فاطمہ خواجہ، ہواوے (Huawei) کے سمر آئی سی ٹی (ICT) تربیتی پروگرام کو کامیابی سے مکمل کرنے والے طلبہ کے ساتھ گروپ فوٹو

پاکستان میں تجارت کے فروغ اور کسٹمز نظام میں جدت کے لیے اہم پیش رفت سامنے آگئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں تجارت کے فروغ اور کسٹمز نظا (بقیہ نمبر 14)

پی ٹی آئی کا 4 اکتوبر کو لانگ مارچ کا حتمی فیصلہ، ارکان اسمبلی کو اہم ہدایات جاری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے 4 اکتوبر کو اسلام آباد مارچ کا حتمی فیصلہ کرتے ہوئے تمام (بقیہ نمبر 15)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جدید سہولیات، ٹیکنالوجی سے مزین موبائل پولیس سٹیشن وین کا باقاعدہ آغاز کر دیا

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جدید سہولیات، ٹیکنالوجی سے مزین موبائل پولیس سٹیشن وین کا باقاعدہ آغاز کردیا' موبائل پولیس سٹیشن وین کا معائنہ، اسکی ورکنگ کا مشاہدہ کیا

شہری یہاں ایف آئی آر کے اندراج کے لیے درخواست، آن لائن ای ٹیگنگ، گمشدگی کی رپورٹ، کریمنل ریکارڈ چیکنگ اور کرایہ داروں کے اندراج سمیت مختلف سہولیات حاصل کرسکیں گے، بریفنگ

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے جدید سہولیات اور ٹیکنالوجی سے مزین موبائل پولیس سٹیشن وین کا باقاعدہ آغاز کردیا، صوبے کے مختلف اضلاع میں مجموعی طور پر 33 موبائل پولیس سٹیشن فنکشنل ہوں گے، جن میں سے 6 خواتین سے متعلق امور کے لیے مخصوص کیے گئے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے موبائل پولیس سٹیشن وین کا معائنہ کیا اور اس کی ورکنگ کا مشاہدہ کیا، انہوں نے وین میں موجود عملے سے بات چیت کی اور سینئر سٹیشن اسسٹنٹ اور خاتون پبلک گائیڈ سے طریقہ کار کے بارے میں دریافت کیا، اس موقع پر سیکرٹری ہوم احمد (بقیہ نمبر 16)

بھارتی فورسز نے بڈگام میں ایک نوجوان کو جعلی مقابلے میں شہید کر دیا

فوجی نوجوانوں کو گھروں اور جیلوں سے اٹھا کر ماورائے عدالت قتل کر دیتے ہیں، مقامی افراد

سری نگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فورسز نے اپنی ریاستی دہشت گردی کی ایک تازہ وکارروائی میں ضلع بڈگام میں ایک (بقیہ نمبر 17)

ڈیزاسٹر مینجمنٹ ہفتہ یکم تا 7 اکتوبر، 18 اکتوبر کو شہدائے زلزلہ کی برسی پر خصوصی تقریبات کا اعلان

مظفر آباد (این این آئی) ڈیزاسٹر مینجمنٹ ہفتہ یکم تا 7 اکتوبر، 18 اکتوبر کو شہدائے زلزلہ کی برسی پر خصوصی تقریبات کا اعلان، مظفر (بقیہ نمبر 18)

روس میں کروز میزائل لے جانے والا فوجی بمبار طیارہ گر کر تباہ ہوگیا، 6 ہلاک

حادثے کے وقت طیارے میں کوئی گولہ بارود یا جنگی ہتھیار موجود نہیں، وجہ فوری طور پر سامنے نہیں آ سکی، حکام

روسی حکام نے حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات شروع کر دی ہیں

ماسکو (این این آئی) روس کے مشرقی علاقے آمور میں فوجی طیارہ پرواز کے چند ہی منٹ بعد حادثے کا شکار ہوگیا جس کے (بقیہ نمبر 19)

افغانوں کے منسوخ کارڈ بحالی کیلیے 12 کروڑ لینے والا اسسٹنٹ ڈائریکٹر نادرا گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) افغانوں کے منسوخ شناختی کارڈ بحال کرنے کیلئے 12 کروڑ لینے والا اسسٹنٹ ڈائریکٹر (بقیہ نمبر 21)

ایران کی صورتحال بہت خراب ہے، نہیں معلوم وہ ابھی ہتھیار ڈالے یا نہیں، ٹرمپ

ہمیں مصنوعی ذہانت کے میدان میں نمایاں برتری حاصل ہے اور ہم اسے برقرار رکھنا چاہتے ہیں، امریکی صدر

تہران (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کی صورتحال بہت خراب ہے، نہیں معلوم کہ وہ ابھی ہتھیار ڈالنے والے ہیں یا نہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادار (بقیہ نمبر 22)

حماس کے بیرونِ ملک مقیم رہنما بھی نشانے پر ہیں، چین سے جینے نہیں دیں گے، اسرائیل

بیرون ملک حماس رہنماؤں کو موت ان کے آرام دہ بستروں پر نہیں آئے گی، اسرائیلی وزیر دفاع

جنگ بندی اور پیس بورڈ کے قیام کے باجود اسرائیل نے جارحانہ کارروائی جاری رکھی ہوئی ہیں

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل نے حماس کے بیرون ملک مقیم رہنماؤں کو ایک بار پھر قتل کرنے کی کھلی دھمکی دی ہے۔ اسرائیلی میڈیا پر جاری اپنے ویڈیو بیان میں اسرائیلی وزیر دفاع عزرائیل کاٹز نے دھمکی آمیز لہجے میں کہا کہ حماس کے بیرونِ ملک موجود رہنما (بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد: ایس سی او (SCO) کونسل آف نیشنل کوآرڈینیٹرز کے وفد نے این ڈی ایم اے (NDMA) ہیڈکوارٹرز میں واقع نیشنل ایمرجنسیز آپریشن سینٹر (NEOC) کا دورہ

جائیدادوں سے متعلق خصوصی عدالتوں میں ای فائلنگ رولز 2026 جاری

خصوصی عدالتوں میں مقدمات کی آن لائن فائلنگ، ویڈیو لنک سماعت، الیکٹرانک نوٹس اور ڈیجیٹل ریکارڈ کی سہولت متعارف

نئے قواعد کے تحت اوورسیز پاکستانیوں کی جائیدادوں سے متعلق خصوصی عدالتوں میں مقدمات کی الیکٹرانک فائلنگ، سماعت، عدالتی ریکارڈ اور دیگر کارروائیوں کو ڈیجیٹل نظام کے تحت لایا جائیگا

لاہور (کورٹ رپورٹر) اوورسیز پاکستانیوں کے لیے اہم پیش رفت، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ عالیہ نیلم کی جانب سے اوورسیز پاکستانیوں کی جائیدادوں سے متعلق خصوصی عدالتوں کے لیے ای فائلنگ اینڈ پروسیجر رولز 2026ء جاری کردیئے گئے۔ رجسٹرار لاہور ہائیکورٹ کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق نئے قواعد پنجاب (بقیہ نمبر 23)

عظمیٰ بخاری

پنجاب میں 40 پرائمری سٹروک سینٹرز مکمل فعال، 336 مریضوں کی جانیں بچا لی گئیں

تمام سٹروک سینٹر میں فالج زدہ مریضوں کے لیے 710 ٹی این کے انجیکشن دستیاب ہیں، اب فالج کے کسی متاثرہ مریض کو علاج کے لیے بڑے شہروں کا رخ نہیں کرنا پڑے گا

مریم نواز پنجاب کے شہریوں کو ان کی دہلیز پر علاج معالجے کی بہترین سہولیات مہیا کر رہی ہیں، پنجاب صحت کے شعبے میں انقلابی اقدامات کر رہا ہے، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کینسر کے مرض کے علاج کے ساتھ سٹروک کے علاج معالجے کے لیے فیصلہ کن اقدامات کر رہی ہیں، پنجاب میں پہلی مرتبہ صوبے بھر میں سٹروک سینٹر قائم کیے جا رہے ہیں، مریم نواز کے بروقت اقدامات کی وجہ سے فالج زدہ 336 مریضوں کی جانیں بچائی گئی ہیں۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ پنجاب میں 40 پرائمری سٹروک سینٹر مکمل طور پر فنکشنل ہو چکے ہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے 17 سٹروک سینٹر مزید دسمبر تک فعال کرنے کی ڈیڈ لائن مقرر کر دی ہے، تمام سٹروک سینٹر میں فالج زدہ مریضوں کے لیے 710 ٹی این کے انجیکشن دستیاب ہیں، اب فالج کے کسی متاثرہ مریض کو علاج کے لیے بڑے شہروں کا رخ (بقیہ نمبر 33)

مکہ دفاعی معاہدے میں اہم پیش رفت، سیکرٹریٹ کے قیام کا فیصلہ

سمندری راستوں کے تحفظ، علاقائی سلامتی اور دفاعی تعاون سے متعلق امور کو اہمیت دی گئی

ریاض (این این آئی) سعودی ولی عہد اور وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان کی زیر صدارت کابینہ کے اجلاس میں مکہ دفاعی مشترکہ معاہدے کے سیکرٹریٹ کے قیام اور (بقیہ نمبر 24)

امرتسر، امریکی سفیر کے دورہ گولڈن ٹیمپل کے دوران خالصتان کے حق میں نعرے

امرتسر (این این آئی) بھارت میں تعینات امریکی سفیر سرجیو گور کے دورہ گولڈن ٹیمپل کے دوران پنجاب کے شہر امر (بقیہ نمبر 26)

کٹھوعہ میں آپس کی فائرنگ کے واقعے میں دو افسروں سمیت بھارتی فورسز کے چار اہلکار ہلاک

جموں (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و (بقیہ نمبر 25)

سردار یاسر منشاء کو پلندری سے مسلم لیگ (ن) کا ٹکٹ دیا جائے، شرافت علی خلجی کا نواز شریف شہباز شریف اور مریم نواز سے مطالبہ

مظفر آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ آزاد جموں و (بقیہ نمبر 27)

اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل نمائندے سفیر عاصم افتخار احمد نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتیرس سے مصافحہ کررہے ہیں

وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان اجلاس کی زیرِ صدارت کررہے ہیں

مقبوضہ کشمیر، کشمیری نوجوانوں کا جعلی مقابلوں میں قتل بھارتی فورسز کا روز کا معمول

بھارتی فوج کی ڈرامہ بازی، جعلی مقابلے میں ''موسیٰ'' نام کے جوان کا بار بار قتل

انسانی حقوق کے عالمی اداروں نے بارہا بھارت کے ان مذموم ہتھکنڈوں کو بے نقاب کیا ہے

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فورسز کی طرف سے عام شہریوں کو عسکریت پسند قرار دے دیکر جعلی مقابلوں میں ماورائے عدالت انکا قتل روز کا معمول ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق آج یوسمرگ کوراگ میں بھارتی فورسز نے ایک نوجوان کو شہید کیا جبکہ اسی علاقے میں 5 ستمبر کو یاسر نامی نوجوان کو جعلی مقابلے میں شہید کیا گیا تھا۔ بھارتی حکام نے آج شہید ہونے والے نوجوان کی شناخت سلیمان شاہ کے نام سے کی ہے جب کہ بعض حکام نے شہید ہونیوالے کا نام ہاشم موسی عرف آصف موسی بتایا ہے۔ یہاں یہ بات انتہائی دلچسپ اور قابل غور ہے کہ 25-24 اپریل کو، جموں وکشمیر پولیس نے (بقیہ نمبر 30)

''ڈی ایف پی'' کی پارٹی سربراہ شبیر احمد شاہ کی دوبارہ تہاڑ جیل دلی منتقلی کی مذمت

شبیر احمد شاہ کی دوبارہ دلی منتقلی کا اقدام ایک ایسے معمر اور علیل سیاسی قیدی کے ساتھ سنگین ناانصافی ہے

مسلسل منتقلی کا نوٹس لیتے ہوئے ان کے بنیادی انسانی اور قانونی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی (ڈی ایف پی) نے پارٹی سربراہ شبیر احمد شاہ کی جموں خطے کی کوٹ بھلوال جیل سے دوبارہ تہاڑ جیل دہلی منتقلی کی شدید مذمت کی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق ڈیموکر (بقیہ نمبر 31)

فائر سیفٹی آڈٹ کا فیصلہ، نجی اداروں سمیت سکولز، ہسپتالوں، ہوٹلز اور پٹرول پمپس کی چیکنگ ہوگی

مظفر آباد (این این آئی) فائر سیفٹی آڈٹ کا فیصلہ، نجی اداروں سمیت سکولز، ہسپتالوں، ہوٹلز اور پٹرول پمپس کی چیکنگ (بقیہ نمبر 32)

''تنازعہ کشمیر سے متعلق موقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے''، امریکہ کی پاکستان کو یقین دہانی

اسلام آباد نے واشنگٹن سے وضاحت طلب کی تھی کہ آیا بھارت میں امریکی سفیر کے بیانات کسی پالیسی تبدیلی کا اشارہ ہیں

پرامن حل علاقائی اور وسیع تر بین الاقوامی امن واستحکام کے لیے ناگزیر ہے

واشنگٹن (این این آئی) مریکہ نے پاکستان کو یقین دلایا ہے کہ کشمیر تنازعہ پر اس کے موقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے اور واشنگٹن بدستور جموں وکشمیر کو ایک متنازعہ علاقہ سمجھتا ہے جس کے حل کے لیے پاکستان اور بھارت کے درمیان سمجھوتے کی ضرورت ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق یہ یقین دہانی بھارت میں تعینات امریکی سفیر سرجیو گور کے 19 اگست کو سری نگر کے دورے کے دوران کشمیر سے متعلق متنازعہ بیانات کے بعد کرائی گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق، ا (بقیہ نمبر 29)

HBL مائیکروفنانس بینک کے نمائندوں کو دکھایا گیا ہے جب وہ پاکستان کا پہلا PayPal کریڈٹ کارڈ لانچ کرنے کے معاہدے پر دستخط کر رہے ہیں 1LINK اور Euronet

مجھ پر شک کیا جا رہا ہے کہ میں بک گیا ہوں، شوکت یوسفزئی انٹرویو میں پڑے

مجھے کس چیز کا ڈر اور خوف نہیں، 26 نومبر کے احتجاج کے دوران بھی میں نے اس قسم کے خدشات کا اظہار کیا تھا، گفتگو

میں نے سہیل آفریدی کا دفاع کیا وہ دہشت گردوں کے سہولت کار نہیں، انہوں نے جب 4 اکتوبر کو مارچ کا اعلان کیا تھا، تو میں نے کہا کہ سب سے پہلے میں ہوں گا

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریکِ انصاف کے سیکرٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ مجھ پر شک کیا جا رہا ہے کہ میں بک گیا ہوں۔ پی ٹی آئی رہنما شوکت یوسفزئی نے ایک انٹرویو میں وزیر اعلیٰ خیبر پختون خوا سہیل آفریدی کے بیان پر ردِعمل کا اظہار کیا اور اپنے اوپر لگنے والے الزامات پر بات کرتے ہوئے آبدیدہ ہو گئے۔ انہوں نے کہا کہ سینئر ممبر ہونے کے ناتے میں نے خدشے کا اظہار کیا تھا کہ میں اصول کی بات کرتا ہوں، مجھے کس چیز کا ڈر اور خوف نہیں، 26 نومبر کے احتجاج کے دوران بھی میں نے اس قسم کے خدشات کا اظہار کیا تھا۔ رہنما پی ٹی آئی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کے پی نے میرے خط سے متعلق جو کہا اس پر مجھے برا لگا، مجھے سہیل آفریدی سے اس بات کی توقع نہیں تھی۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ میں نے سہیل آفریدی کا دفاع کیا وہ دہشت گردوں کے سہولت کار نہیں، انہوں نے جب 4 اکتوبر کو مارچ کا اعلان کیا تھا، تو میں نے کہا کہ سب سے پہلے میں ہوں گا۔ انہوں نے کہا کہ میرے خلاف سوشل میڈیا پر جو زبان استعمال ہوئی اس پر مجھے افسوس ہے، سوشل میڈیا (بقیہ نمبر 28)

Shehar Shehar Nagar Nagar

شہر شہر، نگر نگر

ننکانہ صاحب کی مرکزی جامع مسجد غوثیہ سراجیہ المعروف انڈا تالاب میں ننکانہ صاحب کے مشہور و معروف ثناء خواں حافظ وقاری محمد آصف جمال کی زیر نگرانی محفل جشن غوث الوریٰ کا انعقاد کیا

ننکانہ صاحب کی مرکزی جامع مسجد غوثیہ سراجیہ المعروف انڈا تالاب میں ننکانہ صاحب کے مشہور و معروف ثناء خواں حافظ وقاری محمد آصف جمال کی زیر نگرانی محفل جشن غوث الوریٰ کا انعقاد کیا

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) ننکانہ صاحب کی مرکزی جامع مسجد غوثیہ سراجیہ المعروف انڈا تالاب میں ننکانہ صاحب کے مشہور و معروف ثناء خواں حافظ وقاری محمد آصف جمال کی زیر نگرانی محفل جشن غوث الوریٰ کا انعقاد کیا تفصیلات کے مطابق محفل پاک پیر سید اشرف حسین شاہ اور پیر میاں حافظ عمران علی نوشاہی صاحب والا شریف کی زیر صدارت جبکہ نقابت کے فرائض اشفاق زائر قادری نے ادا کیے اس موقع پر الحاج چوہدری جمال دین۔ صدر مسجد ہذا ڈاکٹر شاہد علی۔ فنانس سیکرٹری محمد افتخار بٹ۔ مہر محمد اسلم ناصر۔ علامہ قاری محمد حسین صدیقی۔ چوہدری محمد یاسین۔ صاحبزادہ منیر احمد اعوان۔ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 6)

پتوکی کا نواحی علاقہ سرائے مغل میں خاتون کی ڈھائی مرلہ جگہ پر مبینہ قبضے کی کوشش کے دوران 12 افراد کی جانب سے مبینہ طور پر اندھا دھند فائرنگ کا واقعہ

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی کا نواحی علاقہ سرائے مغل میں خاتون کی ڈھائی مرلہ جگہ پر مبینہ قبضے کی کوشش کے دوران 12 افراد کی جانب سے مبینہ طور پر اندھا دھند فائرنگ کا واقعہ پیش آیا ہے، فائرنگ کی زد میں آ کر گلی سے گزرنے والا 8 سالہ بچہ زخمی ہوگیا، جبکہ خواتین، مستری اور مزدور بھی مبینہ تشدد کا نشانہ بنے۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کر دی ہے تفصیلات کے مطابق سرائے مغل کے علاقے میں خاتون کی ڈھائی مرلہ جگہ پر قبضے کی مبینہ کوشش کے دوران 12 افراد کی جانب سے فائرنگ کیے جانے کا مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق ملزمان مبینہ طور پر فائرنگ کرتے ہوئے موقع پر پہنچے اور جگہ کی دیواریں گرانا شروع کر دیں۔ واقعے کی فوٹیج بھی پولیس کو موصول ہونے کا مقدمے میں ذکر کیا گیا ہے۔ مقدمہ کے مطابق اسی دوران گلی سے گزرنے والا 8 سالہ بچہ مبینہ فائرنگ کی زد میں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 7)

بلال لطیف چوہان ایڈووکیٹ کی سالگرہ، سٹی پریس کلب کے عہدیداران و صحافتی برادری کی بھرپور شرکت

ڈھلیانہ (سردار محمد اشفاق) بلال لطیف چوہان ایڈووکیٹ کی سالگرہ، سٹی پریس کلب کے عہدیداران و صحافتی برادری کی بھرپور شرکت۔ حجرہ شاہ مقیم تفصیلات کے مطابق سینئر اینکر پرسن سٹی پریس کلب (رجسٹرڈ) حجرہ پریس کلب کے چیئرمین سردار محمد اشفاق عاشق کی جانب سے بلال لطیف چوہان ایڈووکیٹ کے لیے 10 پونڈ وزنی خوبصورت سالگرہ کا کیک لایا گیا، جبکہ سٹی پریس کلب کے صدر شیخ یاسر علی جاوید نے خصوصی شرکت کی۔

شاہ مقیم بلال لطیف چوہان ایڈووکیٹ کی سالگرہ کے موقع پر لاہوری ہوٹل میں ایک پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا، جس میں سٹی پریس کلب کے عہدیداران، صحافیوں اور شعبہ ؟ صحافت سے وابستہ دیگر دوستوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کے موقع پر سٹی اس موقع پر شرکاء نے بلال لطیف چوہان ایڈووکیٹ کو سالگرہ کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا تقریب کے اختتام پر صدر سٹی پریس کلب شیخ یاسر علی جاوید کی جانب سے تمام شرکاء کے اعزاز میں پرتکلف (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 8)

انچارج ٹریفک پولیس فضل عباس چوہان کی جانب سے ایل پی جی سلنڈر نصب کرنے والی گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن شروع

چیچہ وطنی۔ (کرائم رپورٹر عمران ندیم شاہ) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق محفوظ پنجاب کے تحت ڈی آئی جی ٹریفک پولیس پنجاب وقاص نذیر کی ہدایات کی روشنی میں اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ساہیوال عثمان ٹیپو کی ہدایت پر اور ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر ساہیوال مرزا تنویر بیگ کی زیر نگرانی انچارج ٹریفک پولیس فضل عباس چوہان کی جانب سے ایل پی جی سلنڈر نصب کرنے والی گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کر دیا ہے حالیہ کارروائی کے دوران متعدد گاڑیوں سے غیر محفوظ ایل پی جی سلنڈر اتارے گئے جبکہ خلاف کرنے والی متعدد گاڑیوں کو بند کر دیا گیا ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر بلا تفریق کارروائیاں جاری رہیں گی ڈسٹرکٹ ٹریفک پولیس ساہیوال کی جانب سے شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور محفوظ سفری ماحول کے قیام کیلئے ٹریفک قوانین پر بلا امتیاز عمل درآمد یقینی بنایا جا رہا ہے۔

لاغر اور بیمار جانوروں کے کاروبار کی خبر کیوں لگوائی، شفیق گیس والا، حامد قصائی اور تین کس نامعلوم کا اس رنج کی بناء پر مقامی صحافی اللہ دتہ انصاری پر دھاوا، حوروں اور تھپڑوں سے تشدد

عارفوالا (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق 17 ای بی عارفوالا کا رہائشی اللہ دتہ انصاری پر بیمار، لاغر اور مردار جانوروں کی سپلائی کرنے والے شفیق و دیگر ساتھیوں نے جان لیوا حملہ کر دیا مقامی صحافی کی موبائل شاپ پر جا کر یہ حملہ کیا گیا ملزمان شفیق وغیرہ نے یہ الزام لگایا کہ تم نے ہمارے مردہ، لاغر اور بیمار جانوروں کے کاروبار کرنے کی خبر نشر کروائی ہے ہم تمہیں اس کا مزہ چکھاتے ہیں اور یہ کہتے ہوئے حملہ آور ہو گئے اور خوب تشدد کا نشانہ بنایا صحافی کو اس کی شاپ پر جا کر تشدد کا نشانہ بنانے پر صحافیوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی صحافتی تنظیموں کی جانب سے ڈی پی او پاکپتن سے ملزمان کے خلاف تادیبی کارروائی کرتے ہوئے فوراً گرفتاری کا مطالبہ سامنے آیا ہے۔

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایت پر ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر وسیم جاوید نے پیپلز کالونی پارک کی بحالی کے کاموں کا جائزہ

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایت پر ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر وسیم جاوید نے پیپلز کالونی پارک کی واکنگ ٹریکس اور لائٹنگ سمیت بیوٹیفکیشن کا تمام کام جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ شہریوں کو تفریح کی بہترین اور سرسبز سہولیات میسر آ سکیں۔ انہوں

بحالی کے کاموں کا جائزہ، انہوں نے پارک میں جاری بحالی، بیوٹیفکیشن اور پلانٹیشن (شجرکاری) کے ترقیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر وسیم جاوید نے ہارٹیکلچر حکام کو ہدایت کی کہ پارک میں پودے اور گھاس لگانے، نے کہا کہ شہر بھر کہ مختلف اہم مقامات پر پارکس کی بحالی اور خوبصورتی کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے جس کے تحت ضلعی انتظامیہ اور ہارٹیکلچر ایجنسی استوار بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بہت (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 23)

کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل کی ہدایت پر ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر نے زیر تعمیر فروٹ و سبزی منڈی کا دورہ کیا

ساہیوال (ڈسٹرکٹ رپورٹر) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی ہدایت پر ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر نے زیر تعمیر کام اور منصوبے پر پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تعمیراتی

فروٹ و سبزی منڈی کا دورہ کیا۔ اس موقع پر مارکیٹ کمیٹی آفیسر عبدالخالق ناصر نے جاری تعمیراتی کام کی رفتار مزید تیز کی جائے، خصوصاً بجلی کی فراہمی سے متعلق کام کو ترجیحی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 21)

تھانہ صدر سیالکوٹ کے علاقہ چک سادہ میں خاتون کی پراسرار ہلاکت ڈی پی او سیالکوٹ کا نوٹس

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) پولیس کو 15 پر اطلاع موصول ہوئی کہ تھانہ صدر کے علاقہ چک سادہ میں کھیتوں سے ایک خاتون کی لعش ملی ہے متوفیہ کی شناخت 55 سالہ رخسانہ بی بی زوجہ محمد اقبال کے نام سے ہوئی جو گزشتہ رات لاپتہ تھیں اطلاع ملتے ہی ڈی ایس پی صدر سرکل رانا ندیم طارق ایس ایچ او تھانہ صدر ہومیسائیڈ اور کرائم سین انویسٹی گیشن ٹیمیں بھاری نفری کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئیں جائے وقوعہ کا تفصیلی معائنہ کیا گیا شواہد اکٹھے کرنے کے لیے پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی کی ٹیم کو طلب کر لیا گیا ہے لعش کو پوسٹ مارٹم کے لیے سول ہسپتال منتقل کر دیا گیا اصل وجہ موت پوسٹ مارٹم رپورٹ آنے کے بعد معلوم ہو سکے گی ڈی پی او سیالکوٹ نے واقعہ کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ایس پی انویسٹی گیشن کو تمام پہلوؤں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 1)

عدالت نے تھانہ گکھڑ میں درج بدفعلی کے مقدمہ کا فیصلہ سناتے ہوئے جرم ثابت ہونے پر ملزم کو عمر قید اور ایک لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنادی

وزیرآباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) عدالت نے تھانہ گکھڑ میں درج بدفعلی کے مقدمہ کا فیصلہ سناتے ہوئے جرم ثابت ہونے پر ملزم کو عمر قید اور ایک لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنادی، عدم ادائیگی پر مزید چھ ماہ قید جبکہ متاثرہ بچے کو 50 ہزار روپے دینے کا بھی حکم جاری کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل سیشن جج وزیرآباد محمد ظفر اقبال سیال نے تھانہ گکھڑ میں درج مقدمہ نمبر 326/25 بجرم دفعہ 376 کا فیصلہ سنایا۔ مقدمہ میں ملزم عثمان اکرم پر 16 سالہ لڑکے کے ساتھ بدفعلی کا الزام عائد کیا گیا تھا۔ عدالت میں استغاثہ کی جانب سے پیش کیے گئے دلائل، گواہان کے بیانات اور دیگر شواہد کی روشنی میں جرم ثابت ہونے پر فاضل عدالت نے ملزم عثمان اکرم کو عمر قید اور ایک لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی۔ عدالت نے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 2)

تھانہ صدر سیالکوٹ کے علاقہ چک سادہ میں 55 سالہ خاتون کی پراسرار ہلاکت

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تھانہ صدر سیالکوٹ کے علاقہ چک سادہ میں 55 سالہ خاتون کی پراسرار ہلاکت، تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر سیالکوٹ کے علاقہ چک سادہ میں کھیتوں سے ایک خاتون کی لاش ملی ہے۔ متوفیہ کی شناخت 55 سالہ رخسانہ بی بی زوجہ محمد اقبال کے نام سے ہوئی جو گزشتہ رات سے لاپتہ تھیں۔ اطلاع ملتے ہی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 5)

بجلی چوری کرنے والے دو افراد پکڑے گئے

کاموکے (تحصیل رپورٹر) بجلی چوری کرنے والے دو افراد پکڑے گئے۔ گذشتہ روز صدر پولیس نے گیپکو کے ایس ڈی او محمد رمضان کی درخواستوں پر میٹر ٹیمپر کر کے بجلی چوری کرنے والے منڈیالہ تیگہ کے محمد عرفان اور سادھوکی کے ساجد محمود (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 4)

گیپکو ملازمین پر تشدد کرنے والے دو بھائیوں کیخلاف مقدمہ درج

کاموکے (تحصیل رپورٹر) گیپکو ملازمین پر تشدد کرنے والے دو بھائیوں کیخلاف مقدمہ درج۔ بتایا گیا ہے کہ گذشتہ روز گیپکو سب ڈویژن نمبر 3 کے ملازمین تحسن رضا اور محمد حسن نے بل کی عدم ادائیگی پر موضع لالوپور کے ایوب کا میٹر اُتار لیا جس کی وجہ سے ایوب اور اُسکے بھائی محمد کرامت نے واپڈا ملازمین کو تشدد کا نشانہ بنادیا۔ ایمن آباد پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

اوباش نوجوان ساتھیوں کی مدد سے دوشیزہ کو اغواء کر کے لے گئے

کاموکے (تحصیل رپورٹر) اوباش نوجوان ساتھیوں کی مدد سے دوشیزہ کو اغواء کر کے لے گئے۔ گذشتہ روز سلامت پورہ کی بیس سالہ (اے) بی بی کو ورغلا پھسلا کر موسیٰ نامی نوجوان اپنے دو نامعلوم ساتھیوں کی مدد سے اغواء کر کے لے گیا۔ سٹی پولیس نے مغویہ کے بھائی کی مدعیت میں مقدمہ درج کرلیا ہے۔

وائرلیس آپریٹر مظہر قیوم سروس مکمل ہونے پر ریٹائر ہوگئے

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) وائرلیس آپریٹر مظہر قیوم سروس مکمل ہونے پر ریٹائر ہوگئے۔ ڈی پی او آفس میں ان کے اعزاز میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف، ایس پی انوسٹی گیشن و دیگر افسران اور دفتری عملہ نے شرکت کی۔ ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف و دیگر پولیس افسران نے کانسٹیبل مظہر قیوم کی محکمہ پولیس کیلئے خدمات (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 9)

ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کا پولیس لائن گجرات کا دورہ، مختلف برانچوں اور شعبہ جات کی انسپیکشن

لالہ موسیٰ (محمد شہزاد دلبر) ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کا پولیس لائن گجرات کا دورہ، مختلف برانچوں اور شعبہ جات کی انسپیکشن تفصیلات کے مطابق ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے پولیس لائنز گجرات کا دورہ کیا اور مختلف برانچز وشعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع نے پولیس لائنز میں مختلف برانچز، دفاتر اور دیگر شعبہ جات کا معائنہ کرتے ہوئے انتظامی امور، صفائی ستھرائی، نظم و ضبط اور پولیس جوانوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ دوران وزٹ ڈی پی او گجرات نے ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر محمد اختر محمود کو پولیس لائنز میں

پر اے ایس پی نجیب اللہ خان تنکیال، ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر محمد اختر محمود، ا؟ر؟ا؟ئی انسپکٹر سلیم رضا اور دیگر پولیس افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈی پی او گجرات نظم وضبط اور صفائی ستھرائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ پولیس لائنز میں تعینات افسران و جوانوں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 3)

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے ایکسین ہائی ویز محمد احمد، ایم او آئی نعمان زاہد اور دیگر متعلقہ افسران کے ہمراہ فیصل آباد روڈ کا دورہ کیا

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے ایکسین ہائی ویز محمد احمد، ایم او آئی نعمان زاہد اور دیگر متعلقہ افسران کے ہمراہ فیصل آباد روڈ کا دورہ کیا اور ختم نبوت چوک سے نادرا آفس تک جاری بیوٹیفکیشن، گرین بیلٹ کی بہتری و بحالی اور پودے و گھاس لگانے کے کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے مختلف مقامات پر جاری ترقیاتی و تزئین و آرائش کے کاموں کا معائنہ کرتے ہوئے متعلقہ افسران سے پیش رفت بارے بریفنگ لی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ گرین بیلٹ کی بحالی اور شجرکاری کے تمام کام مکمل ایس او پیز کے مطابق کیے جائیں، پودوں کی مناسب نگہداشت اور حفاظت کو بھی یقینی بنایا جائے۔ انہوں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 11)

محنت کش نوجوان کے ساتھ مبینہ ڈکیتی کی واردات۔ تین کس نامعلوم مبینہ ڈاکو ہاتھ پاؤں باندھ کر کھیتوں میں پھینک کر فرار

منڈی احمد آباد (نامہ نگار) محنت کش نوجوان کے ساتھ مبینہ ڈکیتی کی واردات۔ تین کس نامعلوم مبینہ ڈاکو ہاتھ پاؤں باندھ کر کھیتوں میں پھینک کر فرار ہوگئے تفصیل کے مطابق آبادی ہسپتال کلھر کلاں کے رہائشی ناصر علی ولد اللہ دتہ قوم میں رات کو شہر کی طرف آ رہا تھا کہ کلھر کلاں روڈ راجباہ کے قریب تین کس نامعلوم افراد نے روک لیا اور کھیتوں میں لے جا کر جامہ تلاشی لی ناصر کی جیب سے 4500 روپے نقد اور بٹنوں والا موبائل فون نکال لیا اور تشدد بھی کیا ڈاکو ناصر کے ہاتھ پاؤں باندھ کر کھیتوں میں پھینک گئے اور جاتے ہوئے بٹنوں والا موبائل قریب پھینک دیا ہاتھ پاؤں بندھے ہونے کے باوجود ناصر نے موبائل کا لاک بھی کھول دیا اور اپنے دوست محمد آصف کا نمبر ملا کر اپنے ساتھ آنے والے وقوعہ کی اطلاع دی محمد آصف دو تین ساتھیوں کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے اور امجد نے 15 نمبر پر کال کر دی بعد ازاں انچارج انویسٹی گیشن ملک شفیق موقع پر پہنچ گئے اور ناصر کو ہسپتال لے گئے ڈاکٹر کے مطابق تشدد نہیں کیا گیا انچارج انویسٹی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 10)

اہم ٹیلی فون نمبرز	
ریسکیو ایمبولینس	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایدھی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	99212111
موٹروے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے	
ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز	
وزیراعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213103
پولیس شکایات	99202881
واپڈا شکایات سنٹر	111-000-118
سوئی گیس شکایات سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک	
سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگارام ہسپتال	99200572-9
یو سی ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بنک	35863950
ایدھی/بلڈ بنک	35417440

پرتگال کے سفیر پالومیگل ڈومینگوز (DominguesMiguel Paulo) ودیر کا گروپ فوٹو

پرتگال کے سفیر پالومیگل ڈومینگوز (DominguesMiguePaulo) نے پرتگال ایمبیسی کے وفد کے ہمراہ مسلم ہینڈز ایجوکیشنل کمپلیکس وزیرآباد کا دورہ کیا

وزیرآباد: (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) پرتگال کے سفیر پالومیگل ڈومینگوز (Domingues MiguelPaulo) نے پرتگال ایمبیسی کے وفد کے ہمراہ مسلم ہینڈز ایجوکیشنل کمپلیکس وزیرآباد کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مسلم ہینڈز انٹرنیشنل کے زیر اہتمام جاری تعلیمی، فنی اور کھیلوں کی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر ان کے ہمراہ ریکارڈو ریمس (Ricardo .PortoFCDirRamos) ڈیوڈ توماس پرتگال (PortugalTomasDevid) حسن مسعود خواجہ ڈائریکٹر فارورڈ اسپورٹس بھی موجود تھے پرتگالی وفد کو مسلم ہینڈز کی جانب سے سید ضیاء النور شاہ کنٹری ڈائریکٹر مسلم ہینڈز، (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 12)

موجودہ ملکی اور عالمی حالات غیر معمولی سیاسی، معاشی اور سفارتی بصیرت کا تقاضا کرتے ہیں، پرویز اختر عباسی

ہارون آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما پرویز اختر عباسی نے کہا ہے کہ موجودہ ملکی اور عالمی حالات غیر معمولی سیاسی، معاشی اور سفارتی بصیرت کا تقاضا کرتے ہیں۔ ایک طرف ملک کو مہنگائی، بے روزگاری، توانائی کے مسائل اور عام آدمی کی مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ دوسری جانب مشرقِ وسطیٰ میں جاری کشیدگی نے عالمی توانائی منڈی کو متاثر کیا ہے، جس کے اثرات پاکستان جیسے درآمدی توانائی پر انحصار کرنے والے ملک پر بھی پڑ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے نازک حالات میں ملک کسی نئے سیاسی محاذ آرائی، انتشار یا تصادم کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ سیاسی اختلاف جمہوریت کا حصہ ہے، تاہم اختلافات کا حل سڑکوں کی کشیدگی، طاقت کے استعمال یا باہمی محاذ آرائی کے بجائے مذاکرات، پارلیمانی عمل، آئینی اداروں اور جمہوری مکالمے کے ذریعے تلاش کیا جانا (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 13)

اوکاڑہ ستھرا پنجاب ایجنسی کی جانب سے تحصیل بھر میں صفائی ستھرائی کا بھرپور آپریشن جاری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن ستھرا پنجاب کے تحت ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ مینیجر علی رضا کی زیر قیادت کی صفائی کے ساتھ ساتھ کوڑا کرکٹ کی بروقت منتقلی، نالیوں کی صفائی اور دیگر صفائی اقدامات تسلسل کے ساتھ جاری رکھے جا رہے ہیں صفائی عملہ مختلف شفٹوں میں فرائض سرانجام دیتے ہوئے مختلف علاقوں میں مینول

جبکہ سارکو پروجیکٹ مینیجر محمد رضوان ظفر کی زیر نگرانی ستھرا پنجاب ایجنسی کی جانب سے تحصیل بھر کے تمام علاقوں میں صفائی ستھرائی کا بھرپور آپریشن جاری ہے جس کے تحت گلیوں، بازاروں، سڑکوں، چوکوں اور اہم شاہراہوں سویپنگ، کوڑا اٹھانے اور مقررہ مقامات تک منتقل کرنے کے علاوہ سڑکوں اور چوکوں کی مکینیکل واشنگ میں بھی مصروف عمل ہے صفائی آپریشن کے دوران شہری و دیہی علاقوں سمیت تجارتی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 14)

کتا مار مہم پر لاکھوں روپے کے اخراجات کے باوجود آوارہ کتوں کے غول بدستور دندناتے پھرنے لگے

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) ساہیوال کے گردونواح خصوصاً دیہی علاقوں میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد نے شہریوں کے لیے سنگین صورتحال پیدا کر دی۔ گلیوں، محلوں، کھیتوں کی پگڈنڈیوں اور دیہات کی رابطہ سڑکوں پر آوارہ کتوں کے غول دن رات آزادانہ گھومتے نظر آنے لگے ہیں، جس کے باعث شہریوں میں خوف و ہراس پایا جاتا ہے مقامی شہریوں کے مطابق متعدد علاقوں میں آوارہ کتوں کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے جبکہ بچوں، خواتین، بزرگوں اور موٹر سائیکل سواروں کو ان کے حملوں کا ہر وقت خدشہ رہتا ہے۔ والدین نے بچوں کو اکیلے سکول بھیجنے اور کھیلنے کے لیے باہر جانے سے روکنا شروع کر دیا ہے، جبکہ صبح سویرے اور رات کے اوقات میں شہریوں کو خصوصی احتیاط کرنا پڑ رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق آوارہ کتوں کی تلفی کے لیے مختلف اوقات میں کتا مار مہمات پر سرکاری وسائل اور لاکھوں روپے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 15)

سوسائٹی فار پریونشن اینڈ کیئر آف بلائنڈز کراچی کے تعاون سے تین روزہ مفت آئی کیمپ یکم سے 3 اکتوبر 2026 تک منعقد کیا جائے گا

بہاولنگر (بیورو رپورٹ) بہاولنگر کے نواحی علاقے چک مدرسہ میں صادق سرجیکل ہسپتال کے زیر اہتمام سوسائٹی فار پریونشن اینڈ کیئر آف بلائنڈز کراچی کے تعاون سے تین روزہ مفت آئی کیمپ یکم سے 3 اکتوبر 2026 تک منعقد کیا جائے گا۔ مفت آئی کیمپ میں مریضوں کا صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک آنکھوں کا معائنہ کیا جائے گا، جبکہ ضرورت مند مریضوں کو مفت آپریشن، مفت ادویات اور مفت لینز کی سہولت بھی فراہم کی جائے گی۔ کیمپ میں تعینات انچارج چوہدری غلام نبی کا کہنا تھا ہر سال (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 16)

اوکاڑہ تھانہ طیب سعید شہید میں قائم مقام ڈی پی او حافظ خضر زمان کی کھلی کچہری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر) اوکاڑہ تھانہ طیب سعید شہید میں قائم مقام ڈی پی او حافظ خضر زمان کی کھلی کچہری، شہریوں کی شکایات پر فوری کچہری کا انعقاد کیا، جس میں مرد و خواتین شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شہریوں نے اپنے مسائل، شکایات اور درخواستیں براہِ راست قائم مقام ڈی پی او

فوری اور مساویانہ رسائی
تھانہ طیب سعید شہید

احکامات تفصیلات کے مطابق قائم مقام ڈی پی او اوکاڑہ حافظ خضر زمان نے تھانہ طیب سعید شہید میں کھلی کے سامنے پیش کیں۔ قائم مقام ڈی پی او حافظ خضر زمان نے شہریوں کی شکایات (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 17)

سموگ کی روک تھام، اسسٹنٹ کمشنر شورکوٹ کا نمبرداران اور کسانوں کے اجلاس سے خطاب

شورکوٹ (نامہ نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت اور ڈپٹی کمشنر جھنگ بابر صاحب دین منعقد ہوا، جس کی صدارت اسسٹنٹ کمشنر شورکوٹ نے کی اجلاس میں سموگ کی روک تھام، شجرکاری، فصلوں کی

کی ہدایت پر گورنمنٹ ہائی سکول شورکوٹ میں سموگ آگاہی مہم کے سلسلہ میں نمبرداران اور کسانوں کا اجلاس باقیات جلانے کی حوصلہ شکنی اور گندم کی بروقت کاشت کے حوالے سے تفصیلی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 18)

گورنمنٹ گرلز ٹیکنیکل ہائی سکول سانگلہ ہل کی عمارت خستہ حال، 6 کمرے خطرناک قرار

سانگلہ ہل (نامہ نگار) گورنمنٹ گرلز ٹیکنیکل سکول سانگلہ ہل کی عمارت خستہ حالی کا شکار ہےجبکہ سکول کے چھ کمروں کو خطرناک قرار دیے جانے کے باوجود تاحال مرمت اور بحالی کا کام نہ ہوسکا 1956ء میں قائم ہونے والے اس قدیم تعلیمی ادارے کی عمارت کی مناسب دیکھ بھال نہ ہونے کے باعث طالبات اور تدریسی عملے کو مشکلات کا سامنا ہیذرائع کے مطابق سکول کے چھ کمرے خطرناک قرار دیے جا چکے ہیں جس کے باعث ان کمروں کا استعمال طالبات کے لیے بند کر دیا گیا ہیاور سکول انتظامیہ نے ان کمروں کو سیل کر دیا ہے کمروں کی عدم دستیابی کے باعث طالبات آسمان تلے تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہیں دوسری جانب طالبات کے لیے قائم کیے گئے اس قدیم سکول کے پلے گراؤنڈ میں گھاس کا ایک تنکا تک موجود نہیں جس سے کھیلوں اور غیر نصابی سرگرمیوں کے لیے مناسب سہولیات کا فقدان بھی نمایاں ہیاہل علاقہ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 25)

اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ عمار انور گل نے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال نوشہرہ کا دورہ کیا

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ سحر) اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ عمار انور گل نے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال نوشہرہ کا دورہ کیا جہاں ان کے ہمراہ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) ٹی ایچ کیو ہسپتال اور ریسکیو 1122 کا عملہ بھی موجود تھا ہسپتال میں فائر سیفٹی اور ایمرجنسی رسپانس کے حوالے سے ایک عملی ڈرل کا انعقاد کیا گیا اس مشق کا بنیادی مقصد کسی بھی ہنگامی صورتحال بالخصوص خدانخواستہ آگ لگنے کی صورت میں بروقت اور مؤثر ردِعمل مریضوں اور عملے کا محفوظ انخلاء اور ریسکیو اقدامات کی تیاری کا جائزہ لینا تھا اس موقع پر ریسکیو 1122 کے اہلکاروں نے فائر سیفٹی، ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے طریقوں اور حفاظتی تدابیر کا عملی مظاہرہ بھی کیا اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ نے ہسپتال انتظامیہ اور ریسکیو 1122 کی اس پیشہ ورانہ کاوش کو سراہا انہوں نے ہدایت کی کہ فائر سیفٹی کے تمام انتظامات، ایمرجنسی ایگزٹس اور دیگر حفاظتی اقدامات کو (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 26)

نوجوان نسل کو منشیات کی لعنت سے محفوظ رکھنے اور طلباء وطالبات میں انسدادِ منشیات کے حوالے سے شعور اجاگر کرنے کے لیے ڈسٹرکٹ پبلک سکول بہاولنگر میں کاؤنٹر نارکوٹکس فورس کے زیر اہتمام تقریری مقابلوں کا انعقاد کے مناظر

ضلعی انتظامیہ کی جانب سے نوجوان نسل میں انسدادِ منشیات کے حوالے سے آگاہی کے لیے مختلف سرگرمیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا، سید محمد عباس شاہ

بہاولنگر (بیورو رپورٹ) نوجوانوں کو منشیات سے دور رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے نوجوان نسل میں انسدادِ منشیات کے حوالے سے آگاہی کے لیے مختلف سرگرمیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ سید محمد عباس شاہ۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر نوجوان نسل کو منشیات کی لعنت سے محفوظ رکھنے اور طلباء وطالبات میں انسدادِ منشیات کے حوالے سے شعور اجاگر کرنے کے لیے ڈسٹرکٹ پبلک سکول بہاولنگر میں کاؤنٹر نارکوٹکس فورس کے زیر اہتمام تقریری (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 19)

پسرور ڈیرہ پر فائرنگ کا افسوسناک واقعہ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) گزشتہ رات فائرنگ کا افسوسناک واقعہ رانا محمد شفیق خان پسروری کے ڈیرہ کے مین گیٹ پر آٹھ فائر کیے گئے تفصیلات کے مطابق سفیر امن ممتاز مذہبی اسکالر ممبر اسلامی نظریاتی کونسل پاکستان ممبر قرآن بورڈ ممبر رویت ہلال کمیٹی پاکستان معروف کالم نگار اور مرکزی نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 22)

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے بادشاہی مسجد چنیوٹ کا دورہ کیا

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے بادشاہی مسجد چنیوٹ کا دورہ کیا اور مسجد کی بہتری، بحالی و تزئین و آرائش کے حوالے سے جاری کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے محکمہ اوقاف کے منیجر سے جاری کاموں اور پیش رفت کے بارے میں بریفنگ بھی لی۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو جاری کاموں میں مزید تیزی لانے اور انہیں مقررہ معیار کے مطابق مکمل کرنے کی ہدایت (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 24)

جامعہ غوثیہ انوار القرآن میں حسنِ قرات، نعت اور تقریری مقابلے

ہڑپہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ہڑپہ اسٹیشن جناح گارڈن ہڑپہ اسٹیشن میں قائم مدرسہ جامعہ غوثیہ انوار القرآن میں بچوں کی دینی تعلیم و تربیت اور علمی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے حسنِ قر؟ت، نعت اور تقریری مقابلوں کا انعقاد کیا گیا، جس میں مدرسے کے کثیر تعداد میں طلبہ نے بھرپور حصہ لیا۔ تقریب میں اہلِ علاقہ کے معززین اور دیگر شخصیات نے بھی شرکت کی مقابلوں کے دوران طلبہ نے حسنِ قر؟ت، نعت خوانی اور تقاریر کے ذریعے اپنی صلاحیتوں کا شاندار مظاہرہ کیا شرکاء اور حاضرین نے بچوں کی کارکردگی کو سراہا۔ مقابلوں کے اختتام پر نمایاں پوزیشنیں حاصل کرنے والے طلبہ میں انعامات بھی تقسیم کیے گئے اس موقع پر جامعہ غوثیہ انوار القرآن کے صدر چوہدری محمد احسن ایاز نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ادارے کے معلمین قاری سلیم احمد سیدی صاحب، مفتی نوید احمد سیدی صاحب اور قاری فہیم احمد سیدی صاحب کو مقابلوں کے کامیاب انعقاد پر مبارکباد پیش کی چوہدری محمد احسن ایاز کا کہنا تھا کہ اس طرح کے علمی و دینی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 20)

وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن "ڈرگ فری پنجاب" کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن "ڈرگ فری پنجاب" کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ایس ایچ او تھانہ رجوعہ سب انسپکٹر مدثر شہباز نے ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے مختلف علاقوں سے چار منشیات فروش ملزمان کو گرفتار کر لیا جن کے قبضہ سے 2160 گرام چرس اور ایک سو لیٹر سے زائد شراب برآمد ہوئی۔ گرفتار ملزمان کیخلاف تھانہ رجوعہ میں منشیات کی دفعات کے مقدمہ درج ہو چکے ہیں اور مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔

وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق لوگوں کے مسائل حل کرنے کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق لوگوں کے مسائل حل کرنے کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف نے ڈی پی او آفس میں کھلی کچہری کے دوران لوگوں کے مسائل سنیں۔ ڈی پی او نے درخواستیں متعلقہ افسران کو مارک کر کے مختص کردہ ٹائم میں داد رسی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈی پی او نے کمپلینٹ سیل افسران کو درخواستوں کا فالواپ لے کر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق پبلک سروس ڈیلیوری میں بہتری کیلئے تمام ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ ضلع بھر کے تمام تھانوں میں جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے شہریوں کی سہولت کیلئے اقدامات کیے گئے ہیں اور لوگوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جا رہے ہیں۔ فیلڈ افسران کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ کسی بھی مسئلہ کی صورت میں آنے والے شہریوں کیساتھ اچھے اخلاق سے پیش آ کر ان کا مسئلہ جلد از جلد حل کیا جائے۔

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ویٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ویٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں اسسٹنٹ کمشنر شائستہ جبین، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت رضوان عامر خان، کسان نمائندگان اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران جبکہ اے سی لالیاں اور بھوانہ نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر میں گندم کی آئندہ فصل کی بیجائی، متوقع پیداوار اور گندم کی کاشت اور نمائشی پلاٹس، کسان کارڈ، گندم اگاو پیداواری مقابلوں کے حوالے سے مختلف امور پر بریفنگ دی گئی اور تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت نے اجلاس میں بریفنگ دیتے ہوئے مزید بتایا کہ ضلع چنیوٹ میں 20 نومبر تک 191350 ایکڑ پر گندم کاشت کرنے کا ٹارگٹ ہے، اجلاس میں گندم کی بہتر پیداوار کے لیے معیاری بیج کی فراہمی، بروقت بیجائی، متوازن کھادوں کے استعمال اور کاشتکاروں کو جدید زرعی طریقوں سے آگاہ کرنے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔

توجہ برائے نمائندگان، نیوز ایجنٹ

MEMBER APNS ABC CERTIFIED

روزنامہ سحر

نہ ملنے یا لیٹ ملنے کی صورت میں ہمارے فارورڈنگ ایجنٹ شعیب چودھری سے رابطہ کریں

0331-4667648
0321-4618852

مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

عدم برداشت کے رویوں نے معاشرت کو تباہ کر دیا ہے، چوہدری محمد اشفاق چیمہ

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) عدم برداشت کے رویوں نے معاشرت کو تباہ کر دیا ہے ہم تو اس نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے امتی ہیں جو گالیاں سن کر دعائیں دیتے تھے آج ہم معمولی تنقید برداشت نہیں کرتے چاہیے وہ ہماری اصلاح کیلئے کیوں نہ ہو ان خیالات کا اظہار چیف ایگزیکٹو گلف ہوم پراپرٹیز چوہدری محمد اشفاق چیمہ نے عدم برداشت کے رویے اور ہماری معاشرت کے موضوع پر ایک مذاکرے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 27)

ڈاکٹر حیدر علی خان کی 32 سالہ خدمات کو خراجِ تحسین، الوداعی تقریب منعقد

ڈائریکٹر لائیوسٹاک فیصل آباد ڈویژن ڈاکٹر حیدر علی خان کی 32 سال سے زائد شاندار سرکاری، انتظامی اور تحقیقی خدمات کے اعتراف میں چناب کلب فیصل آباد میں پُروقار الوداعی تقریب منعقد ہوئی

GATHERING
In Honour of

ڈاکٹر حیدر علی خان کی 32 سالہ خدمات کو خراجِ تحسین، پُروقار الوداعی تقریب میں یادگاری شیلڈ پیش کی جا رہی ہے

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر لائیوسٹاک فیصل آباد ڈویژن ڈاکٹر حیدر علی خان کی 32 سال سے زائد شاندار سرکاری، انتظامی اور تحقیقی خدمات کے اعتراف میں چناب کلب فیصل آباد میں پُروقار الوداعی تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب کا اہتمام ڈاکٹر روبینہ انجم، ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک کی قیادت میں ٹیم لائیوسٹاک نے کیا۔ ڈاکٹر سید ندیم بدر ڈائریکٹر جنرل ایکسٹینشن نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔ محمد اکبر، ایڈیشنل سیکرٹری (ایڈمن)، ڈاکٹر محمد عثمان طاہر، ایڈیشنل سیکرٹری (ٹیکنیکل)، ڈاکٹر سجاد حسین، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 28)

کیتھولک بورڈ آف ایجوکیشن فیصل آباد کے زیرِ اہتمام کیتھولک بشپ ہاؤس فیصل آباد میں برٹش اسکاٹش اسکالرشپ تقسیم کرنے کی ایک شاندار تقریب کا انعقاد

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) کیتھولک بورڈ آف ایجوکیشن فیصل آباد کے زیر اہتمام کیتھولک بشپ ہاؤس فیصل آباد میں برٹش اسکاٹش اسکالرشپ تقسیم کرنے کی ایک شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ یہ تقریب نیشنل کیتھولک ایجوکیشن کمیشن پاکستان (NCEC)، کیتھولک بورڈ آف ایجوکیشن فیصل آباد ڈایوسیس، برٹش کونسل اور دی اسکاٹش گورنمنٹ کے اشتراک سے منعقد کی گئی۔ اس موقع پر مہمانِ خصوصی بشپ آف فیصل آباد (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 29)

سیالکوٹ: رانا شفیق پسروری ڈیرہ پر فائرنگ کے حوالہ سے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

مذہبی اسکالر رانا محمد شفیق خاں کے ڈیرہ پر فائرنگ ؟

رانا محمد شفیق خان پسروری کے پسرور میں واقع ڈیرہ چوک لال مسجد میں نامعلوم شر پسند ملزمان کی رات کے اندھیرے فائرنگ سے گیٹ پر آٹھ فائر لگنے سے گیٹ میں سوراخوں کے واضع نشانات دیکھے جا سکتے ہیں افسوس ناک واقعہ رات دو بجے سے تین بجے کے درمیان پیش آیا

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) پسرور تھانہ سٹی پسرور کی حدود میں مذہبی اسکالر رانا محمد شفیق خاں کے ڈیرہ پر فائرنگ کا انتہائی افسوس ناک واقعہ۔ تفصیلات کے مطابق سفیر امن، ممتاز مذہبی اسکالر، ممبر اسلامی نظریاتی کونسل پاکستان، ممبر قرآن بورڈ، ممبر رویت ہلال کمیٹی پاکستان، مصنف کتب کثیرا، کالم نگار مرکزی نائب امیر جمعیت اہلحدیث پاکستان رانا محمد شفیق خان پسروری کے پسرور میں واقع ڈیرہ چوک لال مسجد میں نامعلوم شر پسند ملزمان کی رات کے اندھیرے فائرنگ سے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 30)

ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے درازندہ میں امن میلہ چیک پوسٹ پر خودکش حملہ انتہائی افسوسناک ہے، پروفیسر ملک طارق محمود

پاکپتن (نامہ نگار) ہیومن رائٹس فورم پاکپتن کے صدر اور گورنمنٹ فریدیہ پوسٹ گریجویٹ کالج پاکپتن کے سابق پرنسپل پروفیسر ملک طارق محمود نے کہا ہے کہ ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے درازندہ میں امن میلہ چیک پوسٹ پر خودکش حملہ انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے، جس میں 14 افراد شہید جبکہ متعدد زخمی ہوئے، انہوں نے کہا کہ دہشتگرد معصوم شہریوں، سیکیورٹی اہلکاروں اور امدادی کارکنوں کو نشانہ بنا کر قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے، پوری قوم دہشتگردی کے خلاف متحد ہے اور ملک میں امن وامان کے قیام کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدائکی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈیرہ اسماعیل خان میں چیک پوسٹ پر ہونے والے خودکش حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پیر اشرف قریشی ایڈووکیٹ سپریم کورٹ، سابق صدر پریس کلب پاکپتن وقار فرید جگنو، معروف ماہر تعلیم پروفیسر ابو مطفر غلام معین الدین، راؤ عظمت اللہ خاں، کامریڈ رانا اورنگ زیب عالمگیر، معروف خاتون قانون دان منزہ بخاری ایڈووکیٹ، ماہر تعلیم پروفیسر حنا بخاری بھی موجود تھے۔

مبینہ پولیس مقابلے میں خطرناک ڈاکو ہلاک جبکہ اُسکے تین ساتھی فرار ہونے میں کامیاب

کاموکے (تحصیل رپورٹر) مبینہ پولیس مقابلے میں خطرناک ڈاکو ہلاک جبکہ اُسکے تین ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ گذشتہ رات صدر پولیس نے ماڑی ٹھاکراں روڈ سیم نالہ پر ناکہ لگا کر دو موٹر سائیکلوں پر سوار مشکوک چار افراد کو روکنے کی کوشش کی جنہوں نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر کے فرار ہونا چاہا۔ جس کے باعث مبینہ پولیس مقابلہ شروع ہوگیا اور ایک شخص اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہوگیا جس کی شناخت قلعہ دیدار سنگھ کے ڈاکو تصور حسین کے نام سے ہوئی۔

سیالکوٹ ایوانِ صنعت وتجارت کی کمیٹی برائے سیاحت، ثقافت و آثارِ قدیمہ کے زیرِ اہتمام ایک خصوصی سیمینار منعقد

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) سیالکوٹ ایوانِ صنعت وتجارت کی کمیٹی برائے سیاحت، ثقافت و آثارِ قدیمہ کے زیرِ اہتمام ''سیالکوٹ کا باکردار شہزادہ، پورن بھگت، ورثے سے سیاحت تک'' کے عنوان سے ایک خصوصی سیمینار منعقد ہوا، جس میں پورن بھگت کی تاریخی وثقافتی داستان، اس سے وابستہ مقامات اور سیالکوٹ کے تاریخی ورثے کو سیاحت کے فروغ سے منسلک کرنے کے امکانات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ تقریب کی صدارت صدر سیالکوٹ ایوانِ صنعت وتجارت سید احتشام مظہر گیلانی نے کی، جبکہ صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے سیاحت، ثقافت و آثارِ قدیمہ رانا عارف اقبال ہرنا مہمانِ خصوصی تھے۔ اسلام آباد سے تشریف لانے والے معروف محقق اور پورن بھگت کے موضوع کے ممتاز ماہر پروفیسر سعید احمد نے خصوصی لیکچر دیا اور پورن بھگت کی داستان کے مختلف تاریخی و روایتی پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ لاہور سے معروف مورخ ومحقق ظفر ندیم داؤد نے بھی خصوصی شرکت کی اور موضوع کے تاریخی پہلوؤں پر اپنی گفتگو پیش کی۔

چیمبر آف کامرس کے انتخابات مکمل، شیخ محمد احمد بلامقابلہ صدر منتخب

اوکاڑہ (شکیل احمد آصم) اوکاڑہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے سال 2026-28 کے سالانہ انتخابات مکمل ہوگئے۔ الیکشن کمشنرز چوہدری خلیل الرحمٰن، شیخ احسان الحق اور وقار فیض نے عبوری نتائج کا اعلان کرتے ہوئے بتایا کہ آفس بیئررز کے انتخابات میں شیخ محمد احمد بلا مقابلہ صدر منتخب ہو گئے ہیں جبکہ اویس افضل سینئر نائب صدر اور چوہدری محمد طاہر نائب صدر منتخب ہوئے ہیں۔ نومنتخب عہدیداران کو چیمبر کے بانی صدر فلائٹ لیفٹیننٹ ریٹائرڈ چوہدری محمد ارشد اقبال اور سابق صدر چوہدری شہزاد حسن نے مبارکباد دی۔

ساہیوال ڈویژن سائیکلنگ ایسوسی ایشن کے 5 سالہ انتخابات میں صدر رانا سیف اللہ طاہر جنرل سیکرٹری محمد حسین منتخب

پاکپتن (نامہ نگار) ساہیوال ڈویژن سائیکلنگ ایسوسی ایشن کے 5 سالہ انتخابات میں صدر رانا سیف اللہ طاہر جنرل سیکرٹری محمد حسین منتخب ہو گئے، تفصیلات کے مطابق ساہیوال ڈویژن سائیکلنگ ایسوسی ایشن کے انتخابات میں 2026/2030 کامیابی سے منعقد ہوئے، اجلاس کی کارروائی کا آغاز تلاوتِ قرآنِ پاک سے ہوا اسکے بعد الیکشن کمیشن نے انتخابات کے قواعد و ضوابط اور طریقہ کار کے متعلق تمام ممبران کو آگاہ کیا، انتخابی عمل آئینی و جمہوری اصولوں کے مطابق مکمل کیا گیا، انتخابات کے نتیجے میں نومنتخب عہدیداران چیئرمین رانا محمد عادل، وائس چیئرمین راؤ عظمت اللہ خان، صدر رانا سیف اللہ طاہر فزیکل ٹیچر جنرل سیکرٹری محمد حسین فنانس سیکرٹری سایئکلسٹ محمد یوسف، سینیر نائب صدر میاں جہانگیر احمد وٹو، نائب صدر وقار فرید جگنو، نائب صدر حکیم ماجد رضا، آرگنائزر سیکرٹری، عفان کمبوہ، سیکریٹری انفارمیشن بی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 31)

سموگ سیزن سے قبل فضائی آلودگی کے خلاف کارروائیاں تیز

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) سموگ سیزن سے قبل فضائی آلودگی پر قابو پانے کے لیے سٹی ٹریفک پولیس فیصل آباد نے محکمہ ماحولیات کے اشتراک سے دھواں چھوڑنے اور آلودگی کا سبب بننے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی ہیں۔ چیف ٹریفک آفیسر ناصر جاوید رانا کی زیر نگرانی جاری کارروائیوں کے دوران ماحولیاتی آلودگی کا باعث (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 32)

انٹرنیشنل ایئرپورٹ انتظامیہ نے قطر ایئرویز کی پرواز کے حوالے سے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی خبروں پر اہم وضاحت جاری کر دی

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) انٹرنیشنل ایئرپورٹ انتظامیہ نے قطر ایئرویز کی پرواز کے حوالے سے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی خبروں پر اہم وضاحت جاری کر دی ہے۔ سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ انتظامیہ نے قطر ایئرویز کی پرواز کی مقبوضہ جموں میں ہنگامی لینڈنگ کی خبروں کو سراسر بے بنیاد اور من گھڑت قرار دے کر ان کی سختی سے تردید کر دی ہے۔ ایئرپورٹ کے ترجمان عمیر خان کے مطابق دوحہ سے آنے والی قطر ایئر لائنز کی پرواز نے 27 ستمبر کی صبح اپنے وقت پر سیالکوٹ ایئرپورٹ پر ہی محفوظ لینڈنگ کی تھی، اور بعد ازاں اپنے شیڈول کے مطابق ہی واپس دوحہ کے لیے روانہ ہوئی۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 33)

ڈسکہ شہر اور گردونواح میں دودھ اور دہی کی قیمتوں میں ایک بار پھر اضافہ کر دیا گیا

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) ڈسکہ شہر اور گردونواح میں دودھ اور دہی کی قیمتوں میں ایک بار پھر اضافہ کر دیا گیا ہے، جس کے بعد دودھ 220 روپے فی لیٹر جبکہ دہی 250 روپے فی کلو فروخت ہو رہا ہے۔ شہریوں نے روز مرہ استعمال کی بنیادی اشیاء کی بڑھتی ہوئی قیمتوں پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ مہنگائی کے باعث پہلے ہی گھریلو اخراجات پورے کرنا مشکل ہو چکا ہے، جبکہ دودھ اور دہی کی قیمتوں میں اضافے نے مشکلات مزید بڑھا دی ہیں۔ دکانداروں کے مطابق حالیہ سیلاب کے باعث مویشیوں کو شدید نقصان پہنچا ہے، جس سے دودھ کی پیداوار متاثر ہوئی اور قیمتوں میں اضافہ ناگزیر ہو گیا ہے۔ شہری حلقوں نے حکومت اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ دودھ، دہی اور دیگر ضروری اشیاء کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں تاکہ عام صارفین کو ریلیف فراہم کیا جائے۔

سیالکوٹ: صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے سیاحت، ثقافت و آثارِ قدیمہ رانا عارف اقبال ہرنا مہمانِ خصوصی کو یادگاری شیلڈ پیش کی جا رہی ہے

BRITISH COUNCIL
The Scottish Government
BRITISH SCOTTISH
Scholarships Distribution Ceremony

کیتھولک بورڈ آف ایجوکیشن فیصل آباد کے زیرِ اہتمام کیتھولک بشپ ہاؤس فیصل آباد میں برٹش اسکاٹش اسکالرشپ تقسیم کرنے کی ایک شاندار تقریب کا انعقاد

کاموکے: والدین کا احترام کامیاب زندگی کی بنیاد ہے، سینئر صحافی آصف ڈار

موکے۔ کاموکے (تحصیل رپورٹر) سینئر صحافی آصف ڈار نے کہا ہے کہ والدین کا احترام، خدمت اور ان کے ساتھ حسنِ سلوک ہماری دینی، اخلاقی اور معاشرتی ذمہ داری ہے۔ والدین اپنی اولاد کی بہتر تربیت اور روشن مستقبل کے لیے اپنی زندگی کا قیمتی وقت اور صلاحیتیں صرف کر دیتے ہیں، اس لیے اولاد پر لازم ہے کہ وہ ان کی قدر کرے اور بڑھاپے میں ان کا سہارا بنے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں مصروفیات اور مادہ پرستی کے باعث بعض لوگ والدین کی ضروریات اور جذبات کو نظر انداز کر دیتے ہیں، جو ایک افسوسناک معاشرتی رویہ ہے۔ ہمیں چاہیے کہ اپنے بچوں کو بھی والدین اور بزرگوں کے احترام، خدمت اور ادب کی تعلیم دیں۔ آصف ڈار نے مزید کہا کہ والدین کی دعائیں اولاد کے لیے قیمتی سرمایہ ہیں۔ خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو اپنے والدین کی زندگی میں ان کی خدمت کرتے ہیں اور ان کے چہروں پر مسکراہٹ لانے کو اپنی سعادت سمجھتے ہیں۔ انہوں نے نوجوان نسل پر زور دیا کہ وہ والدین کے ساتھ نرمی، محبت اور احترام سے پیش آئیں اور ان کی ضروریات کا خصوصی خیال رکھیں۔

ڈسٹرکٹ ووٹرز ایجوکیشن کمیٹی کے زیرِ اہتمام خواتین کے لیے ووٹر آگاہی سیشن کا انعقاد

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ ووٹرز ایجوکیشن کمیٹی کے زیرِ اہتمام خواتین کے لیے ووٹر آگاہی سیشن کا انعقاد، ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر میاں محمد اسلم کی زیرِ صدارت سعت زار میں خواتین کے لیے ووٹر رجسٹریشن اور ووٹر آگاہی کے حوالے سے ایک خصوصی آگاہی سیشن منعقد ہوا۔ آگاہی سیشن ڈسٹرکٹ ووٹرز ایجوکیشن کمیٹی کے پانچ ماہ کے آگاہی کیلنڈر کے تحت منعقد کیا گیا، جس کا مقصد خواتین میں انتخابی عمل میں شرکت، ووٹر رجسٹریشن اور قومی شناختی کارڈ کی اہمیت کے بارے میں شعور اجاگر کرنا تھا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر میاں محمد اسلم نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمہوری عمل میں مؤثر شرکت کے لیے ووٹر کا رجسٹرڈ ہونا اور قومی شناختی کارڈ کا حصول بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے خواتین پر زور دیا کہ وہ اپنے ووٹ کے حق سے آگاہ رہیں اور انتخابی عمل میں اپنی شرکت کو یقینی بنائیں۔ سیشن کے دوران شرکاء کو ووٹ کے اندراج، ووٹ کی اہمیت، انتخابی عمل اور خواتین کی انتخابی شرکت کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی۔

المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی ضلع اوکاڑہ اور یونیورسٹی آف اوکاڑہ کے درمیان مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے گئے

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + شکیل احمد آصم) تعلیم، علمی سرگرمیوں، طلبہ کی فلاح و بہبود اور معاشرتی خدمت کے فروغ کے لیے المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی ضلع اوکاڑہ اور یونیورسٹی آف اوکاڑہ کے درمیان مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے گئے۔ اس سلسلے میں منعقدہ تقریب میں المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی ضلع اوکاڑہ کے صدر محمد اسلم ندیم رانا، فنانس سیکرٹری مرزا محمد یونس، انفارمیشن سیکرٹری محمد عتیق اسلم رانا، ممبر ڈاکٹر محمد تحسین سلیم اور ممبر محمد جواد اسلم نے شرکت کی۔ یونیورسٹی آف اوکاڑہ کی جانب سے وائس چانسلر ڈاکٹر سجاد مبین، ڈپٹی ڈائریکٹر پریس، میڈیا اینڈ پبلیکیشنز سرجیل احمد اور لائبریری انچارج ڈاکٹر راشد مقبول تقریب میں موجود تھے۔ مفاہمتی یادداشت کے تحت دونوں اداروں کے درمیان تعلیم، کتب، علمی و تحقیقی سرگرمیوں اور طلبہ کی فلاح و بہبود کے شعبوں میں باہمی تعاون کو فروغ دینے کے لیے مشترکہ اقدامات کی راہ ہموار ہوگی۔ اس موقع پر شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تعلیمی اداروں اور فلاحی تنظیموں کے درمیان مؤثر رابطے اور تعاون کے ذریعے طلبہ کو علمی و تعلیمی سہولیات فراہم کرنے اور معاشرے میں علم و خدمت کے کلچر کو فروغ دینے کے لیے مزید اقدامات کیے جائیں گے۔

لوئر باری دوآب نہر میں آبادی ڈیراں کے قریب 21 سالہ نوجوان نہر میں چھلانگ لگانے کے بعد ڈوب گیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) لوئر باری دوآب نہر میں آبادی ڈیراں کے قریب 21 سالہ نوجوان نہر میں چھلانگ لگانے کے بعد ڈوب گیا، جس کی تلاش کے لیے ریسکیو 1122 کی ٹیموں کا سرچ آپریشن جاری ہے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق نوجوان کے نہر میں ڈوبنے کی اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیمیں فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں۔ ڈوبنے والے نوجوان کی شناخت جہانزیب ولد سرفراز مغل، سکنہ رحیم کریم ٹاؤن نزد چونگی 2 فوراَیل اوکاڑہ کے نام سے ہوئی ہے۔ کالر کے مطابق نوجوان نے مبینہ طور پر کسی پریشانی کے باعث نہر میں چھلانگ لگائی اور گہرے پانی میں ڈوب گیا۔ ریسکیو ٹیموں نے نوجوان کی تلاش کے لیے فوری طور پر سرچ آپریشن شروع کر دیا۔ سرچ آپریشن میں 3 کشتیاں، 2 غوطہ خور، 6 تیراکوں سمیت 12 ریسکیورز ریسکیو سیفٹی آفیسر کی نگرانی میں حصہ لے رہے ہیں۔ ریسکیو حکام کے مطابق نہر کی گہرائی تقریباً 15 سے 16 فٹ، چوڑائی 200 فٹ جبکہ پانی کا بہاؤ تقریباً 3500 سے 3800 کیوسک ہے، جس کے باعث سرچ آپریشن میں مشکلات کا سامنا ہے۔ نوجوان کی تلاش کے لیے اسکوبا ڈائیونگ اور پلنجر کی مدد بھی حاصل کی جا رہی ہے، تاہم تاحال نوجوان کا سراغ نہیں مل سکا۔

اے این ایف اور پنجاب پولیس میں مثالی پیشہ ورانہ ہم آہنگی، ڈی ایس پی احسان ظفر سندھو کو خصوصی اعزاز

راجہ سلطانی کھاریاں اے این ایف اور پنجاب پولیس میں مثالی پیشہ ورانہ ہم آہنگی، ڈی ایس پی احسان ظفر سندھو کو خصوصی اعزاز اے این ایف فورس اور پنجاب پولیس کے درمیان مؤثر رابطہ کاری، باہمی تعاون اور بہترین پیشہ ورانہ ہم آہنگی کے اعتراف میں ریجنل ڈائریکٹر کمانڈر اے این ایف فورس بریگیڈیئر سکندر حیات چودھری کی جانب سے ڈی ایس پی سرکل کھاریاں احسان ظفر سندھو کو خصوصی اعزازی مومنٹو پیش کیا گیا اس موقع پر دونوں اداروں کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 36)

پاکستان کی معیشت کو مضبوط بنانا اور عالمی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کرنا یقیناً ایک اہم قومی ضرورت ہے، حاجی راؤ محمد اجمل خاں

دیپالپور (امام دین + نامہ نگار) سابق رکن قومی اسمبلی حلقہ این اے 137 دیپالپور حاجی راؤ محمد اجمل خاں نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کے لندن اسٹاک ایکسچینج میں پاکستان کی معیشت، غیر ملکی سرمایہ کاری، معاشی اصلاحات اور 3 ارب ڈالر کے یورو بانڈ سے متعلق بیان پر گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت کو مضبوط بنانا اور عالمی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کرنا یقیناً ایک اہم قومی ضرورت ہے، تاہم معاشی پالیسیوں کی اصل کامیابی اسی وقت سمجھی جائے گی جب اس کے مثبت اثرات عام آدمی، کسان، مزدور، تاجر اور کاروباری طبقے کی زندگی میں بھی نمایاں طور پر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 34)



چوہدری محمد اشرف کو 30 ستمبر 2027 تک کیلئے چیئرمین پریس کلب نامزد کر دیا گیا



ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) ساہیوال پریس کلب (رجسٹرڈ) ساہیوال کے چیئرمین سینئر صحافی حافظ وحید احمد کی آئینی مدت 30 ستمبر 2026 کو مکمل ہونے پر چوہدری محمد اشرف کو 30 ستمبر 2027 تک کیلئے چیئرمین پریس کلب نامزد کر دیا گیا۔ ساہیوال پریس کلب (رجسٹرڈ) ساہیوال کے چیئرمین سینئر صحافی حافظ وحید احمد کی آئینی مدت 30 ستمبر 2026 کو مکمل ہونے پر چوہدری محمد اشرف کو 30 ستمبر 2027 تک کیلئے چیئرمین پریس کلب نامزد کر دیا گیا ہے۔ صدر ساہیوال پریس کلب (رجسٹرڈ) رانا جاوید نثار نے اپنے گروپ لیڈر سابق چیئرمین پریس کلب و ممبر سپریم کونسل عزیز الحق گورایہ کی ہدایت اور ممبران سپریم کونسل راحیل آزاد و پرنس عنایت علی خان کی مشاورت سے چوہدری محمد اشرف کو چیئرمین پریس کلب نامزد کیا۔ چوہدری محمد اشرف کی حلف برداری کی تقریب یکم اکتوبر 2026 بروز جمعرات دوپہر 2 بجے پریس کلب کے محسن نقوی ہال میں منعقد ہوگی جہاں سابق چیئرمین پریس کلب و ممبر سپریم کونسل عزیز الحق گورایہ ان سے حلف لیں گے۔ کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر محمد آصف طفیل، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق اور ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز طارق اسمٰعیل خان نے حافظ وحید احمد کی بطور چیئرمین خدمات کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ان کے دور میں پریس کلب اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 40)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (سوشل سروسز) اوکاڑہ عبدالجبار نے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی اوکاڑہ شازیہ بانو کے ہمراہ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول صابری کالونی اور فیصل خان کالونی اوکاڑہ کا اچانک دورہ کیا

اوکاڑہ (بیورو چیف شیخ حمزہ طارق) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (سوشل سروسز) اوکاڑہ عبدالجبار نے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی اوکاڑہ شازیہ بانو کے ہمراہ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول صابری کالونی اور فیصل خان کالونی اوکاڑہ کا اچانک دورہ کیا اور سکولوں میں نئے کلاس رومز کی تعمیر کے کام کا تفصیلی معائنہ کیا۔ دورے کا مقصد ایس ایم یو (سوشل مینجمنٹ یونٹ) کے زیرِ اہتمام تعمیر کیے جانے والے نئے کلاس رومز کے تعمیراتی کام کی پیش رفت اور معیار کا جائزہ لینا تھا۔ اس موقع پر افسران نے تعمیراتی کام کی رفتار انتہائی سست ہونے پر شدید عدم اطمینان کا اظہار کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عبدالجبار نے موقع پر موجود متعلقہ ٹھیکیدار کو سخت ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ تعمیراتی کام کی رفتار فوری طور پر تیز کی جائے اور منصوبے کو مقررہ مدت کے اندر ہر صورت مکمل کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تعمیراتی کام میں تیزی لانے کے ساتھ معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ نئے کلاس رومز کی بروقت تکمیل ضروری ہے تاکہ طالبات کو بہتر تعلیمی ماحول فراہم کیا جا سکے اور تعمیراتی کام کی وجہ سے ان کی تعلیمی سرگرمیاں متاثر نہ ہوں۔ افسران نے تعمیراتی کام کے معیار (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 39)

جمبر میں گیس کی طویل بندش شہری پریشان بچے بغیر ناشتے کے سکول جانے پر مجبور

جمبر (نمائندہ خصوصی کامران خانزادہ) جمبر شہر اور گردونواح میں گیس کی مسلسل بندش اور کم پریشر کے باعث گھریلو صارفین شدید مشکلات کا شکار ہو گئے ہیں صبح کے اوقات میں گیس کی عدم دستیابی کے باعث شہریوں کو ناشتہ اور کھانا تیار کرنے میں شدید دشواری کا سامنا ہے جبکہ متعدد بچے بغیر ناشتہ کیے سکول جانے پر مجبور ہیں گیس کی طویل بندش نے ملازم طبقے کی مشکلات میں بھی اضافہ کر دیا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ صبح سویرے دفاتر اور کام پر جانے والے افراد کو وقت پر ناشتہ کیے بغیر گھروں سے نکلنا پڑ رہا ہے جس کے باعث معمولات زندگی بری طرح متاثر ہو رہے ہیں جمبر شہریوں کے مطابق گیس کی عدم دستیابی کے باعث لوگ متبادل ایندھن کے طور پر مہنگے داموں ایل پی جی سلنڈر خریدنے پر مجبور ہیں جو پہلے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 35)

کاموکے: عقیدہ ختمِ نبوت ہمارے ایمان کا لازمی حصہ ہے، چوہدری آصف شفیق آرائیں

کاموکے (تحصیل رپورٹر) چوہدری آصف شفیق آرائیں نے کہا ہے کہ عقیدہ ختمِ نبوت مسلمانوں کے ایمان کی بنیاد اور ہمارے دلوں کا عقیدہ ہے۔ حضور نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں، آپ ﷺ کے بعد کسی نئے نبی کی گنجائش نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ختمِ نبوت کا عقیدہ مسلمانوں کے درمیان اتحاد اور محبت کا عظیم مرکز ہے۔ ہمیں اپنی آنے والی نسلوں کو سیرتِ رسول اکرم ﷺ، قرآن و سنت اور عقیدہ ختمِ نبوت کی اہمیت سے آگاہ کرنا چاہیے تاکہ وہ اپنے دین اور عقائد سے مضبوط وابستہ رہیں۔ چوہدری آصف شفیق آرائیں نے مزید کہا کہ پاکستان میں مذہبی معاملات کو آئین وقانون کے دائرے میں رہتے ہوئے پرامن اور ذمہ دارانہ انداز میں اجاگر کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

نوجوان شادی کا جھانسہ دیکر محنت کش لڑکی کو چار سال جنسی درندگی کا نشانہ بناتا رہا

کاموکے (تحصیل رپورٹر) اوباش نوجوان شادی کا جھانسہ دیکر محنت کش لڑکی کو چار سال جنسی درندگی کا نشانہ بناتا رہا۔ بتایا گیا ہے کہ موضع دھینسر پائیں کی (س) بی بی لوگوں کے گھروں میں مزدوری کرتی ہے جس کی چار سال قبل نواحی گاؤں کھوت سندھواں کے سنبیل مسیح سے دوستی ہوگئی اور وہ شادی کا جھانسہ دیکر خاتون کو جنسی ہوس کا نشانہ بناتا رہا۔ جبکہ چندروز قبل اسی وجہ سے دونوں میں تلخ کلامی ہونے پر سنبیل نے (س) بی بی کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں۔ واہنڈو پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

ڈسٹرکٹ ووٹرز ایجوکیشن کمیٹی کے زیرِ اہتمام خواتین کے لیے ووٹر آگاہی سیشن کا انعقاد

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ ووٹرز ایجوکیشن کمیٹی کے زیرِ اہتمام خواتین کے لیے ووٹر آگاہی سیشن کا انعقاد، ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر میاں محمد اسلم کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 37)

جی سی ویمن یونیورسٹی کی پارکنگ میں الیکٹرک سکوٹی کی بیٹری پھٹنے سے آگ بھڑک اٹھی، سٹوڈنٹس بس جل گئی

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی فیصل آباد کی پارکنگ میں کھڑی الیکٹرک اسکوٹی کی بیٹری پھٹنے کے باعث اچانک آگ بھڑک اٹھی، جس کے نتیجے میں وہاں کھڑی یونیورسٹی کی ایک بس مکمل طور پر جل گئی۔ خوش قسمتی سے واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ اطلاعات کے مطابق پارکنگ میں چارجنگ پر لگی ایک الیکٹرک اسکوٹی میں آگ لگی، جس نے قریب کھڑی بس کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ اطلاع ملتے ہی یونیورسٹی کے فائر سیفٹی سسٹم کے تحت آگ بجھانے کی کوششیں شروع کر دی گئیں۔ ریسکیو 1122 کی ٹیم کے پہنچنے سے پہلے سکیورٹی اور معاون عملے کی مدد سے علاقے کو خالی کرا لیا گیا۔ ریسکیو 1122 ٹیم نے موقع پر پہنچ کر آگ پر قابو پا لیا۔

وزیر اعلیٰ پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں کی مؤثر مانیٹرنگ کے ویژن کے مطابق ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے علامہ اقبال میموریل ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں کی مؤثر مانیٹرنگ کے ویژن کے مطابق ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے علامہ اقبال میموریل ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ مختلف شعبہ جات اور طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا ڈپٹی کمشنر اویس مشتاق نے ہسپتال کے ریڈیالوجی ڈیپارٹمنٹ ڈرگ سٹور اور مختلف وارڈز کا معائنہ کیا انہوں نے ڈرگ سٹور ادویات کی دستیابی فہرست اور تاریخ تنسیخ کا بھی جائزہ لیا ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال میں زیرِ علاج مریضوں سے ملاقات کی اور انہیں فراہم کی جانے والی طبی و دیگر سہولیات کے بارے میں دریافت کیا اس موقع پر انہوں نے مریضوں میں پھل بھی تقسیم کیے اویس مشتاق نے ہسپتال انتظامیہ کو مریضوں کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی صفائی اور دیگر انتظامات کو مزید بہتر بنانے کی ہدایات دیں۔

وزیر اعظم اپنا وعدہ پورا کرینگے بصورت دیگر جماعت اسلامی ملتان سے اسلام آباد کی طرف سُپر مارچ شروع کرے گی، ڈاکٹر بابر رشید

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) اوکاڑہ پیٹرولیم لیوی بھتہ ٹیکس کی ظالمانہ وصولی، آئی پی پیز کے عوام دشمن معاہدوں، مہنگی بجلی و مہنگائی کے خلاف جاری تحریک اور آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے جماعت اسلامی پنجاب کے امیر و جنرل سیکرٹری ڈاکٹر بابر رشید، ضلعی امیر انجینئر سلمان اظہر شیخ کے ہمراہ مرکز الفردوس اوکاڑہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم اپنا وعدہ پورا کرینگے بصورت دیگر جماعت اسلامی ملتان سے اسلام آباد کی طرف سُپر مارچ شروع کرے گی جماعت اسلامی ڈیڑھ ماہ سے زائد عرصہ ہوگیا ہے لیوی اور دیگر ٹیکسز کے نام پر وصول کیے جانے والے بھتہ کے خاتمہ کے لئے دھرنے اور مارچ کر رہی ہے لیوی اور دیگر ٹیکسز کے نام پر 130 روپے سے زائد بھتہ کا خاتمہ اور بجلی کے نرخ کم کروانا جماعت اسلامی کی ترجیح اول ہے، پرانے چہروں نے ملک کو مایوسی کے سوا کچھ نہیں دیا۔

ایف ڈی اے سٹی میں سکیورٹی نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کے لیے جامع منصوبہ بندی کی گئی ہے، محمد آصف چوہدری

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری نے کہا ہے کہ ایف ڈی اے سٹی میں سکیورٹی نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کے لیے جامع منصوبہ بندی کی گئی ہے، جس کے تحت ایف ڈی اے سٹی کے داخلی مقام پر جدید سکیورٹی فیچرز سے آراستہ نیا گیٹ تعمیر کیا جائے گا، جبکہ سکیورٹی کے مؤثر انتظامات کے لیے الیکٹرک بیریئرز کی تنصیب اور رہائشیوں کو خصوصی سکیورٹی اسٹیکرز جاری کرنے کے اقدامات بھی کیے جائیں گے۔ انہوں نے یہ بات ایک اجلاس کے دوران ایف ڈی اے سٹی میں جاری اور مجوزہ ترقیاتی سرگرمیوں کا جائزہ لیتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے قیصر عباس رند، چیف انجینئر مہر ایوب، پراجیکٹ ڈائریکٹر و ڈائریکٹر اسٹیٹ مینجمنٹ ٹو سہیل مقصود پنوں، ڈائریکٹر آئی ٹی یاسر اعجاز چٹھہ اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ ڈی جی ایف ڈی اے نے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 38)

فیصل آباد: ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

آئینِ پاکستان میں قادیانی گروہ کو غیر مسلم قرار دیئے جانے کے باوجود حساس ریاستی مناصب پر ایسی تعیناتیوں سے متعلق اطلاعات سنجیدہ توجہ کی متقاضی ہیں، محمد شاہد انصاری

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) سیاسی وسماجی رہنما ٹکٹ ہولڈر محمد شاہد انصاری نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب کے منصب پر نبیل منیر کی ممکنہ تعیناتی اور نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی میں قادیانی افسر کی تعیناتی کی اطلاعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آئین پاکستان میں قادیانی گروہ کو غیر مسلم قرار دیئے جانے کے باوجود حساس ریاستی مناصب پر ایسی تعیناتیوں سے متعلق اطلاعات سنجیدہ توجہ کی متقاضی ہیں۔ شاہد انصاری نے کہا کہ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب امنصب خارجہ پالیسی، فلسطین و کشمیر اور عالم اسلام کے مفادات کے حوالے سے اہم ہے جبکہ سائبر کرائمز کی تحقیقات میں بھی قومی و دینی مفادات کا تحفظ ضروری ہے۔

ڈسٹرکٹ ووٹرز ایجوکیشن کمیٹی کے زیرِ اہتمام خواتین کے لیے ووٹر آگاہی سیشن کا انعقاد کیا جا رہا ہے

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

حکومت نے مزید قرض لینے کا منصوبہ تیار کرلیا

بجٹ خسارہ پورا کرنے کے لیے وفاقی حکومت نے رواں مالی سال 7 ہزار 20 ارب روپے قرض لینے کا منصوبہ بنالیا جب کہ وزارتِ خزانہ نے 2026ء سے 2028 تک کی 3 سالہ قرض حکمتِ عملی بھی جاری کردی۔ قرضوں کے بوجھ تلے دبی ملکی معیشت کے لیے حکومت نے مزید قرض لینے کا منصوبہ تیار کرلیا، وفاقی حکومت رواں مالی سال بجٹ خسارہ پورا کرنے کیلئے 7 ہزار 20 ارب روپے قرض لے گی۔ مقامی ذرائع سے 6 ہزار 46 ارب اور بیرونی ذرائع سے 813 ارب روپے حاصل کیےجائیں گے، حکومت نے 2026 سے 2028ء تک کی تین سالہ قرض حکمتِ عملی بھی فائنل کرلی۔ رپورٹ کے مطابق وزارتِ خزانہ نے رواں مالی سال نجکاری سے 161 ارب روپے حاصل ہونے کا تخمینہ لگایا ہے، مقامی قرضوں میں پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز سے 4 ہزار 580 ارب روپے جب کہ سکوک اور دیگر اسلامی مالیاتی ذرائع سے 3 ہزار 785 ارب روپے خالص قرض لینے کا منصوبہ ہے، رپورٹ وزارتِ خزانہ میں کہا گیا کہ حکومت کے مجموعی بیرونی قرضے 13 ارب 37 کروڑ 80 لاکھ ڈالر رہنے کا تخمینہ ہے، جبکہ 10 ارب 57 کروڑ 40 لاکھ ڈالر کی ادائیگی متوقع ہے، بیرونی ذرائع سے خالص 2 ارب 80 کروڑ 40 لاکھ ڈالر حاصل ہونے کا اندازہ ہے، رواں مالی سال 2 ارب ڈالر کیبانڈز جاری کرنیکا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ رپورٹ وزارتِ خزانہ میں کہا گیا کہ جبکہ 3 ارب ڈالر کا یورو بانڈ پہلے ہی جاری کیا جاچکا ہے، وزارتِ خزانہ کی 3 سالہ حکمتِ عملی کیتحت طویل المدتی فکسڈ ریٹ اور زیرو کوپن بانڈز کے اجرا کو ترجیح دی جائے گی، جبکہ قلیل المدتی اور فلوٹنگ ریٹ والے قرضے محدود رکھے جائیں گے۔ وزارتِ خزانہ نے کہا کہ حکومت آسان شرائط پر طویل المدتی قرضوں، شرعی اصولوں کے مطابق بانڈز اور بینکوں کے علاوہ دیگر سرمایہ کاروں کی شمولیت کو ترجیح دے گی، قرض حکمتِ عملی پر عمل درآمد عالمی معاشی حالات، جغرافیائی سیاسی صورتحال اور مالیاتی نظم وضبط سے مشروط ہوگا۔ دوسری جانب ایف بی آر نے سیلز ٹیکس رولز 2006 میں اہم ترمیم کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے، جس کے تحت پروڈکشن مانیٹرنگ، ویڈیو سرویلنس یا ڈیجیٹل آئی سسٹم لگانا لازم ہوگا۔ ایف بی آر کے سسٹم سے منسلک نہ ہونے والے رجسٹرڈ کاروبار کارروائی کی زد میں آئیں گے۔ ایف بی آر کے مطابق کاروبار سیل کرنے کے لیے ضرورت پڑنے پر پولیس کی مدد لی جائے گی۔ نوٹیفکیشن میں کاروباری مقام سیل کرنے کا طریقہ کار بھی واضح کردیا گیا ہے، جس کے مطابق کمشنر لینڈ ریونیو رپورٹ کی بنیاد پر کارروائی شروع کرسکے گا۔ اسسٹنٹ کمشنر یا اس سے اوپر کا افسر تحریری رپورٹ کمشنر کو دے گا، جس کے بعد کمشنر انکوائری کر کے چیف کمشنر کو رپورٹ بھیجے گا اور چیف کمشنر کاروبار سیل کرنے یا نہ کرنے کا تحریری حکم جاری کرے گا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کاروباری مقام مکمل یا صرف مخصوص حصہ سیل کیا جاسکے گا، جبکہ سیل کرنے سے پہلے کاروباری شخص کو حکم کی کاپی دی جائے گی۔ کاروباری مقام اس وقت تک سیل رہے گا جب تک سسٹم ایف بی آر سے منسلک نہیں ہوجاتا۔

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے 'نہ لعنت کرنے والا' نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔.........(جامع ترمذی)

سخنورانِ پاکستان: شعری حافظے کی بازیافت

سلیقہ گفتار

محمد ذیشان اکرم

Email:zeeshanleghari65@gmail.com

چند ہفتے قبل ڈاکٹر محبوب عالم صاحب ڈیرہ غازی خان تشریف لائے تو ملاقات کے دوران اپنی کتاب ''سخنورانِ پاکستان'' بطورِ تحفہ عنایت کی۔ کتابیں بسا اوقات اپنے مادی وجود سے کہیں آگے کی چیز ہوتی ہیں۔ ان کے صفحات میں محض الفاظ محفوظ نہیں ہوتے، ایک عہد کی فکری اور تہذیبی سانس بھی دھڑکتی رہتی ہے۔ خصوصاً جب کوئی کتاب شعراءِ کرام کے ذکر، ان کے کلام اور ان کے عہد کی شعری فضا کو اپنے دامن میں سمیٹنے کی کوشش کرے تو وہ محض مطالعے کی چیز نہیں رہتی بلکہ ادبی حافظے کا حصہ بن جاتی ہے۔ ''سخنورانِ پاکستان'' کے مطالعے نے مجھے سب سے پہلے اسی احساس سے دوچار کیا کہ یہ کتاب محض شعرا کے تعارف اور کلام کے انتخاب کا مجموعہ نہیں، بلکہ ایک صاحبِ ذوق اور صاحبِ نظر ادیب کی اس جستجو کا نتیجہ ہے جس کے پس منظر میں ادب سے طویل اور مخلصانہ وابستگی موجود ہے۔ ڈاکٹر محبوب عالم نے اس کتاب میں پاکستان کی شعری روایت کے مختلف رنگوں کو یکجا کرنے کی کوشش کی ہے، تاہم اس کا سب سے اہم پہلو میرے نزدیک ڈیرہ غازی خان کے غزل گو شعرا کی شعری روایت کو محفوظ کرنا ہے۔ ہمارے ادبی منظرنامے کا ایک المیہ یہ بھی رہا ہے کہ مرکزی شہروں اور بڑے ادبی حلقوں سے باہر پیدا ہونے والی بہت سی تخلیقی آوازیں وقت کے دھندلکوں میں گم ہو جاتی ہیں۔ ان کا کلام رسائل و جرائد کے بکھرے ہوئے صفحات میں منتشر رہتا ہے، شخصی کوائف فراموش ہو جاتے ہیں اور نئی نسلوں تک ان کا تعارف نہیں پہنچ پاتا۔ ایسے میں ''سخنورانِ پاکستان'' جیسی کتاب کی اہمیت صرف اس بات میں نہیں کہ اس نے متعدد شعرا کو ایک جگہ جمع کر دیا ہے، بلکہ اس کی اصل قدر اس کوشش میں ہے جو فراموشی کے مقابلے میں ادبی حافظے کو زندہ رکھنے کے لیے کی گئی ہے۔ ڈیرہ غازی خان کے غزل گو شعراءِ کرام سے متعلق اس کتاب میں شخصی کوائف، منتخب کلام اور ان کی شعری اہمیت پر مضامین شامل ہیں۔ یہ محض ناموں کی فہرست نہیں بلکہ اس خطے کی شعری روایت کے ایک گوشے کو محفوظ کرنے کی کوشش ہے۔ کسی علاقے کے شعرا کا تعارف مرتب کرنا بظاہر ایک تالیفی کام معلوم ہوتا ہے، مگر اس کے باطن میں ایک پوری تہذیبی ذمہ داری پوشیدہ ہوتی ہے۔ مقامی ادبی روایت کو محفوظ کیے بغیر قومی ادب کی کوئی مکمل تصویر ممکن نہیں۔ بڑے ادبی نقشے ہمیشہ چھوٹے شہروں، گمنام بستیوں اور ان آوازوں سے تشکیل پاتے ہیں جو اپنی جغرافیائی شناخت سے آگے بڑھ کر انسانی تجربے کا حصہ بن جاتی ہیں۔ کتاب کا دوسرا اہم پہلو یہ ہے کہ اس میں پاکستان کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے متعدد نمایاں شعرا کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ ان کا مختصر تعارف، منتخب کلام اور ان پر تبصرے کتاب کو صرف علاقائی دائرے میں محدود نہیں رہنے دیتے بلکہ اسے ایک وسیع تر شعری منظرنامے سے جوڑ دیتے ہیں۔ یوں مقامی اور قومی ادب کے درمیان ایک ایسا رشتہ قائم ہوتا ہے جو ہمارے ادبی مطالعے کے لیے بے حد ضروری ہے۔ ڈاکٹر محبوب عالم نے بطورِ محقق اور ناقدِ غزل اس کتاب کی ترتیب میں محض مواد جمع کرنے پر اکتفا نہیں کیا، بلکہ کلام کے انتخاب اور شعری جہات کی طرف بھی توجہ دی ہے۔ یہی مقام کسی تذکرہ نما کتاب کو محض معلومات کے ذخیرے سے آگے بڑھا کر ایک ادبی تجربے میں تبدیل کرتا ہے۔ شعری کی اصل معنویت شاعر کے نام سے زیادہ اس کی تخلیقی شناخت میں ہوتی ہے اور ڈاکٹر محبوب عالم نے اپنے تبصروں میں اس شناخت کو نمایاں کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس کتاب کی تیاری میں محترمہ رابعہ خالد رانا کا تعاون بھی شامل رہا ہے، جس کا ذکر ضروری ہے۔ ادبی و تحقیقی کام بسا اوقات ایک فرد کے نام سے سامنے آتے ہیں، مگر ان کی تکمیل میں کئی ذہنوں، ہاتھوں اور حوالوں کی شمولیت ہوتی ہے۔ اس تعاون نے ''سخنورانِ پاکستان'' کے تحقیقی اور تالیفی سفر کو یقیناً تقویت بخشی۔ مطالعے کے دوران میرے لیے سب سے زیادہ خوش گوار پہلو یہ رہا کہ کتاب بار بار قاری کو ایک سے دوسری شعری آواز تک لے جاتی ہے۔ کہیں معروف ناموں سے ملاقات ہوتی ہے، کہیں ایسے شعرا سامنے آتے ہیں جن کا تعارف محدود حلقوں تک رہا اور کہیں کلام کا کوئی شعر اپنے اندر ایک پوری کیفیت لیے ہوئے قاری کو ٹھہرنے پر مجبور کرتا ہے۔ یہی ایک ایسی کتاب کا وصف ہے جو محض معلومات فراہم نہیں کرتی بلکہ اپنے قاری کے اندر مزید مطالعے اور جستجو کا ذوق بھی پیدا کرتی ہے۔ ''سخنورانِ پاکستان'' کا مطالعہ مکمل کرنے کے بعد محسوس ہوا کہ اس کتاب کی اصل اہمیت اس کے صفحات سے کہیں زیادہ اس ادبی احساس میں ہے جس کے تحت اسے مرتب کیا گیا۔ ادب میں تخلیق کے ساتھ ساتھ تحفظِ ادب بھی ایک بڑی ذمہ داری ہے۔ جو لوگ گزرے ہوئے اور موجودہ ادبی سرمایے کو یکجا کرتے ہیں، دراصل وہ آنے والے زمانوں کے لیے چراغ محفوظ کر رہے ہوتے ہیں۔ ڈاکٹر محبوب عالم کی یہ کاوش بھی اسی نوعیت کی ہے۔ یہ کتاب چند ہفتے قبل بطورِ تحفہ ملی تھی، مگر اس کے مطالعے کے بعد اس تحفے کی معنویت دوچند ہو گئی ہے۔ یہ صرف ایک کتاب نہیں بلکہ پاکستان کی شعری روایت سے محبت، تحقیق کی جستجو اور ادب کے بکھرے ہوئے موتیوں کو ایک لڑی میں پرونے کی ایک مخلصانہ کوشش ہے۔

ڈاکٹر محبوب عالم صاحب!

''سخنورانِ پاکستان'' کے ذریعے آپ نے صرف شعراءِ کرام کے نام اور کلام جمع نہیں کیے بلکہ شعری روایت کے ایک اہم حصے کو فراموشی کے اندھیروں سے بچانے کی کوشش کی ہے۔ یہی اس کتاب کا سب سے بڑا ادبی اور تہذیبی وصف ہے۔

عام آدمی کہاں جائے؟ دفتری نظام کی پیچیدگیاں اور عوام کی مشکلات

یاسر دانیال وزیر

پاکستان میں عام آدمی کی زندگی پہلے ہی مہنگائی، بے روزگاری اور محدود آمدن کی وجہ سے مشکلات کا شکار ہے، لیکن جب وہ اپنے جائز کام کے لیے کسی سرکاری دفتر کا دروازہ کھٹکھٹاتا ہے تو اسے ایک نئی آزمائش سے گزرنا پڑتا ہے۔ ایک ایسا نظام جس کا بنیادی مقصد عوام کو سہولت فراہم کرنا ہونا چاہیے، بعض اوقات اتنا پیچیدہ، سست اور غیر مؤثر دکھائی دیتا ہے کہ ایک غریب اور متوسط طبقے کا شہری اپنا جائز حق حاصل کرنے سے پہلے ہی تھک ہار کر بیٹھ جاتا ہے۔ سیلاب سے متاثرہ لوگوں کی مثال ہمارے سامنے ہے۔ جن لوگوں کے گھر، زمینیں، راستے، پانی کے نظام اور دیگر املاک قدرتی آفت سے متاثر ہوئے، ان میں سے بعض کو معاوضے یا سرکاری امداد کے حصول کے لیے طویل عرصہ انتظار کرنا پڑتا ہے۔ ایک سائل کی درخواست ایک دفتر سے دوسرے دفتر تک پہنچنے میں کئی ہفتے لگ جاتے ہیں، بعض اوقات فائل یا درخواست کے بارے میں واضح معلومات بھی دستیاب نہیں ہوتیں۔ کہیں بتایا جاتا ہے کہ متعلقہ اہلکار فیلڈ میں ہیں، کہیں فائل زیرِ کارروائی ہوتی ہے اور کہیں ایک افسر کے دستخط کے انتظار میں معاملہ رک جاتا ہے۔ اگر ایک متاثرہ شخص کو اپنے حق کے لیے ایک ماہ یا دو ماہ تک دفاتر کے چکر لگانے پڑیں تو سوال پیدا ہوتا ہے کہ وہ اپنے گھر، روزگار اور خاندان کو کیسے سنبھالے گا؟ ایک عام شہری کے لیے ایک سرکاری پائپ حاصل کرنا بھی بعض اوقات ایک طویل عمل بن جاتا ہے۔ درخواست جمع کرانے، متعلقہ دفتر سے رپورٹ لینے، انتظامیہ سے تصدیق کرانے، پٹواری یا دیگر متعلقہ اہلکار کی رپورٹ حاصل کرنے اور پھر فائل کو اگلے دفتر تک پہنچانے میں کئی دن اور ہفتے گزر جاتے ہیں۔ اگر کسی شہری کو ایک معمولی ضرورت پوری کرنے کے لیے بار بار دفتر جانا پڑے تو اس کا وقت، کرایہ اور روزانہ کا روزگار سب متاثر ہوتے ہیں۔ بعض سائلین کا کہنا ہے کہ وہ ایک کام کے لیے بار بار سفر کرتے کرتے اتنا خرچ کر دیتے ہیں کہ جس چیز کے حصول کے لیے درخواست دی تھی، اس کی اصل ضرورت ہی ثانوی بن جاتی ہے۔ مثال کے طور پر اگر کسی پائپ یا معمولی سرکاری سہولت کے لیے ایک شہری کو کئی مرتبہ دفتر کے چکر لگانے پڑیں اور اس دوران اس کی جیب سے ہزاروں روپے سفر، کھانے اور دیگر اخراجات میں خرچ ہو جائیں تو یہ بھی عوام پر ایک غیر محسوس مالی بوجھ ہے۔

اسی طرح انتظامیہ کے دفاتر میں بھی درخواستوں کی کارروائی میں تاخیر عوام کے لیے ایک بڑا مسئلہ بن سکتی ہے۔ کبھی متعلقہ اہلکار موقع پر موجود نہیں ہوتا، کبھی پٹواری یا فیلڈ اسٹاف کسی دوسرے کام کے لیے باہر ہوتا ہے، کبھی رپورٹ مکمل نہیں ہوتی اور کبھی فائل اگلے دفتر تک پہنچنے میں کئی دن لے لیتی ہے۔ ایک درخواست پہلے مقامی دفتر، پھر تحصیل یا ضلعی سطح اور اس کے بعد متعلقہ ڈائریکٹوریٹ یا اعلیٰ دفتر تک پہنچتی ہے تو بعض معاملات میں ایک سے دو ماہ کا وقت گزر جاتا ہے۔ اس دوران متاثرہ شخص کا مسئلہ اپنی جگہ موجود رہتا ہے، جبکہ بعض سرکاری منصوبوں، معاوضوں یا ٹھیکوں کی مدت بھی گزر سکتی ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا جدید دور میں ایک عام شہری کی درخواست کو مہینوں تک کاغذی کارروائی میں گھومتے رہنا چاہیے؟

عوام میں یہ تاثر بھی پایا جاتا ہے کہ جس شخص کے پاس سفارش، تعلقات یا کوئی بااثر ذریعہ ہو، اس کا کام نسبتاً جلد ہو جاتا ہے، جبکہ کمزور اور غریب شہری کو زیادہ انتظار کرنا پڑتا ہے۔ اس تاثر کو ختم کرنا ضروری ہے، کیونکہ ریاستی اداروں پر عوام کا اعتماد اسی وقت قائم ہوتا ہے جب ہر شہری کے ساتھ قانون اور طریقہ کار کے مطابق یکساں برتاؤ ہو۔ اگر کسی دفتر میں رشوت یا غیر قانونی ادائیگی کے ذریعے کام ہونے کی شکایات موجود ہیں تو ان کی شفاف تحقیقات ہونی چاہئیں۔ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ کرپشن صرف ایک چھوٹے اہلکار کا مسئلہ نہیں؛ اگر کہیں غیر قانونی مالی معاملات کا نظام موجود ہے تو اس کے پیچھے نگرانی، احتساب اور انتظامی کمزوریوں کا بھی جائزہ لینا ضروری ہے۔ یہ مسئلہ صرف ترقیاتی یا انتظامی دفاتر تک محدود نہیں۔ صحت کے شعبے میں بھی عام شہری کی مشکلات کسی سے پوشیدہ نہیں۔ سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کا رش، عملے کی کمی، صفائی کے مسائل، ڈاکٹروں کے اوقات کار اور مریضوں کو مناسب وقت نہ ملنے کی شکایات کئی علاقوں میں سامنے آتی رہتی ہیں۔ ایک غریب شخص سرکاری ہسپتال اس امید سے جاتا ہے کہ اسے کم خرچ یا مفت علاج ملے گا، لیکن اگر اسے گھنٹوں انتظار کرنا پڑے، ڈاکٹر سے مختصر وقت میں ملاقات ہو اور ضروری ادویات بھی باہر سے خریدنی پڑیں تو اس کے لیے سرکاری نظام کا مقصد ہی کمزور پڑ جاتا ہے۔ سرکاری ہسپتالوں کے لیے ادویات کی خریداری اور فراہمی پر عوامی پیسہ خرچ ہوتا ہے، اس لیے ادویات کی دستیابی، اسٹاک اور تقسیم کا شفاف ریکارڈ ہونا چاہیے۔ اگر کسی ہسپتال میں ادویات دستیاب نہیں تو متعلقہ حکام کو یہ واضح کرنا چاہیے کہ مطلوبہ دوا کب خریدی گئی، کتنی مقدار میں آئی، کہاں ذخیرہ ہوئی اور مریضوں میں کتنی تقسیم ہوئی۔ ایسے معاملات میں الزام کے بجائے شفاف آڈٹ اور باقاعدہ نگرانی ہی اصل حل ہے۔

تعلیم کا شعبہ بھی اسی نظام سے متاثر ہوتا ہے۔ اگر کسی سرکاری تعلیمی ادارے میں استاد وقت پر نہ پہنچے، کلاسز باقاعدگی سے نہ ہوں، طلبہ کو مطلوبہ تعلیمی وقت نہ ملے اور ادارے کی نگرانی مؤثر نہ ہو تو سب سے بڑا نقصان ہمارے بچوں کا ہوتا ہے۔ ایک غریب خاندان اپنے بچے کو سرکاری اسکول اس امید سے بھیجتا ہے کہ وہاں اسے معیاری تعلیم ملے گی۔ اگر یہ بنیادی حق کمزور ہو جائے تو معاشرے میں طبقاتی فرق مزید بڑھ سکتا ہے۔ تعلیم صرف کتاب پڑھانے کا نام نہیں بلکہ بچے کو سوچنے، سوال کرنے، تحقیق کرنے اور ذمہ دار شہری بننے کے قابل بنانے کا عمل ہے۔ اس لیے اسکولوں میں حاضری، تدریسی معیار، اساتذہ کی کارکردگی اور طلبہ کے تعلیمی نتائج کی باقاعدہ نگرانی ضروری ہے۔

عدلیہ بھی ریاستی نظام کا اہم ستون ہے۔ عام شہری جب عدالت کا دروازہ کھٹکھٹاتا ہے تو اس کی سب سے بڑی امید انصاف اور بروقت سماعت ہوتی ہے۔ مقدمات کا طویل عرصے تک زیرِ التوا رہنا صرف قانونی مسئلہ نہیں بلکہ اس سے خاندان، کاروبار، جائیداد اور معاشرتی زندگی بھی متاثر ہوتی ہے۔ عدالتی نظام کی اپنی قانونی پیچیدگیاں اور مقدمات کا بوجھ ہے، لیکن جہاں بھی غیر ضروری تاخیر ہو وہاں اصلاح کی گنجائش تلاش کرنا ضروری ہے۔ انصاف صرف ملنا نہیں چاہیے بلکہ قانون کے مطابق بروقت اور شفاف طریقے سے ملنے کا راستہ بھی مؤثر ہونا چاہیے۔

اصل سوال یہ ہے کہ اگر ایک شہری کو پائپ کے لیے دفتر کے چکر، سیلابی معاوضے کے لیے فائل کے پیچھے دوڑ، ہسپتال میں علاج کے لیے لمبی قطار، اسکول میں تعلیم کے لیے غیر یقینی صورتحال اور عدالت میں انصاف کے لیے طویل انتظار کا سامنا ہو تو وہ ریاست سے کس طرح اعتماد قائم کرے؟ پاکستان کے سرکاری ادارے عوام کے لیے بنائے گئے ہیں اور عوام کا پیسہ ہی ان اداروں کو چلاتا ہے۔ افسر سے لے کر معمولی ملازم تک ہر سرکاری عہدہ ایک ذمہ داری ہے، اختیار نہیں کہ اسے ذاتی فائدے یا کسی خاص شخص کی سہولت کے لیے استعمال کیا جائے۔ ہمیں ایک ایسے نظام کی ضرورت ہے جہاں درخواست کی آن لائن ٹریکنگ ہو، ہر فائل کی مقررہ مدت ہو، تاخیر کی ذمہ داری واضح ہو، شہری کو بار بار دفتر نہ جانا پڑے، شکایت درج کرنے اور اس کا جواب حاصل کرنے کا آسان نظام ہو اور سرکاری وسائل، ادویات، ترقیاتی منصوبوں اور معاوضوں کا ریکارڈ ممکن حد تک عوام کے سامنے ہو۔ اگر کسی درخواست کو دس دن میں مکمل ہونا ہے تو شہری کو معلوم ہونا چاہیے کہ اس کی درخواست اس وقت کس میز پر ہے اور تاخیر کی وجہ کیا ہے۔ یہی شفافیت سفارش اور غیر قانونی راستوں کی گنجائش کم کر سکتی ہے۔ ملک صرف بڑے منصوبوں، بلند عمارتوں اور بڑے بجٹ سے ترقی نہیں کرتا۔ اصل ترقی اس وقت ہوتی ہے جب ایک غریب شہری کو اپنے جائز حق کے لیے کسی کے سامنے ہاتھ نہ پھیلانا پڑے، جب اس کی درخواست سفارش کے بغیر بھی سنی جائے، جب ہسپتال میں مریض کو عزت ملے، اسکول میں بچے کو تعلیم ملے اور عدالت میں سائل کو بروقت انصاف کا راستہ نظر آئے۔ حرام کمائی، سفارش اور اختیارات کے غلط استعمال سے کسی معاشرے کی بنیاد مضبوط نہیں ہو سکتی۔ ہمیں افراد سے زیادہ نظام کو درست کرنے کی ضرورت ہے، کیونکہ اچھا نظام اچھے لوگوں کو سہارا دیتا ہے اور کمزور نظام اچھے اداروں کو بھی کمزور کر دیتا ہے۔ پاکستان کے عام شہری کو سہولت، عزت اور انصاف چاہیے؛ اگر ریاستی ادارے واقعی عوام کے خادم ہیں تو اس خدمت کا سب سے پہلا ثبوت یہ ہونا چاہیے کہ ایک جائز کام کے لیے شہری کو مہینوں دفاتر کے چکر نہ لگانے پڑیں۔

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com
MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

پہلوانوں کے شہر سے

افتخار احمد چوہان

I❤GUJRANWALA

سموگ، ماحولیاتی آلودگی کا تدارک سرکاری اداروں کے اقدامات اور شہریوں کے تعاون سے مشروط

ڈپٹی کمشنر

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ستھرا پنجاب ویژن کے تحت گوجرانوالہ میں انسداد سموگ، ماحولیاتی آلودگی اور اینٹی لٹرنگ کے حوالے سے آگاہی و انسدادی اقدامات میں تیزی لائی گئی ہے

ضلعی انتظامیہ، محکمہ تحفظ ماحولیات اور ستھرا پنجاب ایجنسی کی جانب سے مشترکہ طور پر فیلڈ آپریشنز اور آگاہی سرگرمیاں جاری ہیں، شہری سڑکوں اور عوامی مقامات پر کوڑا کرکٹ پھینکنے اور اسے جلانے سے گریز کریں، ڈی سی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ستھرا پنجاب ویژن کے تحت گوجرانوالہ میں انسداد سموگ، ماحولیاتی آلودگی اور اینٹی لٹرنگ کے حوالے سے آگاہی و انسدادی اقدامات میں تیزی لائی گئی ہے۔ ضلعی انتظامیہ، محکمہ تحفظ ماحولیات اور ستھرا پنجاب ایجنسی کی جانب سے مشترکہ طور پر فیلڈ آپریشنز اور آگاہی سرگرمیاں جاری ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے متعلقہ اداروں کو سموگ اور ماحولیاتی آلودگی کے تدارک کے لیے مؤثر اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہری سڑکوں اور عوامی مقامات پر کوڑا کرکٹ پھینکنے اور اسے جلانے سے گریز کریں۔ کوڑا جلانے سے ماحولیاتی آلودگی اور سموگ میں اضافہ ہوتا ہے، اس لیے شہری صفائی و ماحولیاتی تحفظ کیلیے انتظامیہ سے تعاون کریں۔ ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی عبدالرزاق ڈوگر کی نگرانی میں اینٹی لٹرنگ اور صفائی آگاہی مہم کے ساتھ ساتھ سڑکوں اور عوامی مقامات کی صفائی کے لیے فیلڈ آپریشنز بھی جاری ہیں۔ عبدالرزاق ڈوگر نے شہریوں سے اپیل کی کہ کوڑا جلانے کے بجائے مقررہ مقامات پر تلف کریں اور صاف ماحول کے قیام میں اپنا کردار ادا کریں۔ دوسری جانب ماحولیاتی آلودگی کا باعث بننے والے صنعتی یونٹس اور بغیر سکشن مشین کے چلنے والے فوڈ آٹ لیٹس کے خلاف بھی کارروائیاں جاری ہیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ تحفظ ماحولیات انجینئر عمران میونے کہا کہ صنعتی آلودگی اور ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی پر قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ ستھرا پنجاب اور محکمہ تحفظ ماحولیات کی جانب سے دھول مٹی کے تدارک کیلیے مختلف شاہراہوں پر روڈ واشنگ اور مکینیکل سوئپنگ کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ متعلقہ اداروں کی فیلڈ ٹیمیں سڑکوں اور عوامی مقامات پر صفائی کی صورتحال کی نگرانی کر رہی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے شہریوں کو کہا کہ کوڑا کرکٹ نہ جلائیں اور نہ ہی اسے سڑکوں یا عوامی مقامات پر پھینکیں۔ سموگ اور ماحولیاتی آلودگی کے تدارک کے لیے سرکاری اداروں کے اقدامات کے ساتھ شہریوں کا تعاون بھی ناگزیر ہے۔

سنگین مقدمات میں ملوث 2 ملزمان مقابلوں میں مارے گئے، دو زخمی حالت میں گرفتار

ملزمان کے قبضہ سے ناجائز اسلحہ، مسروقہ موٹر سائیکلیں، منشیات برآمد، سی پی او کا نوٹس

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) مختلف علاقوں میں پولیس مقابلے، 2 ریکارڈ یافتہ ملزمان ہلاک، 2 زخمی حالت میں گرفتار، پولیس ذرائع کے مطابق تھانہ صدر کامونکی پولیس مقابلہ میں پولیس ناکہ پر فائرنگ کے دوران اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک خطرناک ڈاکو کی شناخت تصور حسین کے نام سے ہوئی، جو ڈکیتی وراہزنی، چوری اور وارادات کے دوران شہری کو فائر مارنے جیسے 25 سے زائد سنگین مقدمات میں ریکارڈ یافتہ تھا، جس کے قبضہ سے ناجائز اسلحہ، منشیات برآمد ہوئی، ساتھی ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ تھانہ گکھڑ منڈی پولیس مقابلہ میں منشیات فروشی کے متعدد مقدمات میں ریکارڈ یافتہ منشیات فروش خرم بلال اپنے دیگر 2 ساتھیوں کے ہمراہ پولیس ناکہ پر اندھا دھند فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہونے کی کوشش میں اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہوگیا، جس کیقبضہ سے 1260 گرام چرس برآمد، ہمراہی ملزمان فرار ہو گئے۔ تھانہ اروپ پولیس کارروائی میں چوری اور موٹر سائیکل چوری کے متعدد مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ملزم نقاش عرف کاشف پولیس ناکہ سے فرار ہوتے ہوئے زخمی حالت میں گرفتار ہوا جس کیقبضہ سے چوری شدہ موٹر سائیکل اور ناجائز اسلحہ برآمد کرلیا گیا۔ تھانہ صدر گوجرانوالہ پولیس کارروائی میں سابقہ ریکارڈ یافتہ اور پولیس کو مطلوب ملزم امیر حمزہ پولیس ناکہ سے فرار ہوتے ہوئے زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا

ستھرا پنجاب کے تحت بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنیوالوں میں انعامات تقسیم

ان کی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں شاباش دی گئی اور کہا گیا کہ محنت، ذمہ داری اور فرض شناسی کے ذریعے صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنایا جاسکتا ہے

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ستھرا پنجاب وزیر آباد کے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ورکرز میں تعریفی اسناد اور نقد انعامات تقسیم، ڈپٹی کمشنر نوید احمد کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر وزیر آباد جواد حسین پیرزادہ نے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی ستھرا پنجاب ٹیم کے ارکان میں وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے تعریفی اسناد اور نقد انعامات تقسیم کیے۔ ان کی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں شاباش دی گئی اور کہا گیا کہ محنت، ذمہ داری اور فرض شناسی کے ذریعے صفائی کیمعیار کو مزید بہتر بنایا جاسکتا ہے۔ ورکرز کی حوصلہ افزائی کا مقصد فیلڈ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اہلکاروں کی خدمات کا اعتراف اور دیگر عملے کو بھی بہتر کارکردگی کیلیے حوصلہ دینا ہے۔ اس موقع پر ستھرا پنجاب ورکرز کے لیے خصوصی آگاہی و تربیتی سیشن بھی منعقد کیا گیا، جس میں صفائی امور کی مؤثر انجام دہی، مقررہ بیٹ پلان کے مطابق فرائض کی ادائیگی، گھروں سے کچرے کی بروقت وصولی، کچرے کو مناسب طریقے سے منتقل کرنے، گلیوں اور سڑکوں کی صفائی اور شہریوں کے ساتھ بہتر رابطہ کاری کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ورکرز پر زور دیا کہ وہ اپنے فرائض پوری ذمہ داری، باقاعدگی اور پیشہ ورانہ انداز میں انجام دیں اور شہری علاقوں میں صفائی کے معیار کو برقرار رکھنے کے لیے مقررہ ایس او پیز پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔ انہوں نےکہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کا بنیادی مقصد شہریوں کو صاف، صحتمند اور خوبصورت ماحول فراہم کرنا ہے، جس کیلیے فیلڈ ورکرز کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔

☆☆☆☆

ہیڈ آف برٹش ہائی کمیشن لاہور کی تاریخی شیرانوالہ باغ آمد

ریسلنگ ارینا کا دورہ کیا

ہیڈ آف لاہور برٹش ہائی کمیشن بین وارنگٹن نے کمشنر گوجرانوالہ و گجرات ڈویژن محمد علی کے ہمراہ تاریخی شیرانوالہ باغ میں قائم ریسلنگ ارینا کا دورہ کیا

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ہیڈ آف لاہور برٹش ہائی کمیشن بین وارنگٹن نے کمشنر گوجرانوالہ و گجرات ڈویژن محمد علی کے ہمراہ تاریخی شیرانوالہ باغ میں قائم ریسلنگ ارینا کا دورہ کیا جہاں انہیں گوجرانوالہ کی قدیم اور روایتی کشتی کے کھیل، اس کے تاریخی پس منظر، مقامی سطح پر اس کی مقبولیت اور فروغ کیلیے جاری اقدامات کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ کمشنر ڈویژن محمد علی نے گوجرانوالہ کی روایتی ثقافت، کھیلوں بالخصوص کشتی کے کھیل کی تاریخی اہمیت اور شہر کی کھیلوں کے میدان میں نمایاں شناخت کے حوالے سے آگاہ کیا۔ اور بتایا کہ گوجرانوالہ کو پہلوانوں کے شہر کی حیثیت سے منفرد مقام حاصل ہے اور روایتی کشتی یہاں کی ثقافتی اور کھیلوں کی روایت کا اہم حصہ ہے۔ ملاقات کے دوران گوجرانوالہ کی ثقافتی روایات، روایتی کھیلوں کے تحفظ، نوجوان نسل کو کھیلوں کی جانب راغب کرنے اور ریسلنگ کے فروغ سے متعلق مختلف امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ روایتی کھیل نہ صرف صحت مند معاشرے کے قیام میں اہم کردار ادا کرتے ہیں بلکہ یہ کسی بھی خطے کی تاریخی شناخت اور ثقافتی ورثے کو نئی نسل تک منتقل کرنے کا موثر ذریعہ بھی ہیں۔ ہیڈ آف لاہور، برٹش ہائی کمیشن بین وارنگٹن نے ریسلنگ ارینا کے دورے کے دوران گوجرانوالہ کی روایتی کشتی اور کھیلوں کی ثقافت میں دلچسپی کا اظہار کیا

تیز رفتار لوڈر مزدا کی ٹکر سے تیس سالہ خاتون جاں بحق ہوگئی

حادثہ علی پور چوک میں پیش آیا، پولیس مصروف تفتیش ہے، ریسکیو

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) بے قابو لوڈر کی ٹکر سے خاتون ہوگئی، ریسکیو ذرائع کے مطابق علی پور چوک میں تیز رفتار لوڈر مزدا نے بیقابو ہو کر سڑک عبور کرنے والی بھوماں باٹھ کی تیس سالہ فرزانہ زوجہ یاسر کو ٹکر ماردی جس کے نتیجہ میں وہ شدید زخمی ہوگئی اور کسی قسم کی طبی امداد ملنے سے پہلے ہی دم توڑ گئی نعش کو ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دیا گیا ہے جبکہ علاقائی پولیس مصروف تفتیش ہے۔

چیمبر کا سالانہ اجلاسِ عام

بلامقابلہ عہدیداران کا باضابطہ اعلان کردیا گیا

چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے آڈیٹوریم ہال میں سالانہ اجلاسِ عام (AGM) کا پروقار انعقاد کیا گیا، جس میں دو سالہ انتخابات سیشن 2026-28 کے نتائج کے بعد نومنتخب عہدیداران کا باضابطہ اعلان کیا گیا

صدر شیخ غلام حسین جج، سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل اور نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر شامل ہیں کی کامرانی کا باضابطہ اعلان کیا، جبکہ الیکشن میں کامیاب ہونے والے تمام امیدواروں بشمول منتخب ہونے والی 2 خواتین اراکین کو شاندار الفاظ میں مبارکباد پیش کی گئی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے آڈیٹوریم ہال میں سالانہ اجلاسِ عام (AGM) کا پروقار انعقاد کیا گیا، جس میں دو سالہ انتخابات سیشن 2026-28 کے نتائج کے بعد نو منتخب عہدیداران کا باضابطہ اعلان کیا گیا۔ الیکشن کمیشن نے 19 ستمبر ایسوسی ایٹ کلاس اور 21 ستمبر کارپوریٹ کلاس کے کامیاب اور پرامن انتخابات کے بعد 32 اراکین پر مشتمل مکمل ہاؤس کی موجودگی میں گوجرانوالہ چیمبر کے بلا مقابلہ منتخب ہونے والے عہدیداران جن میں صدر شیخ غلام حسین جج، سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل اور نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر شامل ہیں کی کامرانی کا باضابطہ اعلان کیا، جبکہ الیکشن میں کامیاب ہونے والے تمام امیدواروں بشمول منتخب ہونے والی 2 خواتین اراکین کو شاندار الفاظ میں مبارکباد پیش کی گئی اور ضلع انتظامیہ و پولیس کا الیکشن کو پرامن ماحول میں منعقد کروانے پر خصوصی شکریہ ادا کیا گیا اور اس موقع پر بھرپور انداز میں شہر بھر کی بزنس کمیونٹی نے بھی نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کی۔ سابق صدر و چیئرمین بزنس گروپ رانا ناصر نے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے اور ریٹائرنگ اراکین کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے مکمل حمایت کا اعادہ کیا اور چیمبر میں وزارتِ خارجہ (MOFA) کے تصدیقی کاؤنٹر کے قیام، زیرِ التوا منصوبوں کی فوری تکمیل اور جی ٹی روڈ پر میٹرولائن پروجیکٹ کے باعث تاجروں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن سہولت کاری کی یقین دہانی کروائی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے نو منتخب صدر شیخ غلام حسین جج نے تاجر برادری، چیئرمین اور ایوان کے اراکین کے اعتماد پر شکریہ ادا کرتے ہوئے عزم ظاہر کیا کہ MOFA تصدیقی کاؤنٹر، صنعتی سیکٹرز کے لیے ٹیسٹنگ لیب کے ساتھ ساتھ صنعت کو درپیش بندشوں اور FBR مسائل پر مضبوط آواز اٹھائی جائے گی جبکہ میڈیا کو شہر کی ترقی اور تاجرانہ مسائل کو اجاگر کرنے میں اہم باز و قرار دیا گیا۔ نومنتخب سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل نے تمام ٹریڈ باڈیز اور ایسوسی ایشنز کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ایف بی آر، مقامی و صوبائی اداروں کی جانب سے تاجروں کو درپیش مسائل کے خاتمے اور نظام کو آسان بنا کر زیادہ سے زیادہ لوگوں کو ٹیکس نیٹ میں شامل کرنے کے عزم کا اظہار کیا، جبکہ نومنتخب نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر نے قائدین، ووٹرز اور میڈیا کا شکریہ ادا کرتے ہوئے تاجر برادری کی خوشحالی و آسانی کے لیے اپنے دروازے ہر وقت کھلے رکھنے کا اعلان کیا؛ اجلاس کے اختتام پر الیکشن کمیشن کی غیر جانبدارانہ و بہترین کارکردگی کو سراہتے ہوئے چیمبر کی مضبوطی اور ملکی معاشی ترقی کے لیے مشترکہ جدوجہد کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

☆☆☆☆

ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی کا یونین کونسل 10 بڈھا گورائیہ نوشہرہ ورکاں کا دورہ

صفائی آپریشن، عملہ کی حاضری، ویسٹ کلیئرنس انتظامات کا جائزہ لیا

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) سی ای او ویسٹ مینجمنٹ کمپنی/ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی عبدالرزاق ڈوگر نے یونین کونسل 10 بڈھا گورائیہ نوشہرہ ورکاں کا دورہ کیا اور علاقے میں جاری صفائی آپریشن، صفائی عملہ کی حاضری، فیلڈ کارکردگی اور ویسٹ کلیئرنس کیا نتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے صفائی عملہ کی موقع پر موجودگی اور فیلڈ کارکردگی چیک کی۔ اور متعلقہ افسران اور فیلڈ ٹیموں کو صفائی کے معیار میں مزید بہتری، ویسٹ کی بروقت کلیئرنس اور شہری شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔

☆☆☆☆

الحمد اسلامک سنٹر، جمعیت اہلحدیث یوتھ فورس کے زیر اہتمام یا اللہ مدد کانفرنس کل ہوگی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) الحمد اسلامک سنٹر، جمعیت اہلحدیث یوتھ فورس فیروز والا روڈ گوجرانوالہ کیزیراہتمام 2 اکتوبر بروز جمعہ پیپلز کالونی چوک فقیر پورہ میں بعد از نماز عشا عظیم الشان 32 ویں سالانہ یا اللہ مدد کانفرنس کا انعقاد کیا جا رہا ہے جس میں فضیل الشیخ حضرت مولانا ارشاد الحق اثری (فیصل آباد)، مولانا سبطین شاہ نقوی، مولانا منظور احمد، قاری محمد حنیف ربانی، مولانا محمد الیاس مدنی، مولانا محمد بنیامین عابد، مولانا محمد اسماعیل عتیق سمندری ودیگر جید علما کرام اور مذہبی رہنما خطاب کرینگے پروگرام منتظم مولانا عثمان اسحاق مرکزی جمعیت اہلحدیث یوتھ فورس فیروز والا روڈ گوجرانوالہ ہیں۔ اس دینی اجتماع میں قرعہ اندازی کے ذریعے عمرے کے ٹکٹ بھی دیئے جائیں گے۔

بعدالت جناب میڈم نازش نواز کیانی
صاحبہ فیملی جج/گارڈین پسرور

درخواست برائے حصول گارڈین سرٹیفکیٹ: سویرا دختر مختار احمد ساکن گھکووالی تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ بنام عوام الناس: اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائلہ\سائل نے درخواست تقرری گارڈین عدالت ہذا میں دائر کی ہے جس کی 03-10-2026 تاریخ پیشی مقرر ہوئی ہے۔ لہذا بذریعہ اشتہار اخبار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو نسبت درخواست کوئی عذر ہوتو وہ تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

بعدالت جناب میڈم نازش نواز کیانی
صاحبہ سول جج/گارڈین پسرور

درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ: مصباح زاہد بیوہ۔ محمد ارحم۔ محمد مصطفےٰ۔ محمد سبحان پسران محمد ملک والد۔ ثریا بی بی والدہ زاہد محمود ساکن ڈاکخانہ رتہ باجوہ سوہاوہ تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ بنام عوام الناس: اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائلہ\سائل نے درخواست تقرری جانشینی عدالت ہذا میں دائر کی ہے جس 13-10-2026 تاریخ پیشی مقرر ہوئی ہے۔ لہذا بذریعہ اشتہار اخبار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو نسبت درخواست کوئی عذر ہوتو وہ تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

اطلاع عام

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جائیداد نمبر W-III-125/RH+Shop واقع مولا پور روڈ الہٰ آباد ہے جو کہ محمد یوسف ولد حاجی عیسیٰ، محمد عیسیٰ کے نام ہے۔ جائیداد مذکورہ بالا میں بعد از فوتیدگی محمد ارشد ولد باغ علی (مرحوم) کے وارثان کے نام بذریعہ وراثتی انتقال نمبر 32390 کھیوٹ نمبر 926 کھتونی نمبر 1748، 1754 مورخہ 25-12-22 بحق وارثان سلیمان ارشد، ارسلان احمد، حسنین احمد پسران، حمیرا ارشد دختران محمد ارشد، زبیدہ بی بی بیوہ محمد ارشد منتقل ہو چکی ہے ریکارڈ میں وارثان کے نام کا اندراج کرنا بھی زیر تجویز ہے۔ لہذا عوام الناس میں سے کسی شخص بنک یا ادارہ وغیرہ کو اس تبدیلی ملکیت/اندراج پر کوئی اعتراض ہوتو اندر سات یوم تحریری طور پر معہ ثبوت دستاویزات ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس قصور کو مطلع کریں۔ بصورت دیگر کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

المشتہر۔ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر قصور

Cr..Bhutta

بعدالت جناب ADLR صاحب
/تحصیلدار صاحب بہاولنگر

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفیہ صدیقہ بی بی دختر محمد یعقوب زوجہ محمد شفیع ذات آرائیں ضلع بہاولنگر کا انتقال ہو چکا ہے۔ متوفیہ کی اراضی موضع روجھانوالی تحصیل وضلع بہاولنگر میں واقع ہے۔ متوفیہ کے شرعی وارثان میں خاوند محمد شفیع۔ محمد ندیم پسر حقیقی زندہ حیات ہیں۔ جبکہ متوفیہ کے والدین پہلے سے فوت شدہ ہیں۔ اور کوئی وارث نہ ہے۔ متوفیہ کا انتقال وراثت منظور ہونا ہے۔ اگر کوئی وارث رہ گیا ہو یا کسی کو کوئی اعتراض ہوتو اندر سات یوم زیر دستخطی کے روبرو اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوں ورنہ انتقال وراثت منظور کرلیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب ADLR صاحب
/تحصیلدار صاحب بہاولنگر

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی اللہ رکھا ولد دھولہ خاں ذات سنیتکا جوئیہ ضلع بہاولنگر کا انتقال ہو چکا ہے۔ متوفی کی اراضی موضع سنیتکا تحصیل وضلع بہاولنگر میں واقع ہے۔ متوفی کے شرعی وارثان میں بیوہ صدیقاں بی بی۔ محمد شہزاد، محمد بلال، یاسمین بی بی، روبینہ بی بی پسران ودختران حقیقی زندہ حیات ہیں۔ جبکہ متوفی کے والدین پہلے سے فوت شدہ ہیں۔ اور کوئی وارث نہ ہے۔ متوفی کا انتقال وراثت منظور ہونا ہے۔ اگر کوئی وارث رہ گیا ہو یا کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی کے روبرو اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوں ورنہ انتقال وراثت منظور کرلیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Raja Kokab

بخدمت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر
لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ
ڈیپارٹمنٹ بہاولنگر

عنوان۔ اخبار اشتہار برائے لیٹ اندراج پیدائش

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی محمد حنیف ولد محمد سلیمان قوم شیخ ساکن بہاولنگر نے اپنے حقیقی بھائی نظام الدین تاریخ پیدائش مورخہ 01-01-1967 کے لیٹ اندراج پیدائش کروانے اور پیدائش سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لئے درخواست دفتر یونین کونسل نمبر 55 رب نواز پورہ بہاولنگر میں گزاری ہے۔ عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی شخص کو نظام الدین کی تاریخ پیدائش مورخہ 01-01-1967 پر کسی قسم کا کوئی عذر یا اعتراض ہوتو وہ اس اشتہار کی اشاعت کے دس یوم کے اندر اپنا تحریری عذر و اعتراض دفتر یونین کونسل/ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بہاولنگر کو دفتر حاضر آکر جمع کروائے۔ بعد از میعاد اخبار اشتہار پیدائش کا سرٹیفکیٹ جاری کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

المشتہر۔ رجسٹرار/ اہلکار پیدائش، موت، نکاح، طلاق، یونین کونسل نمبر 55 رب نواز پورہ تحصیل وضلع بہاولنگر

Cr..Raja Kokab

---

*بعدالت جناب سید میثم رضا زیدی صاحب سول جج جھنگ۔ شمیم مائی وغیرہ بنام ظہراں مائی وغیرہ دعوی استقرار حق اشتہار بنام کوثر بی بی دختر شہزاداں بی بی قوم سید سکنہ کوٹلی باقر شاہ چاہ محمود والا تحصیل 18 ہزاری، پروین مائی، شہناز مائی دختران غلام جعفر شاہ اقوام سید سکنائے موضع ڈھینگانہ تحصیل منکیرہ ضلع بھکر، عالیہ بی بی دختر اقبال حسین قوم سید سکنہ چاہ کھیوے والا موضع منڈے سید، عزیز خان ولد جہان خان قوم بلوچ سکنہ موضع صوبیانہ غربی تحصیل 18 ہزاری، محمد ریاض ولد محمد نواز قوم ارائیں، محمد وسیم، محمد سلیم، محمد مبین، محمد نعیم پسران محمد اظہر اقوام ارائیں سکنائے موضع منڈے سید تحصیل 18 ہزاری ضلع جھنگ، مقدمہ عنوان بالا میں اپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے لیکن مدعا علیہم کی تعمیل اسان طریقے سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا اپ کو بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیاجاتا ہے کہ مقرر تاریخ 07-10-2026 اصالتا وکلاء حاضر عدالت بوقت 8 بجے پیش ہو ورنہ یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی

Cr..Shahid Shaki

بعدالت جناب سرفراز خان صاحب سول جج بھلوال درخواست جانشینی۔ محمد نعیم عباس بنام عوام الناس۔ اشتہار منجانب۔ محمد نعیم عباس ولد خوشی محمد قوم انصاری سکنہ گلی نمبر 22 منظور حیات کالونی بھلوال۔ درخواست مندرجہ عنوان بالا میں مسئول علیہ کی تعمیل ہونا آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مسئول علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 03-10-2026 کو عدالت حضور میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوکر اپنا جواب دیں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..AM

بعدالت جناب خالد حیات صاحب
سول جج پسرور

دعویٰ استقرار حق: مسمات مریا بی بی بیوہ محمد عارف ولد رحمت علی قوم آرائیں ساکن ماکھن پور تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ حال مقیم محلّہ مسلم کالونی/کھوکھر ٹاؤن شہر پسرور تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ بنام عوام الناس وغیرہ: اشتہار بنام عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیاجاتا ہے بتقرر 2026-10-08 بوقت 8 بجے تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

بعدالت جناب چیئرمین ثالثی
ومصالحتی عدالت یونین کونسل
نمبر 109 مرغزار کالونی

زیر دفعہ 9-8-7 مسلم عائلی قوانین مجریہ 1961

مقدمہ نمبری 2026/122

ڈگری تنسیخ نکاح موثر کیے جانا

فریق اول۔ پروین بی بی دختر محمد امین گلی نمبر 2 رانا ٹاؤن منصورہ ملتان روڈ لاہور

فریق دوئم۔ غلام ذاکر ولد پیر بخش لادھوکا تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑا

زیر صدارت سعت زار میں خواتین کے لیے ووٹر رجسٹریشن اور ووٹر آگاہی کے حوالے سے ایک خصوصی آگاہی سیشن منعقد ہوا۔آگاہی سیشن ڈسٹرکٹ ووٹرز ایجوکیشن کمیٹی کے پانچ ماہ کے آگاہی کیلنڈر کے تحت منعقد کیا گیا، جس کا مقصد خواتین میں انتخابی عمل میں شرکت، ووٹر رجسٹریشن اور قومی شناختی کارڈ کی اہمیت کے بارے میں شعور اجاگر کرنا تھا۔

بقیہ سحر 38

بتایا کہ سکیورٹی آڈٹ کی روشنی میں تیار کیے گئے جامع پلان کے تحت ایف ڈی اے سٹی کے داخلی راستے کو جدید سکیورٹی سہولیات سے آراستہ کیا جائے گا، جہاں نئے گیٹ کی تعمیر کے ساتھ الیکٹرک بیریئرز نصب کیے جائیں گے تاکہ آمد ورفت کے نظام کو مزید محفوظ اور منظم بنایا جا سکے۔انہوں نے کہا کہ ایف ڈی اے سٹی کے رہائشیوں کو سکیورٹی اسٹیکرز جاری کرنے سے رہائشی اور غیر رہائشی گاڑیوں کی شناخت اور نگرانی میں مدد ملے گی۔

بقیہ سحر 39

اور رفتار کی مسلسل نگرانی یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔

بقیہ سحر 40

باہمی رابطہ اور تعاون کا سلسلہ خوشگوار انداز میں جاری رہا۔انہوں نے چوہدری محمد اشرف کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ بھی صحافت کے مثبت اور تعمیری کردار کو مزید فروغ دینے میں اپنا کردار ادا کریں گے۔

بعدالت جناب بلال افتخار صاحب سول جج وزیر آباد، دعویٰ استقرار حق وغیرہ

محمد خالد بنام سخنا پاکستان لمیٹڈ ایک رجسٹرڈ کمپنی جس کا ہیڈ آفس باسل سوئٹزرلینڈ میں ہے اور پاکستان میں اس کا رجسٹرڈ دفتر التجارہ سینٹر پندرہویں منزل A-1/32/ بلاک 6 پی ای سی ایچ ایس مین شاہراہ فیصل کراچی پاکستان میں ہے اور اس کا پنجاب کا ایک اہم دفتر (جو مدعی کے ساتھ ڈیل کرتا تھا) پلاٹ نمبر 3 سندر انڈسٹریل اسٹیٹ رائے ونڈ روڈ لاہور میں واقع ہے بذریعہ چیف ایگزیکٹو آفیسر، بنارس حبیب نیشنل سیلز منیجر، راجہ فضل اللہ زونل منیجر لاہور، صلاح الدین گجر ریجنل منیجر لاہور، دفتر پلاٹ نمبر 13 سندر انڈسٹریل اسٹیٹ رائے ونڈ روڈ لاہور

ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 03-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..AM

بعدالت جناب نائب تحصیلدار صاحب ڈونگہ بونگہ

انتقال وراثت موضع ٹوبہ رحمان شاہ تحصیل بہاولنگر میرے روبرو برائے منظوری پیش ہوا اجمل بی بی بیٹی متوفیہ حاضر آکر بیانی ہے کہ میری والدہ شرفاں بی بی ولد ماہم علی زات نیکو کارہ بقضائے الہی فوت ہو چکی ہے۔جس کا انتقال وراثت درج کروایا ہے متوفیہ کے ورثاء میں دو بیٹے محمد وکیل، محمد شبیر۔ایک بیٹی اجمل بی بی زندہ حیات ہیں خاوند اور والدین متوفیہ پہلے سے فوت شدہ ہیں انتقال وراثت منظور کرانا چاہتی ہے دیگر کوئی وارث درج نہ کرایا ہے اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو یا کوئی وارث محروم کیا گیا ہو تو اندر سات یوم دفتر زیر دستخطی اصالتاً یا وکالتاً حاضر آ کر جواب داخل کریں ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔

(مہر عدالت) (دستخط آفیسر مجاز)

Cr..Donga

بعدالت جناب سید قمر عباس صاحب سول جج جہلم

درخواست جانشینی عنوان مقدمہ جویریہ اقبال بنام عوام الناس اخبار اشتہار جویریہ اقبال دختر اللہ بخش ساکن سعیلہ تحصیل وضلع جہلم بنام عوام الناس۔ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 12-10-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بعدالت جناب سید قمر عباس صاحب سول جج جہلم

دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع عنوان مقدمہ سدرہ واجد بنام واجد علی اخبار اشتہار بنام واجد علی ولد انور علی ساکن قائد اعظم ٹاؤن دینہ تحصیل دینہ ضلع جہلم۔ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 15-10-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بعدالت جناب سیدہ حجاب اختر صاحبہ سول جج جہلم

درخواست زیر دفعہ 25 گارڈین اینڈ وارڈ ایکٹ عنوان مقدمہ محمد حسن بنام شگفتہ الطاف وغیرہ اخبار اشتہار بنام 1: شگفتہ الطاف دختر محمد الطاف، 2: محمد الطاف ولد محمد شریف، 3: یاسمین اختر زوجہ محمد الطاف ساکنائے عیدگاہ ڈاکخانہ سعیلہ تحصیل وضلع جہلم۔ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 17-10-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بعدالت جناب حناء رشید صاحبہ سول جج گوجرانوالہ، درخواست حصول سرٹیفکیٹ جانشینی

منجانب کامیہ قدوس بیوہ ساجد دختر نذیر مسیح ساکن آدورائے ڈاکخانہ خاص موڑ ایمن آباد حال مقیم باوڑے تحصیل وضلع گوجرانوالہ، بنام عوام الناس

ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 05-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..AM

بعدالت جناب اسد مشتاق صاحب نائب تحصیلدار قصور

ہر گاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی عبدالغفور ولد رکن دین کی وراثت انتقال واقع موضع الووالہ درج ہو چکی ہے۔جس کے وارثان کی تصدیق ہونا ہے۔والدین متوفی پہلے فوت شد، حسینہ بی بی بیوہ متوفی زندہ، محمد آصف، زبیدہ بی بی، بشریٰ بی بی، نصرت بی بی پسر ودختران متوفی زندہ ہیں کو وارثان ظاہر کیا گیا ہے۔اگر کسی کو نسبت وراثت سے اعتراض ہو یا کوئی دیگر وارث ہو تو بعد از اشاعت سات 7 یوم میں عدالت ہذا سے رابطہ کریں۔بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔آج بدستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح، بعنوان: شمع کنول بنام عاصم رسول

اشتہار بنام: عاصم رسول ولد اعزاز رسول ساکن ٹول پلازہ بارہ دری روڈ شاہدرہ لاہور بنام مدعاعلیہ۔ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 16-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہو گا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہو گا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب ایڈمنسٹریٹر ثالثی ومصالحتی کونسل یونین کونسل نمبر 3 کوٹ کمبوہ شاہدرہ لاہور

مقدمہ طلاق زیر دفعہ 8 مسلم عائلی قوانین مجریہ 1961 فریق اول مسماۃ طاہرہ ممتاز دختر محمد یٰسین سکنہ محلّہ ٹھاکر داس عقب ڈاک خانہ شاہدرہ لاہور فریق دوئم مسمی ممتاز خان ولد ولایت خان ساکن پنڈرٹالی ڈاکخانہ جنڈ تحصیل جنڈ ضلع اٹک فریق دوئم کو مقدمہ بالا میں مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ کو اس سے بیشتر بھی متعدد بار نوٹس حاضری دستی بذریعہ ڈاک جاری ہوئے آپ باوجود تعمیل کے عدم حاضر ہوئے لہذا اشتہار اخبار آپ کو آخری بار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 08-10-2026 کو عدالت میں بمعہ ثالث ہو کر آپنا موقف واضح کریں ورنہ حسب ضابطہ یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب اسد مشتاق صاحب نائب تحصیلدار قصور

ہر گاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی عبدالغفور ولد رکن دین کی وراثت انتقال واقع موضع رجی والا جٹاں درج ہو چکی ہے۔جس کے وارثان کی تصدیق ہونا ہے۔والدین متوفی پہلے فوت شد، حسینہ بی بی بیوہ متوفی زندہ، محمد آصف، زبیدہ بی بی، بشریٰ بی بی، نصرت بی بی پسر ودختران متوفی زندہ ہیں کو وارثان ظاہر کیا گیا ہے۔اگر کسی کو نسبت وراثت سے اعتراض ہو یا کوئی دیگر وارث ہو تو بعد از اشاعت سات 7 یوم میں عدالت ہذا سے رابطہ کریں۔بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔آج بدستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب رانا انیل ارشد صاحب سول جج گوجرانوالہ،

محمد عدیل رضا بنام ڈائریکٹر ایکسائز وغیرہ

درخواست حصول سرٹیفکیٹ جانشینی

منجانب محمد عدیل رضا، محمد شرجیل، محمد فضیل پسران، ماہم روبیل دختر روبیل صابر اقوام مغل برلاس ساکنان مکان نمبر 6 گلی نمبر 13 بلاک Z پیپلز کالونی گوجرانوالہ، بنام عوام الناس

ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 08-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..AM

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل وضلع پاکپتن

ہر گاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ شبیر احمد ولد حاجی وریام قوم ڈھڈی سکنہ محمد پور جاگیر تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے اس کی بیٹی پاکیزہ فاطمہ کی تاریخ پیدائش 1 اپریل 2008 اور بیٹے محمد حسنین 29 دسمبر 2016 ہے جسکا اندراج یونین کونسل نمبر 15 فیروپور چشتیاں پاکپتن میں کروانا قانونی امر ہے اگر کسی کو اعتراض ہو تو وہ اندر 07 یوم رابطہ کریں بعد میں کوئی عذر/اعتراض قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Waqar Farid

بعدالت جناب نوید انجم صاحب سول جج فیروزوالہ

درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی، بعنوان: ثمرہ نذیر بنام عوام الناس وغیرہ

ثمرہ نذیر بیوہ عبدالوحید ساکن محلہ پیر غازی مکان نمبر نارنگ تحصیل مریدکے ضلع شیخوپورہ بنام عوام الناس وغیرہ۔ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے درخواست برائے جانشینی نسبت ترکہ بابت متوفی عدالت ہذا میں گزاری ہے کہ عوام الناس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار ازاں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست ہذا جانشینی بحق سائل/سائلہ بالا جاری کرنے میں کوئی اعتراض ہو تو تاریخ 12-10-2026 کو اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..FW

لیٹ اندراج پیدائش

بخدمت جناب ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ یونین کونسل نمبر 7 لاچپت نگر شاہدرہ لاہور اشتہار بنام عوام الناس بابت لیٹ اندراج پیدائش بر درخواست فضل اللہ محمود ولد بشارت اللہ ساکن محلّہ کوٹ شہاب الدین شاہدرہ لاہور نے درخواست گزاری ہے کہ مجھے برتھ سرٹیفکیٹ چاہیے تیمور احمد ولد فضل اللہ محمود جو مورخہ 23-02-2003 کو پیدا ہوا جس کا میں اندراج بروقت نہ کروا سکا جس کا اب اندراج یونین کونسل نمبر 7 لاچپت نگر شاہدرہ لاہور میں کروانا چاہتا ہوں اس سے قبل کسی بھی یونین کونسل میں اندراج نہ ہے تیمور احمد کا نام کسی کو اعتراض ہو تو دفتر ہذا سے رابطہ کر سکتا ہے۔شناختی کارڈ 35401.1559201.9-

Cr..FW

بعدالت جناب محمد اجمل خاں صاحب سول جج/جج فیملی کورٹ قصور

آمنہ فیض بنام ارشاد محمود خاں دعویٰ۔تنسیخ نکاح۔اشتہار بنام:۔ارشاد محمود خاں ولد نیاز احمد سکنہ ڈاکخانہ موکل قائم شاہ والا تحصیل چونیاں ضلع قصور 0304-6090633 مقدمہ ہذا میں مدعا علیہم کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔لہذا مدعا علیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 06-10-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔بصورت دیگران کے خلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔آج بدستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب فاطمہ قیوم صاحبہ سول جج گوجرانوالہ، دعویٰ استقرار حق

منجانب کائنات علی دختر امداد حسین ذات روال راجپوت ساکن محلّہ گورونانک پورہ گلی نمبر 8 تحصیل وضلع گوجرانوالہ، بنام عوام الناس وغیرہ

ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 12-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..AM

از دفتر یونین کونسل نمبر 66 گبر ارائیں تحصیل علی پور ضلع مظفر گڑھ

ہر گاہ عام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ ممتاز بشیر زوجہ محمد بشیر، سکنہ چک نمبر 161 / Eb تحصیل عارفوالا، ضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے کہ میرے بیٹے حافظ عامر بشیر کا برتھ سرٹیفکیٹ غلطی سے یونین کونسل گبر ارائیں سے جاری ہو گیا ہے، جس کا CRMS نمبر B132432052 اور تاریخ اجراء 1 ستمبر 2026 ہے، جسے کینسل کیا جائے، اس حوالے سے کسی کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو اندر 7 یوم روبرو وتحریری حاضر آ کر پیش کرے، بعد ازاں کوئی عذر قابلِ قبول نہیں ہوگا

Cr..Waqar Farid

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع گجرات

درخواست برائے لیٹ اندراج وفات ہر گاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ تنویر احمد ولد غلام رسول ساکن ڈاکخانہ خاص ہریہ والہ تحصیل وضلع گجرات نے درخواست گزاری ہے کہ میری والدہ رسولاں بی بی دختر اللہ دتہ زوجہ غلام رسول تاریخ پیدائش 23-05-2021 کا لیٹ اندراج یونین کونسل گجرات میں کروانا مقصود ہے اگر کسی کو عذر یا اعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم زیر دستخطی سے رابطہ کریں بعد از میعاد اندراج کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Ghafar

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح، بعنوان: نجمہ بی بی بنام فیصل سلیمان

اشتہار بنام: فیصل سلیمان ولد سلیمان ذات مغل سکنہ چھوٹا ساندہ نوکا شاپ لاہور بنام مدعاعلیہ۔ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 02-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہو گا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہو گا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب طاہر محمود انصاری صاحب سول جج درجہ اول قصور

محمد وسیم وغیرہ بنام محمد ارشد وغیرہ دعویٰ۔دخلیابی۔اشتہار بنام:۔ارشاد بی بی دختر محمد لطیف زوجہ نوید اقبال، رخسانہ کوثر دختر محمد لطیف زوجہ محمد سلیم، ریحانہ کوثر دختر محمد لطیف زوجہ جمشید علی، فرزانہ کوثر دختر محمد لطیف زوجہ محمد امین اقوام مغل سکنائے موضع بدر پور تحصیل وضلع قصور مقدمہ ہذا میں مدعا علیہم کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔لہذا مدعا علیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 03-10-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔بصورت دیگران کے خلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔آج بدستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب لبنیٰ صغیر صاحبہ سول جج گوجرانوالہ، درخواست حصول سرٹیفکیٹ جانشینی

منجانب شائستہ بیوہ محمد عظیم دختر منیر دین ساکن محلہ ارسلان کالونی سٹی گوجرانوالہ، بنام عوام الناس وغیرہ

ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 03-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..AM

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل وضلع پاکپتن

ہر گاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ غلام رسول ولد محمد صادق سکنہ فرید کوٹ تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے اس کی حقیقی ہمشیرہ غلام فاطمہ دختر محمد صادق کی تاریخ پیدائش 1 اپریل 14 مئی 1984 ہے جس کا اندراج کسی یونین کونسل میں نہ ہے، لیٹ اندراج یونین کونسل نمبر 10 موسیوال پاکپتن میں کروانا قانونی امر ہے اگر کسی کو اعتراض ہو تو وہ اندر 07 یوم رابطہ کریں بعد میں کوئی عذر/اعتراض قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Waqar Farid

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع گجرات

درخواست برائے لیٹ اندراج وفات ہر گاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ شاکر احمد ولد محمد امین ساکن نزد علی مرتضیٰ مسجد محلہ حسن ٹاؤن ڈنگہ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات نے درخواست گزاری ہے کہ میرے بیٹے محمد احسن ولد شاکر احمد کی تاریخ وفات 26-05-2021 کا لیٹ اندراج یونین کونسل ضلع گجرات میں کروانا مقصود ہے اگر کسی کو عذر یا اعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم زیر دستخطی سے رابطہ کریں بعد از میعاد اندراج کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Ghafar

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح، بعنوان: فریحہ بخاری بنام سید علی حیدر

اشتہار بنام: سید علی حیدر ولد سید طاہر حسین شاہ ساکن ڈاکخانہ خاص جنڈالہ واڑچ نزد امام گاہ ضمیر ابو طالب تحصیل وضلع گوجرانوالہ بنام مدعاعلیہ۔ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 10-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہو گا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہو گا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

اطلاع عام

ہر گاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جائیداد نمبر W-III-125/RH+Shop واقع مولا پور روڈ الہ آباد ہے جو کہ محمد یوسف ولد حاجی عیسیٰ، محمد عیسیٰ کے وارثان کے نام بذریعہ وراثتی انتقال نمبر 32390 کھیوٹ نمبر 926 کھتونی نمبر 1748، 1754 مورخہ 22-12-25 بحق وارثان سلیمان ارشد، ارسلان احمد، حسنین احمد پسران، حمیرا ارشد دختران محمد ارشد، زبیدہ بی بی بیوہ محمد ارشد منتقل ہو چکی ہے ریکارڈ میں وارثان کے نام کا اندراج کرنا بھی زیر تجویز ہے۔لہذا عوام الناس میں سے کسی شخص بنک یا ادارہ وغیرہ کو اس تبدیلی ملکیت/اندراج پر کوئی اعتراض ہو تو اندر سات یوم تحریری طور پر معہ ثبوت دستاویزات ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس قصور کو مطلع کریں۔بصورت دیگر کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔المشتہر۔ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر قصور

Cr..Bhutta

بعدالت جناب نازیہ بانو صاحبہ سول جج گوجرانوالہ، دعویٰ تنسیخ نکاح ودلاپانے خرچہ نان ونفقہ وغیرہ

مہک افضل دختر افتخار حسین وغیرہ بنام علی حسن ولد بشیر احمد ساکن مدینہ پارک بڑھے بوچکی تحصیل وضلع ننکانہ صاحب حال مقیم المکہ ٹاؤن نزد سٹیڈیم بھائی پھیروں

ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 10-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..AM

بعدالت جناب طاہر محمود انصاری صاحب سول جج درجہ اول قصور

شبانہ بی بی بنام محمد فاروق وغیرہ مقدمہ نمبر 101/1 بابت سال 02-03-26 دعویٰ۔استقرار حق۔اشتہار بنام:۔محمد فاروق ولد موچی قوم میو بلیانہ سکنہ موضع کھارا قصور، زینب بی بی، شبانہ بی بی دختران موجی اقوام میو بلیانہ سکنائے موضع کھارا قصور، صوبہ پنجاب بذریعہ ڈسٹرکٹ کلکٹر قصور، ADCR قصور، تحصیلدار قصور، پٹواری حلقہ موضع کھارا قصور مقدمہ ہذا میں مدعا علیہم کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔لہذا مدعا علیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 20-10-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔بصورت دیگران کے خلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔آج بدستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: دلاپانے خرچہ نان ونفقہ، بعنوان: نیلم شہزادی وغیرہ بنام بلال امین

اشتہار بنام: بلال امین ولد محمد الیاس قوم مغل ساکن ریلو کے ڈاکخانہ بدوچیمہ سمبڑیال ضلع سیالکوٹ بنام مدعاعلیہ۔ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 06-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہو گا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہو گا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب شاہد نواز کھچی صاحب سینئر سول جج سول ڈویژن سرگودھا

دعویٰ دلاپانے

سعد اللہ بنام امداد اللہ

اشتہار بنام: امداد اللہ ولد شوکت اللہ خان وڑائچ سکنہ A-110 ظفر اللہ چوک سیٹلائٹ ٹاؤن سرگودھا

مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ بتقرر 03-10-2026 وقت 08:00 بجے کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں ورنہ آپ کے خلاف حسب ضابطہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔آج ہمارے دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Asif

بعدالت جناب اسد مشتاق صاحب نائب تحصیلدار قصور

ہر گاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی غلام محمد ولد جلال دین کی وراثت انتقال واقع موضع ہری ہر درج ہو چکی ہے۔جس کے وارثان کی تصدیق ہونا ہے۔والدین متوفی پہلے فوت شد، معراج بی بی بیوہ متوفی پہلے فوت شد، محمد حنیف، محمد صدیق، محمد رفیق، بشیر احمد، محمد اشرف، محمد جاوید رضا، زاہدہ بی بی پسران ودختر متوفی زندہ ہیں کو وارثان ظاہر کیا گیا ہے۔اگر کسی کو نسبت وراثت سے اعتراض ہو یا کوئی دیگر وارث ہو تو بعد از اشاعت سات 7 یوم میں عدالت ہذا سے رابطہ کریں۔بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔آج بدستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب حبیبہ سرفراز شیخ صاحبہ سول جج گوجرانوالہ،

دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع

نیلم بی بی دختر محمد عنایت بنام محمد اکبر ولد محمد رمضان ساکن چک نمبر D3-10 ڈاکخانہ خاص جہانیاں ضلع خانیوال

ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 02-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..AM

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل وضلع پاکپتن

ہر گاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ ناہید اختر زوجہ محمد عدنان سکنہ موسیوال تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے اسکے بیٹے محمد ناظم ولد محمد عدنان کی تاریخ پیدائش 04 مئی 2006 ہے جس کا اندراج کسی یونین کونسل میں نہ ہے، لیٹ اندراج یونین کونسل نمبر 10 موسیوال پاکپتن میں کروانا قانونی امر ہے اگر کسی کو اعتراض ہو تو وہ اندر 07 یوم رابطہ کریں بعد میں کوئی عذر/اعتراض قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Waqar Farid

عاق نامہ

پسر حقیقی حسنین اسلم ولد محمد اسلم ساکن راجڑ کلاں تحصیل سرائے عالمگیر ضلع گجرات کو بوجہ نافرمانی وگستاخی اپنی تمام منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کر دیا ہے آئندہ اس کے کسی بھی قول وفعل اور لین دین کی ذمہ دار نہیں ہوں اس سے لین دین کرنے والا خود ذمہ دار ہو گا

۔المشتہر: بشریٰ بی بی زوجہ ریحان یوسف سکنہ سرگودھا روڈ نیشنل بنک گجرات

Cr..Ghafar

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع گجرات

درخواست برائے لیٹ اندراج وفات ہر گاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ علی رضا ساکن محلّہ نئی آبادی گڑھی احمد آباد گجرات نے درخواست گزاری ہے کہ میری بیٹی مناہل فاطمہ دختر علی رضا تاریخ وفات 15-02-2024 کا لیٹ اندراج یونین کونسل میں کروانا مقصود ہے اگر کسی کو عذر یا اعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم زیر دستخطی سے رابطہ کریں بعد از میعاد اندراج کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Ghafar

بعدالت جناب شاہد نواز کھچی صاحب سینئر سول جج سول ڈویژن سرگودھا

دعویٰ دلاپانے

سعد اللہ بنام امداد اللہ وغیرہ

اشتہار بنام: امداد اللہ، انعام اللہ پسران شوکت اللہ خان وڑائچ، محمد علی ٹیپو ولد عصمت اللہ، نزہت بیگم بیوہ، حنا عاصم زوجہ عاصم فراز، سعدیہ شوکت دختر، شاہدہ شوکت بیوہ شوکت اللہ، چاند ظفر دختر ظفر اللہ خان سکنہ A-110 ظفر اللہ چوک سیٹلائٹ ٹاؤن سرگودھا، مغل ایڈورٹائزنگ لمیٹڈ سپیچری کلمہ چوک لاہور بذریعہ منیجر آپریشن جاوید عمران ولد خادم حسین سکنہ مکان نمبر A-95 گلی نمبر 6 گارڈن ٹاؤن سرگودھا

مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ بتقرر 03-10-2026 وقت 08:00 بجے کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں ورنہ آپ کے خلاف حسب ضابطہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔آج ہمارے دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Asif

اشتہار گمشدگی پاسپورٹ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میرا پاسپورٹ نمبر EK5185822 جو دوران سفر علاقہ چپراڑ میں کہیں گر کر گم ہو گیا ہے

اگر کسی کو ملے یا کسی کو پتہ ہو تو درج ذیل ایڈریس پر ارسال کر دے۔المشتہر محمد شفیق ولد محمد اشرف سکنہ مہیت پور ڈاکخانہ چپراڑ تحصیل وضلع سیالکوٹ

Cr..Zia

تصحیح نام (اشتہار عام)

مسماۃ

Syeda Khadija Moqaddas

بنت سید محمد مقدس کاظمی ساکن لاہور بیان کرتی ہوں کہ میرے تعلیمی ریکارڈ پر سکول کی غلطی کی وجہ سے میرا نام غلط درج ہو گیا ہے۔

میرے آفیشل شناختی کارڈ/ب فارم کے مطابق میرا اصل، درست اور مکمل نام انگلش میں

Syeda Khadija Moqaddus Kazmi

اور اردو میں سیدہ خدیجہ مقدس کاظمی ہے۔میرے تعلیمی کوائف کی تفصیل درج ذیل ہے:

1۔میٹرک: رول نمبر 192536، سیشن 2024، بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن لاہور۔

2۔انٹر: رول نمبر 568429، سیشن 2026، بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن لاہور۔

اگر کسی کو اس تصحیح پر کوئی اعتراض ہو تو وہ 7 دن کے اندر لاہور بورڈ سے رجوع کرے۔

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع، بعنوان: شازیہ بی بی بنام محمد جعفر

اشتہار بنام: محمد جعفر ولد محمد اشرف قوم آرائیں ساکن ڈھانہ چک نمبر 12 ڈاکخانہ واں رادھا رام تحصیل چونیاں ضلع قصور بنام مدعاعلیہ۔ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 07-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہو گا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہو گا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب فوزیہ سائرہ صاحبہ سول جج درجہ اول گجرات،

مقدمہ: دعویٰ استقرار حق وغیرہ، عنوان: صائمہ بی بی، بنام: ایڈمنسٹریٹر، اشتہار بنام: ایڈمنسٹریٹر بذریعہ سیکرٹری یونین کونسل حاجی والا نمبر 13 تحصیل وضلع گجرات، ہر گاہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا مدعا علیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 09/10/2026 بوقت 8:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی دستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری ہوا ہے

Cr..Ghafar

بعدالت جناب آصف اقبال صاحب جج فیملی کورٹ سلانوالی ضلع سرگودھا

دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع وغیرہ

عائشہ صدیقہ بنام شہزاد احمد

اشتہار بنام: شہزاد احمد ولد نور محمد کھوکھر سکنہ محلّہ راجپوتاں نزد ویگن سٹینڈ سوہدرہ تحصیل وضلع وزیر آباد

مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ بتقرر 07-10-2026 وقت 08:00 بجے کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں ورنہ آپ کے خلاف حسب ضابطہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔آج ہمارے دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Asif

بعدالت جناب رانا محمد عرفان صاحب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ امتیاز الحسن ولد غلام دستگیر چک نمبر 62 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔متوفی کے وارثان میں غلام دستگیر والد، نذیر بیگم والدہ پہلے فوت شدگان، میاں ظہور الحسن ورک پسر بعد میں فوت شد، میاں منصور الحسن ورک، منظور الحسن عرف سکندر حیات پسران، فوزیہ ندیم، شازیہ عابد ورک دختران زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی ودستاویزی پیش کر سکتا ہے۔بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بقیہ بقیہ جات 1

میں پانی کا بطور ہتھیار استعمال، سندھ طاس معاہدے کی معطلی کی تاریخی، قانونی و تذویراتی پہلو پر خصوصی رپورٹ کی تقریب رونمائی سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ انسٹیٹیوٹ آف اسٹریٹجک اسٹڈیز کی جانب سے رپورٹ کا اجرا لائق تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ بطور پاکستانی ہمیں فخر ہے کہ ہمارا تعلق سندھ طاس کی قدیم تہذیب سے ہے، طے شدہ معاہدے پر عمل درآمد متعلقہ فریقین کے لیے لازمی ہے اور بین الاقوامی معاہدوں کو یکطرفہ طور پر معطل یا ختم نہیں کیا جاسکتا اس لیے عالمی ثالثی عدالت بھی پاکستان کے موقف کے حق میں فیصلہ دے چکی ہے۔ عطا تارڑ نے کہا کہ پاکستان نے سندھ طاس معاہدے سے متعلق اپنا موقف سفارتی سطح پر اٹھایا، سندھ طاس معاہدے کو نہ معطل کیا جاسکتا ہے اور نہ ہی التوا میں رکھا جاسکتا ہے،

بقیہ بقیہ جات 2

2026 تک منعقد ہوئی، جبکہ قازقستان نے بطور مبصر ملک شرکت کی۔ ایٹرنل برادرہڈ 5-مشق کا مقصد شریک ممالک کی اسپیشل فورسز کے درمیان تعاون، رابطہ کاری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ کرنا تھا۔ مشق کے دوران شریک فورسز نے مختلف جدید آپریشنز اور جنگی حکمت عملیوں سے متعلق عملی تجربات اور معلومات کا باہمی تبادلہ کیا۔ مشترکہ مشق میں شریک اسپیشل فورسز نے سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے بھی اپنے تجربات ایک دوسرے کے ساتھ شیئر کیے۔ مشق کے ذریعے جدید آپریشنز اور جنگی حکمت عملیوں کے حوالے سے شریک ممالک کی فورسز کے درمیان رابطہ کاری اور باہمی تجربات کے تبادلے کو فروغ دیا گیا۔ ایٹرنل برادرہڈ 5-مشق شریک ممالک کے درمیان بڑھتے ہوئے دفاعی اور سیکیورٹی تعاون، باہمی اعتماد اور فوجی تعلقات کے استحکام کی عکاسی کرتی ہے۔ کثیر ملکی مشق میں مختلف ممالک کی اسپیشل فورسز کی شرکت سے مشترکہ پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور باہمی رابطہ کاری میں اضافے کے مقصد کو آگے بڑھایا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 3

خاموش تماشائی بن گئی۔ ذرائع کے مطابق تشدد کے دوران خواتین چیختی چلاتی پولیس سے مدد مانگتی رہیں تاہم پولیس نے مداخلت کے بجائے آنکھیں چرائی رہیں۔ واقعے کی ویڈیوز بھی سامنے آگئی ہیں جن میں پولیس اہلکاروں کو بااثر افراد کے ہمراہ متاثرہ خاندان کے گھر میں داخل ہوتے دیکھا جاسکتا ہے۔ پولیس کے مطابق جھگڑا اوورسیز فیملی اور ایک سابق سرکاری افسر کے درمیان گھر خالی کرانے کے تنازع پر ہوا۔ متاثرہ خاندان کے مطابق انہوں نے دوسال قبل ایک سرکاری افسر کو گھر کرایہ پر دیا تھا، ایک سال کا معاہدہ ختم ہونے کے باوجود کرایہ دار نہ گھر خالی کررہا ہے اور نہ ہی کرایہ ادا کر رہا ہے۔ متاثرہ خاندان کے سربراہ صفدر علی کے ویڈیو بیان میں کہا گیا کہ کرایہ دار کئی افراد کے ہمراہ گھر میں داخل ہوا اور خواتین پر تشدد کیا جبکہ گھر میں توڑ پھوڑ بھی کی گئی۔ خاندان نے الزام عائد کیا ہے کہ پولیس بااثر افراد کے ساتھ ملی ہوئی ہے اور ان کی کوئی شنوائی نہیں ہورہی۔ پولیس کے مطابق واقعہ تھانہ واہ کینٹ کے نوٹس میں آچکا ہے، متاثرہ فریق کی درخواست موصول ہوگئی ہے اور فریقین کو طلب کرکے قانون کے مطابق کارروائی کی جائے

بقیہ بقیہ جات 4

تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ہلاک دہشتگردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا ہے۔ سیکیورٹی فورسز نے میرعلی اور گردونواح میں فتنۃ الخوارج کے ٹھکانوں کو تباہ کردیا۔ دوسری جانب سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنۃ الہندوستان کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کر دی گئیں ضلع سوراب کے علاقے مال مدرسہ کے قریب سیکیورٹی فورسز کے آپریشن میں ایک دہشتگرد ہلاک اور دوسرا فرار ہوگیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فتنۃ الہندوستان کے ہلاک دہشت گرد سے اسلحہ اور موٹر سائیکل برآمد کرلیا گیا۔ اپنے بیان میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے میرعلی میں فتنۃ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور بہادری قابل فخر ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ ملک کے امن اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا۔ اپنے بیان میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے میر علی میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی میں 3 خارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم آفس سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ہلاک دہشت گردوں سے اسلحہ و گولہ بارود برآمد کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو شاباش دی۔ وزیراعظم نے دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کو سراہا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ فتنۃ الخوارج کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان سے دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 5

میں 3 پاکستانی شہری ربیع اللہ خان، سید کاشف عمر اور محمود احمد انصاری شامل ہیں، جن کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 6

کے مطابق یورپی یونین نے جنگ کے بعد تیل اور گیس کی مقدار میں نمایاں اضافہ کیے بغیر صرف قیمتوں میں ہوشربا اضافے کی وجہ سے تقریباً 100 ارب یورو اضافی ادا کیے۔ یورپی کمشنر برائے توانائی ڈین جورگنسن نے کہا کہ اضافی رقم خرچ ہونے کے باوجود یورپ کو توانائی کی اضافی مقدار حاصل نہیں ہوئی۔ توانائی کی قیمتوں میں اضافے کا بڑا سبب آبنائے ہرمز میں پیدا ہونے والی صورتحال ہے جو عالمی تیل اور ایل این جی تجارت کے لیے اہم ترین سمندری راستوں میں شمار ہوتی ہے۔ آبنائے ہرمز پر ایرانی کنٹرول اور بندش کے باعث یورپ میں ڈیزل اور پیٹرول کی قیمتیں بھی نمایاں طور پر بڑھی ہیں جس کا براہِ راست اثر ٹرانسپورٹ، صنعت اور گھریلو صارفین پر پڑ رہا ہے۔ یورپی ممالک اب بڑھتے ہوئے اخراجات کم کرنے کے لیے مختلف اقدامات کررہے ہیں۔ جرمنی نے اکتوبر سے دسمبر تک پیٹرول اور ڈیزل پر عارضی ٹیکس کمی کی منظوری دی ہے جبکہ دیگر ممالک بھی سبسڈی اور ٹیکس اقدامات پر غور کررہے ہیں۔ دوسری جانب یورپ کی بڑی ایئر لائنز بھی مہنگے ایندھن سے متاثر ہورہی ہیں۔ جرمن فضائی کمپنی لوفتھانزا نے رواں سال اضافی جیٹ فیول لاگت کا تخمینہ پہلے بتائے گئے 1.5 ارب یورو سے بھی بڑھنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ ادھر امریکی صارفین بھی تیل قیمتوں میں اضافے سے متاثر ہورہے ہیں جہاں گزشتہ سال کے مقابلے میں رواں سال پٹرول اور ڈیزل پر اخراجات میں اربوں ڈالر کا اضافہ ہوا

بقیہ بقیہ جات 7

میں مودی راج کی سیاسی مداخلت سے متعلق بحث کو دوبارہ تیز کردیا ہے۔ بھارتی جریدے کی رپورٹ کے مطابق کولکتہ کے ستیہ جیت رے فلم اینڈ ٹیلی ویژن انسٹی ٹیوٹ میں 27 ستمبر کو آر ایس ایس کے حملے میں 8 طلبہ شدید زخمی ہوئے جبکہ طلبہ کا کہنا ہے کہ 150 سے زائد افراد کو مختلف نوعیت کی چوٹیں آئیں۔ رپورٹ کے مطابق حملہ آوروں نے خود کو بی جے پی اور آر ایس ایس سے وابستہ ظاہر کیا۔ رپورٹ کے مطابق طلبہ نے الزام عائد کیا کہ حملہ آوروں نے انہیں ڈنڈوں سے تشدد کا نشانہ بنایا، گالم گلوچ کی اور بعض طالبات کے کپڑے اتارنے کی کوشش بھی کی۔ رپورٹ میں طلبہ کے بیانات کے حوالے سے کہا گیا کہ پولیس کی آمد کے بعد بھی کشیدگی برقرار رہی۔ رپورٹ کے مطابق واقعے کے پس منظر میں ایک ایسی تنظیم کا اجلاس تھا جسے طلبہ نے آر ایس ایس سے وابستہ قرار دیا۔ طلبہ کا موقف تھا کہ انہیں اجلاس کے بارے میں پیشگی اطلاع نہیں دی گئی تھی اور سیاسی سرگرمی کے لیے ادارے کے مرکزی آڈیٹوریم کا استعمال ان کی تعلیمی سرگرمیوں میں رکاوٹ بن رہا تھا۔ دوسری جانب لولی پروفیشنل یونیورسٹی میں ایک طالبہ سے مبینہ زیادتی کی خبر کے بعد احتجاج شدت اختیار کرگیا۔ پولیس نے مظاہرین کی جانب سے سڑک بند رکھنے پر لاٹھی چارج کیا جبکہ احتجاج کے دوران طلبہ کی جانب سے پولیس پر پتھراؤ بھی کیا گیا۔ بعض طلبہ اور پولیس اہلکار زخمی ہوئے۔ پولیس نے واضح کیا کہ زیادتی سے متعلق گردش کرنے والی اطلاع کی اس وقت تک تصدیق نہیں ہوئی تھی۔ رپورٹ کے مطابق احتجاج کے دوران جالندھر-پھگواڑہ نیشنل ہائی وے پر ٹریفک متاثر ہوئی جبکہ یونیورسٹی کی املاک کو بھی نقصان پہنچنے کی اطلاعات سامنے آئیں۔ پولیس نے صورتحال قابو میں ہونے کا دعوی کرتے ہوئے قانونی کارروائی کی بات کی۔ ان واقعات نے بھارت کے تعلیمی اداروں میں سیاسی سرگرمیوں، طلبہ کے احتجاج، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ردعمل اور کیمپس میں طلبہ کے تحفظ سے متعلق سوالات کو نمایاں کردیا

بقیہ بقیہ جات 8

پر اشتہارات کی تیاری، تصاویر اور ویڈیو کے انتخاب میں براہِ راست کردار ادا کیا۔ کم از کم 17 لاکھ ڈالر مالیت کے یہ اشتہارات سرکاری ٹی وی مہم کے طور پر نشر کیے گئے، جبکہ ناقدین نے انہیں سیاسی تشہیر قرار دیا۔ وائٹ ہاس کا موقف ہے کہ یہ سیاسی اشتہارات نہیں بلکہ پبلک سروس اعلانات ہیں۔ امریکی قانون سازوں نے بھی ٹیکس دہندگان کے پیسے کے استعمال پر سوال اٹھا

بقیہ بقیہ جات 9

اور اسرائیلی حکام کے درمیان ملاقات کی اطلاعات کی تردید کی ہے۔ اسرائیلی میڈیا نے دعوی کیا تھا کہ وزیراعظم نیتن یاہو نے حالیہ دورہ یواےای کے دوران سعودی عہدیدار اور مشرق وسطی کے حکام سے بھی ملاقات کی تھی۔ نیتن یاہو نے اتوار کو امارات میں صدر یواےای شیخ محمد بن زاید النہیان سے ملاقات کی تھی۔ اسرائیلی اور اماراتی دونوں حکام نے اس ملاقات کی تصدیق کی

بقیہ بقیہ جات 10

کے نتیجے میں ہلاک ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق دہشت گرد پٹوارخانے کی جانب جارہا تھا کہ راستے میں اس کے پاس موجود بارودی مواد پھٹ گیا جس کے نتیجے میں وہ ہلاک ہوگیا۔ دھماکے کے باعث سرکاری پٹوارخانے سے متصل دو گھروں کو بھی نقصان پہنچا اور ان کی دیواریں منہدم ہوگئیں۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق واقعہ بھتہ خوری کے تنازع سے بھی منسلک بتایا جارہا ہے اور مبینہ طور پر پٹوارخانے کو نشانہ بنانے کی کوشش کی جارہی تھی۔ واقعہ کے بعد سیکیورٹی اداروں نے علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کرنا شروع کردیئے جبکہ دھماکے کی نوعیت اور واقعہ کے دیگر پہلوؤں کی تحقیقات جاری

بقیہ بقیہ جات 11

ٹیسٹ کی تاریخ کا اعلان کردیا۔ ایس پی ایس سی کے ترجمان کے مطابق سی سی ای 2026 کا اسکریننگ ٹیسٹ 24 اکتوبر کو منعقد ہوگا جس کے لیے تمام ضروری انتظامات مکمل کرلیے گئے ہیں۔ ترجمان کے مطابق اسکریننگ ٹیسٹ کے انعقاد کے حوالے سے انتظامی اور دیگر تیاریاں پہلے ہی مکمل کی جاچکی ہیں۔ امیدواروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ امتحان سے متعلق ضروری معلومات اور ہدایات پر توجہ دیں تاکہ مقررہ تاریخ پر ٹیسٹ میں شرکت

بقیہ بقیہ جات 12

ملکی معیشت کیلئے حکومت نے مزید قرض لینے کا منصوبہ تیار کرلیا، وفاقی حکومت رواں مالی سال بجٹ خسارہ پورا کرنے کیلئے 7 ہزار 20 ارب روپے قرض لے گی۔ مقامی ذرائع سے 6 ہزار 46 ارب اور بیرونی ذرائع سے 813 ارب روپے حاصل کیے جائیں گے، حکومت نے 2026ء سے 2028ء تک کی تین سالہ قرض حکمت عملی بھی فائنل کرلی۔

بقیہ بقیہ جات 13

آسامیوں پر سویلینز کی بھرتی روکنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ امریکی وزیر جنگ پیٹ ہیگسیتھ نے ملٹری اکیڈمیز کو ہدایت کی کہ وہ سویلین پروفیسرز کو مستقل ملازمت دینے کا عمل فوری طور پر روک دیں۔ جاری کردہ میمو کے مطابق یہ فیصلہ فوجی اکیڈمیوں کی توجہ دوبارہ جنگی صلاحیتوں پر مرکوز کرنے کی کوشش کا حصہ ہے۔ وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے کہا کہ یہ تبدیلی اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ضروری تھی کہ اکیڈمیاں فوجی قیادت کی تربیت کے اپنے جنگی مشن پر اپنی توجہ مرکوز رکھیں۔

بقیہ بقیہ جات 14

م کی جدید کاری کیلئے اہم پیش رفت سامنے آگئی، پاکستان سنگل ونڈو نے ہانگ کانگ کسٹمز کے بلاک چین پلیٹ فارم ''ویلیڈاے پی'' کے ساتھ انضمام فعال کر دیا۔ ''ویلیڈ اے پی'' یعنی ویلیڈیشن اینڈ آتھنٹیکیشن پلیٹ فارم ہانگ کانگ کسٹمز دستاویز کا ڈیجیٹل تصدیقی پلیٹ فارم ہے۔ اس انضمام کے ذریعے پاکستان سنگل ونڈو سے جاری الیکٹرانک تجارتی دستاویزات کی درست حیثیت کی ڈیجیٹل تصدیق ممکن ہوگی۔ تصدیق کیلئے اصل دستاویز یا حساس معلومات ''ویلیڈاے پی'' پلیٹ فارم پر منتقل یا محفوظ کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی، 18 مئی 2026 کو پاکستان کسٹمز اور ہانگ کانگ کسٹمز کے درمیان مفاہمتی یادداشت کے بعد پاکستان "ویلیڈاے پی" میں شامل ہونے والا پہلا ملک بن گیا۔

بقیہ بقیہ جات 15

ارکان اسمبلی، پارٹی عہدیداروں، ذیلی تنظیموں کو تیاری کی ہدایات جاری کردیں۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان تحریک انصاف نے 27 ستمبر سے موخر کیے گئے لانگ مارچ کو مزید ملتوی نہ کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے اعلان کردہ 4 اکتوبر کو اسلام آباد کی طرف مارچ کرنے کا حتمی فیصلہ کیا ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے اس حوالے سے ارکان اسمبلی، عہدیداروں، ذیلی تنظیموں کو ہدایت کی گئی کہ لانگ مارچ کی مکمل تیاری کریں جبکہ اس حوالے سے مختلف کمیٹیاں بھی تشکیل دے دی گئی ہیں۔ پی ٹی آئی ذرائع کے مطابق 2 اکتوبر کو لانگ مارچ کا شیڈول جاری کیا جائیگا جبکہ وزیراعلیٰ کی سربراہی میں قافلہ پشاور سے روانہ ہوگا اور صوابی میں پڑا کرے گا جہاں سے اگلے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا، وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے ہدایت کی کہ لانگ مارچ پرامن ہوگا، کارکن اور ارکان اسمبلی دو ہاتھ اور دو پاں لیکر جائیں گے، غلیلیں، ڈنڈے اور بندوقیں لے کر نہیں جائیں گے جو انتشار کی کوشش کریں انھیں پکڑ کر پولیس کے حوالے کیا جائے گا۔ چار اکتوبر کو لانگ مارچ کے حوالے سے تحریک انصاف کی پارلیمانی پارٹی، ڈویژنل تنظیموں، عہدیداروں کا اجلاس وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی صدارت میں ہوا اجلاس میں سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں لانگ کے حوالے سے مختلف تجاویز زیرغور آئیں وزیراعلیٰ کو جنوبی اضلاع سے بھی مارچ شروع کرنے کی تجویز دی۔ وزیراعلیٰ نے بتایا کہ حتمی شیڈول دو اکتوبر کو دیا جائے گا، اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ پشاور سے قافلہ روانہ ہوگا جس کا پہلا پڑا نوشہرہ جبکہ اس کے بعد دوسرا پڑا صوابی میں ہوگا۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ نے اپنی صفوں میں موجود بعض عناصر سے متعلق شکوہ کرتے ہوئے کہا کہ ہماری صفوں میں میر جعفر اور میر صادق موجود ہیں۔ ذرائع کے مطابق پارلیمانی پارٹی اجلاس میں 4 اکتوبر کے لانگ مارچ کے حوالے سے ارکان اسمبلی کو ذمہ داریاں اور آئندہ کے لائحہ عمل سے بھی آگاہ کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 16

جاوید قاضی نے وزیراعلیٰ کو موبائل پولیس اسٹیشن کے حوالے سے بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ہر موبائل پولیس سٹیشن وین میں انچارج سب انسپکٹر، فیلڈ سپروائزر، سینئر سٹیشن اسسٹنٹ، مرد اور خاتون کانسٹیبل تعینات ہوں گے، موبائل پولیس سٹیشنز یونیورسٹیوں اور گرلز کالجز میں شیڈول کے مطابق جائیں گے جبکہ 15 پر موصول ہونے والی کالز کے ڈیٹا کی بنیاد پر وینز کو مختلف علاقوں میں بھیجا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 17

نوجوان کو شہید کر دیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی فوج کی راشٹریہ رائفلز اور سینٹرل ریزرو پولیس فورسز نے نوجوان کو ضلع کے علاقے یوس مرگ کے کوراگ میں محاصرے اور تلاشی کی کارروائی کے دوران ایک جعلی مقابلے میں ہلاک کیا۔ شہید نوجوان کی شناخت سلیمان شاہ کے نام سے ہوئی ہے۔ بھارتی فوج نے کہا ہے کہ اس نے یوسمرگ میں آپریشن علاقے میں مشکوک نقل وحرکت کی اطلاعات پر شروع کیا اور نوجوان فورسز کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے میں مارا گیا۔ بھارتی فورسز نے یوسمرگ میں 5 ستمبر کو بھی اسی طرح کے ایک جعلی مقابلے میں یاسر نامی نوجوان کو شہید کیا تھا۔ دریں اثنا قابض فورسز نے بڈگام، بارہمولہ، راجوری اور پونچھ اضلاع کے مختلف علاقوں میں محاصرے اور تلاشی کی کارروائیاں جاری رکھیں۔ مقامی باشندوں کا کہنا ہے کہ ماورائے عدالت قتل کے واقعات میں کئی گنا اضافہ ہوا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ بھارتی فورسز اہلکار تفتیشی مراکز یا مختلف علاقوں سے نوجوانوں کو لاتے ہیں اور انہیں عسکریت پسند قرار دے کر تلاشی کی کارروائیوں کے دوران شہید کر دیتے ہیں۔ بھارت نے جموں وکشمیر پر اپنا غیرقانونی تسلط برقرار رکھنے کے لیے دس لاکھ سے زائد فوجی تعینات کر رکھے ہیں اور علاقہ اس وقت دنیا کا سب کا بڑا فوجی تعیناتی والا خطہ مانا جاتا ہے۔ بھارت نے علاقے میں تعینات فورسز اہلکاروں کو کالے قانون آرمڈ فورسز سپیشل پاورز ایکٹ کے تحت بے لگام اختیارات دے رکھے ہیں۔ بھارت کی ریاستی دہشت گردی کے سبب جنوری 1989 سے اب تک 96 ہزار 5 سو 2 کشمیریوں کو شہید کیا ہے، جن میں 7,421 سے زائد کو دوران حراست یا جعلی مقابلوں میں شہید کیا

بقیہ بقیہ جات 18

آباد: حکومت آزاد جموں وکشمیر کی ہدایات پر قدرتی آفات سے نمٹنے، عوام میں حفاظتی شعور اجاگر کرنے اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کی استعداد کار بڑھانے کے لیے ڈیزاسٹر منیجمنٹ ہفتہ منانے کی تیاریاں شروع کردی گئی ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل ایس ڈی ایم اے وریسکیو 1122 سعید قریشی کی نگرانی میں یکم سے 7 اکتوبر تک آزاد کشمیر بھر میں مختلف آگاہی و تربیتی سرگرمیوں کا انعقاد کیا جائے گا۔ ڈیزاسٹر منیجمنٹ ہفتہ کے دوران عوام کو زلزلوں، لینڈ سلائیڈنگ، سیلاب، آتشزدگی اور دیگر قدرتی و ہنگامی آفات کے ممکنہ خطرات سے آگاہ کرنے کے ساتھ ساتھ کسی بھی ناگہانی صورتحال میں احتیاطی تدابیر اختیار کرنے، محفوظ مقامات کی نشاندہی، ابتدائی طبی امداد اور ریسکیو کے بنیادی طریقہ کار سے بھی روشناس کرایا جائے گا

بقیہ بقیہ جات 19

نتیجے میں 6 افراد ہلاک اور ایک زخمی ہوگیا۔ روسی وزارت دفاع کے مطابق یہ حادثہ ٹی یو 95-طیارے کے ساتھ پیش آیا۔ طیارے نے آمور کے علاقے میں اڑان بھری تھی کہ کچھ دیر بعد گر کر تباہ ہوگیا۔ حادثے کے بعد امدادی ٹیموں نے کارروائی کرتے ہوئے زخمی افراد کو اسپتال منتقل کیا۔ روسی حکام کا کہنا تھا کہ حادثے کے وقت طیارے میں کوئی گولہ بارود یا جنگی ہتھیار موجود نہیں تھا تاہم حادثے کی وجہ فوری طور پر سامنے نہیں آسکی۔ روسی میڈیا کے مطابق ٹی یو 95 - سوویت دور میں تیار کیا جانے والا طویل فاصلے تک پرواز کرنے والا اسٹریٹجک بمبار طیارہ ہے۔ یہ طیارہ روسی فضائیہ کے اہم ترین بمبار طیاروں میں شمار ہوتا ہے اور اسے طویل فاصلے کے کروز میزائل لے جانے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ روسی حکام نے حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات شروع کردی ہیں جبکہ تباہ ہونے والے طیارے کے ملبے کی جگہ پر امدادی کارروائیاں جاری

بقیہ بقیہ جات 20

بھی نشانے پر رہیں۔ انھیں چین کی زندگی گزارنے نہیں دیں گے۔ انھوں نے مزید کہا کہ 7 اکتوبر 2023 کے حملے میں مرکزی کردار ادا کرنے والے حماس کے رہنما اور جنگجوؤں کو اپنے بستروں پر سکون سے مرنے نہیں دیا جانا چاہیے۔ اسرائیلی وزیر دفاع نے حماس کے رہنماؤں کو اکتوبر 2023 کے حملے کا ذمہ دار قرار دیتے ہوئے کہا کہ اسرائیل ان کے تعاقب کا سلسلہ جاری رکھے گا۔ تاہم ان کے بیان میں حماس کے کسی مخصوص رہنما یا ان کے خلاف کسی بھی قسم کی کارروائی کی تفصیلات نہیں بتائی گئیں۔ یاد رہے کہ اسرائیل نے ستمبر 2025 میں قطر کے دارالحکومت دوحہ میں حماس کی قیادت کو نشانہ بنانے کے لیے فضائی حملہ کیا تھا۔ جس میں ایک قطری شہری جاں بحق ہوگیا تھا۔ اسرائیلی قیادت نے اس حملے کو حماس کے سینئر رہنماں کے خلاف کارروائی قرار دیا تھا تاہم بعد ازاں اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے قطر سے حملے پر معذرت بھی کی تھی۔ واضح رہے کہ غزہ میں امریکی ثالثی میں جنگ بندی اور پیس بورڈ کے قیام کے باوجود اسرائیل نے جارحانہ کارروائی جاری رکھی ہوئی ہیں بلکہ اس کا سلسلہ مغربی کنارے تک وسیع کر دیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 21

نادرا گرفتار کرلیا گیا۔ ایف آئی اے انسداد دہشت گردی ونگ نے کارروائی کرتے ہوئے افغان شہریوں کے منسوخ شدہ شناختی کارڈ بحال کرنے کی کوشش کے الزام میں نادرا کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر آفتاب کو گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے کے مطابق ملزم نے شناختی کارڈ بحال کرنے کے لیے 12 کروڑ روپے وصول کیے۔ سی ٹی ڈبلیو نے ملزم کی گرفتاری کے بعد اس کے گھر پر بھی چھاپا مارا۔ ایف آئی اے کے مطابق چھاپے کے دوران گھر سے 19 لاکھ روپے نقدی برآمد کرلی گئی۔ ملزم نے باقی رقم سے حویلیاں اور جی 15 میں پلاٹ خریدے۔ ایف آئی اے کے مطابق ملزم کی جانب سے خریدے گئے پلاٹوں کی دستاویزات بھی حاصل کرلی گئی ہیں، ایف آئی اے انسداد دہشت گردی ونگ کے مطابق ملزم نے 51 افغان شہریوں کے شناختی کارڈ بحال کرنے کے لیے پیسے وصول کیے

بقیہ بقیہ جات 22

ے کے مطابق وائٹ ہاؤس میں اے آئی رہنماؤں سے ملاقات کے بعد گفتگو میں ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ہمیں مصنوعی ذہانت کے میدان میں نمایاں برتری حاصل ہے اور ہم اسے برقرار رکھنا چاہتے ہیں۔ امریکی میڈیا کے مطابق صدر ٹرمپ نے ٹیکنالوجی عہدیداروں کے ساتھ مصنوعی ذہانت سے متعلق ایک دستاویز پر دستخط کیے ہیں۔ ٹرمپ نے دستاویز کو تحفظ کی ایک شکل قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نگرانی کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دینے پر غور کررہے ہیں، ہم خود احتسابی کا زبردست عمل دیکھ رہے ہیں، اے آئی رہنما اس بات کو سمجھتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ملاقات میں ڈیٹا سینٹرز کے قیام کے مقامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ جن علاقوں میں ڈیٹا سینٹرز تعمیر کیے جائیں گے، وہاں کے لوگوں کو مالی طور پر بہت زیادہ فائدہ

بقیہ بقیہ جات 23

اسٹیبلشمنٹ آف اسپیشل کورٹس (اوورسیز پاکستانی پراپرٹی) ایکٹ 2025ء کے تحت مرتب کیے گئے ہیں۔ نئے قواعد کے تحت اوورسیز پاکستانیوں کی جائیدادوں سے متعلق خصوصی عدالتوں میں مقدمات کی الیکٹرانک فائلنگ، سماعت، عدالتی ریکارڈ اور دیگر کارروائیوں کو ڈیجیٹل نظام کے تحت لایا جائے گا۔ قواعد کے مطابق ای فائلنگ کے لیے لاہور ہائیکورٹ کے منظور شدہ پورٹل کا استعمال کیا جائے گا، جہاں درخواستیں، دستاویزات، حلف نامے اور دیگر متعلقہ ریکارڈ الیکٹرانک صورت میں جمع کرائے جاسکیں گے، فائلنگ کے بعد درخواست گزار کو الیکٹرانک رسید، فائلنگ نمبر اور ادائیگی کی تفصیلات بھی فراہم کی جائیں گی۔ نئے طریقہ کار کے تحت وکلا اور فریقین کو پورٹل پر رجسٹریشن کرانا ہوگی جبکہ بنیادی الیکٹرانک پتے اور شناختی معلومات کے ذریعے رسائی دی جائے گی عدالت کو فریقین کی درخواست پر یا مناسب سمجھنے کی صورت میں کارروائی الیکٹرانک ذرائع سے آگے بڑھانے کا اختیار بھی حاصل ہوگا

بقیہ بقیہ جات 24

سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دفاعی تعاون پر ہونے والی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ سعودی میڈیا کے مطابق منگل کو ریاض میں ہونے والے کابینہ کے اجلاس میں مکہ دفاعی معاہدے کے سیکریٹریٹ کے قیام کے علاوہ علاقائی اور عالمی صورتحال پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں آبنائے ہرمز، باب المندب، بحیرہ احمر اور خلیج عدن میں بحری آمدورفت کی آزادی اور تحفظ کی اہمیت اجاگر کی گئی۔ اجلاس کے شرکا نے آبنائے ہرمز میں حالات کو 28 فروری سے پہلے کی سطح پر بحال کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا جبکہ بحری جہازوں پر حوثی ملیشیا کے حملوں کی مذمت سے متعلق اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے بیان کا خیر مقدم کیا گیا۔ کابینہ نے مکہ دفاعی مشترکہ معاہدے کے سیکریٹریٹ کے قیام سے متعلق پیشرفت کا بھی جائزہ لیا جس کے ساتھ سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کے مابین دفاعی تعاون کے امور بھی زیر بحث آئے۔ اجلاس میں سمندری راستوں کے تحفظ، علاقائی سلامتی اور دفاعی تعاون سے متعلق امور کو اہمیت دی

بقیہ بقیہ جات 25

کشمیر کے ضلع کٹھوعہ میں ایک کیمپ کے اندر آپس کی فائرنگ کے واقعے میں ایک اسسٹنٹ کمانڈنٹ اور ایک سب انسپکٹر سمیت بھارتی پیراملٹری سینٹرل انڈسٹریل سیکیورٹی فورس (سی آئی ایس ایف) کے چار اہلکار ہلاک ہو گئے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی حکام نے بتایا کہ یہ واقعہ شام تقریباً ساڑھے سات بجے بسوہلی کے علاقے ماشکا میں سیوا تھری پن بجلی منصوبے پر پیش آیا۔ سی آئی ایس ایف کے اہلکار منصوبے کی حفاظت پر مامور تھے۔

بقیہ بقیہ جات 26

تسر میں اس مقدس مقام کے باہر خالصتان کے حق میں نعرے لگائے گئے، جس سے انتہائی سخت سیکیورٹی والے اس مذہبی مقام پر حفاظتی انتظامات کے حوالے سے سوالات پیدا ہو گئے ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق، سرجیو گور نے گولڈن ٹیمپل کے دورے کے دوران سکھ کارکنوں نے مقدس مقام کے باہر مظاہرہ کیا اور خالصتان کے حق میں نعرے لگائے۔ اس مظاہرے اور خالصتان کے حق میں نعرے بازی نے ایک اعلی غیر ملکی سفارت کار کے دورے کے موقع پر سیکیورٹی انتظامات کی جانب توجہ مبذول کرائی ہے۔ یہ واقعہ ایسے وقت میں پیش آیا ہے جب خالصتان کے مسئلے اور سکھوں کے لیے علیحدہ ریاست کے حامی گروپوں کی سرگرمیوں کے حوالے سے پہلے ہی سیاسی حساسیت کا ماحول برقرار ہے۔ بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) نے اس واقعے پر بھگونت مان کی سربراہی میں قائم پنجاب کی عام آدمی پارٹی حکومت سے جواب طلب کرلیا ہے۔ بی جے پی کے ترجمان آر پی سنگھ نے پوچھا کہ جب مظاہرہ ہورہا تھا تو پنجاب انٹیلی جنس بیورو کہاں تھا؟ انہوں نے کہا کہ وزیراعلی بھگونت مان کو وضاحت کرنی چاہیے کہ خالصتان کے حامی کارکن اس طرح کا احتجاج کرنے میں کیسے کامیاب ہوئے۔ یاد رہے کہ برطانیہ، کینیڈا، امریکہ سمیت دیگر ملکوں میں ہونیوالے خالصتان ریفرم اور سکھ تارکین وطن کی ان میں بڑی تعداد میں شرکت نے پہلے ہی بی جے پی کی بھارتی حکومت کو زچ کر رکھا

بقیہ بقیہ جات 27

ہوگی، حکومت آزاد کشمیر کی جانب سے عوامی تحفظ اور آتشزدگی کے ممکنہ واقعات سے بروقت نمٹنے کے لیے فائر سیفٹی کے اقدامات کو مؤثر بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر مظفرآباد کی نگرانی میں مختلف سرکاری و نجی اداروں اور کاروباری مراکز کے فائر سیفٹی آڈٹ اور حفاظتی انتظامات کی جانچ پڑتال کے لیے خصوصی کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 28

اسٹیبلشمنٹ کی وجہ سے پارٹی کو نقصان ہورہا ہے۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ 9 مئی کے بعد جتنے لوگ پی ٹی آئی کے ساتھ ہیں انہوں نے سخت وقت دیکھا۔ سیکرٹری اطلاعات تحریک انصاف نے پارٹی چھوڑنے سے انکار کرتے ہوئے کہا کہ میرے پارٹی چھوڑنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ واضح رہے کہ تحریکِ انصاف کے سیکریٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی نے پارٹی کے چیئرمین بیرسٹر گوہر اور دیگر کو خط لکھ کر ملک کے وسیع تر مفاد میں لانگ مارچ فوری ملتوی کرنے کی درخواست کی تھی۔ جواب میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے پارٹی کے سیکریٹری اطلاعات کا خط ملنے پر ڈسٹ بن میں پھینکنے کا اعلان کیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 29

سلام آباد نے واشنگٹن سے وضاحت طلب کی تھی کہ آیا گور کے بیانات کسی پالیسی تبدیلی کا اشارہ ہیں۔ امریکی حکام نے اپنے پاکستانی ہم منصبوں کو بتایا کہ ہمارے موقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے اور واشنگٹن بدستور کشمیر کو ایک ایسا تنازعہ سمجھتا ہے جسے پاکستان اور بھارت کے درمیان حل کرنے کی ضرورت ہے۔ رپورٹس میں صدر ٹرمپ کی جانب سے کشمیر تنازعہ کے حل میں مدد کی سابقہ پیشکش کا بھی ذکر کیا گیا اور کہا گیا کہ یہ پیشکش واشنگٹن کے اس نظریے کی عکاسی تھی کہ یہ مسئلہ تاحال حل طلب ہے۔ گور کے بیانات نے اسلام آباد میں تشویش پیدا کر دی تھی۔ پاکستان نے ان بیانات پر احتجاج کیا اور اسلام آباد میں امریکی ناظم الامور کو طلب کرکے کہا کہ سفیر کے تبصرے امریکہ کے دیرینہ موقف اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے بارے میں پاکستان کی سمجھ بوجھ سے مطابقت نہیں رکھتے۔ اس مسئلے پر واشنگٹن میں میڈیا سے گفتگو کے دوران بھی بات چیت کی گئی جس میں کشمیر سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کے چیئرمین رانا محمد قاسم نون اور امریکہ میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ شامل تھے۔ رانا قاسم نون نے کشمیری عوام کے لیے پاکستان کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت کا اعادہ کیا اور کہا کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق تنازعہ کو حل کیے بغیر جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کا حصول ممکن نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس تنازعے کو حل شدہ قرار نہیں دیا جاسکتا۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ بھارت کے زیر قبضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر زیادہ توجہ دے؛ لوگوں کی گمشدگیوں، حراستوں، آبادیاتی تبدیلیوں اور کشمیر کی سیاسی و ثقافتی شناخت کو تبدیل کرنے کی کوششوں پر تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے اس تنازعے کو جنوبی ایشیا کی وسیع تر سیکیورٹی صورتحال سے بھی جوڑا اور دلیل دی کہ تین جوہری ہتھیاروں سے لیس ریاستوں کی موجودگی، حل طلب تنازعات کو پرامن طریقے سے حل کرنے کی اہمیت کو اجاگر کرتی ہے،، سفیر رضوان شیخ نے کہا کہ کشمیر بین الاقوامی اور اقوام متحدہ کے فریم ورک کا حصہ ہے اور اس کا پرامن حل علاقائی اور وسیع تر بین الاقوامی امن واستحکام کے لیے ناگزیر

بقیہ بقیہ جات 30

بھارتی فورسز نے ایک نوجوان کو شہید کیا جبکہ اسی علاقے میں 5 ستمبر کو یاسر نامی نوجوان کو جعلی مقابلے میں شہید کیا گیا تھا۔ بھارتی حکام نے آج شہید ہونے والے نوجوان کی شناخت سلیمان شاہ کے نام سے کی ہے جب کہ بعض حکام نے شہید ہونیوالے کا نام ہاشم موسی عرف آصف موسی بتایا ہے۔ یہاں یہ بات انتہائی دلچسپ اور قابل غور ہے کہ 25-24 اپریل کو، جموں و کشمیر پولیس نے پہلگام حملے میں ملوث افراد کے خاکے جاری کیے، جن میں سے بھی ایک کا نام ہاشم موسی بتایا گیا تھا۔ 23 جون 2025 کو بھارتی تحقیقاتی ادارے ''این آئی اے'' نے تصدیق کی کہ جموں وکشمیر پولیس کی جانب سے جاری کردہ خاکے پہلگام حملے کے اصل حملہ آوروں سے مطابقت نہیں رکھتے۔ 28 جولائی کو بھارتی فورسز نے دوبارہ دعوی کیا کہ انہوں نے 'آپریشن مہادیو' کے دوران موسی کو مار دیا ہے۔ اور اب، 30 ستمبر کو یوسمرگ میں جس نوجوان کو جعلی مقابلے میں شہید کیا گیا، بعض بھارتی حکام نے اسکا نام بھی موسی بتایا ہے۔ بھارتی فوج کا یہ بھی ایک پرانا وطیرہ ہے کہ وہ پاکستان کو بدنام کرنے کیلئے اس طرح کے آپریشنوں میں مارے جانے والوں کو پاکستانی درانداز قرار دیتی ہے۔ تاہم دنیا جانتی ہے کہ بھارت نے مقبوضہ جموں وکشمیر پر فوجی طاقت کے بل پر قبضہ جمار رکھا ہے اور کشمیری گزشتہ آٹھ دہائیوں سے زائد عرصے سے اسکے جابرانہ تسلط کے خلاف ایک تاریخ ساز جدوجہد کر رہے ہیں اور عظیم قربانیاں دے رہیں، کشمیریوں کی بھارتی قبضے کے خلاف جدوجہد مکمل طور پر انکی اپنی ہے اور اقوام متحدہ کا چارٹر انہیں اس جدوجہد کا حق دیتا ہے۔ عالمی برادری نے جموں وکشمیر کے حوالے سے بھارتی بیانیے کو مکمل طور پر مسترد کر دیا ہے اور وہ جموں وکشمیر کو مسلسل ایک متنازعہ خطے کے طور پر مانتی ہے۔ جعلی مقابلوں میں بیگناہ عام شہریوں کے قتل کے پیچھے بھارتی فورسز کے کئی مذموم مقاصد کارفرما ہوتے ہیں۔ بھارتی فوج کے افسر واہلکار انعامات، ترقی اور تمغوں کے لالچ میں جعلی مقابلوں کا سہارا لیتے ہیں۔ جعلی مقابلوں میں نوجوانوں کے قتل کا مقصد کشمیریوں کی نفسیات پر اثر انداز ہونا اور ان کے اندر خوف ودہشت پیدا کرکے جذبہ آزادی کو دبانا ہے۔ انسانی حقوق کے عالمی اداروں نے بارہا بھارت کے ان مذموم ہتھکنڈوں کو بےنقاب کیا

بقیہ بقیہ جات 31

یٹک فریڈم پارٹی کے ترجمان ایڈووکیٹ ارشد اقبال نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں کہا کہ شبیر احمد شاہ کی دوبارہ دلی منتقلی کا اقدام ایک ایسے معمر اور علیل سیاسی قیدی کے ساتھ سنگین ناانصافی ہے جس نے اپنی زندگی کی تقریباً چار دہائیاں بھارتی جیلوں میں گزاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شبیر احمد شاہ مختلف عوارض میں مبتلا ہیں اور ڈاکٹروں کی جانب سے انہیں طویل سفر سے گریز کا مشورہ دیا جاچکا ہے۔ اس کے باوجود انہیں بار بار جموں اور دہلی کے درمیان منتقل کرنا ان کی صحت کے لیے شدید خطرات پیدا کرسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شبیر احمد شاہ کے خلاف قائم مقدمات میں بھارتی عدالتوں نے انہیں ضمانت بھی دی، لیکن اس کے باوجود انہیں رہا نہیں کیا جارہا اور پرانے جھوٹے مقدمات میں ملوث کیا جا رہا ہے جو اس بات کا غماز ہے کہ بھارت انہیں مسلسل قید میں رکھنے کے لیے قانونی کارروائیوں کا ایک نہ ختم ہونے والا سلسلہ جاری رکھنا چاہتا ہے۔ ترجمان نے مطالبہ کیا کہ شبیر احمد شاہ کی صحت اور عمر کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کی فوری طبی نگہداشت یقینی بنائی جائے، غیرضروری منتقلی کا سلسلہ بند کیا جائے اور انہیں اپنے اہل خانہ اور وکلا تک مناسب رسائی فراہم کی جائے۔ ایڈووکیٹ ارشد اقبال نے عالمی انسانی حقوق کی تنظیموں اور اقوام متحدہ کے متعلقہ اداروں سے بھی اپیل کی کہ وہ شبیر احمد شاہ کی طویل قید، بگڑتی ہوئی صحت اور مسلسل منتقلی کا نوٹس لیتے ہوئے ان کے بنیادی انسانی اور قانونی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا

بقیہ بقیہ جات 32

ہوگی، حکومت آزاد کشمیر کی جانب سے عوامی تحفظ اور آتشزدگی کے ممکنہ واقعات سے بروقت نمٹنے کے لیے فائر سیفٹی کے اقدامات کو مؤثر بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر مظفرآباد کی نگرانی میں مختلف سرکاری و نجی اداروں اور کاروباری مراکز کے فائر سیفٹی آڈٹ اور حفاظتی انتظامات کی جانچ پڑتال کے لیے خصوصی کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق کمیٹی میں تحصیلدار مظفرآباد ذیشان قریشی، سول ڈیفنس کے نمائندے اور ریسکیو 1122 کے انچارج رانا ظہیر شامل ہیں، جو مختلف مقامات کا دورہ کرکے وہاں موجود فائر سیفٹی انتظامات، ہنگامی آلات اور آتشزدگی کی صورت میں فوری کارروائی کے لیے دستیاب سہولیات کا جائزہ لیں گے۔ فائر سیفٹی آڈٹ کے دوران پرائیویٹ دفاتر، سکولز، کالجز، ہسپتالوں، شادی ہالز، ہوٹلز، گیسٹ ہاؤسز اور پٹرول پمپس سمیت دیگر حساس اور عوامی مقامات کا معائنہ کیا جائے گا

بقیہ بقیہ جات 33

نہیں کرنا پڑے گا۔ عظمی بخاری نے کہا کہ مریم نواز پنجاب کے شہریوں کو ان کی دہلیز پر علاج معالجے کی بہترین سہولیات مہیا کر رہی ہیں، پنجاب صحت کے شعبے میں انقلابی اقدامات کر رہا ہے، اسی لیے دوسرے صوبوں سے لوگ پنجاب میں علاج کروانے آتے ہیں، پنجاب کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں مفت ادویات مل رہی اور تمام ٹیسٹ مفت ہو رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 34

گے۔ امریکی صدر نے ٹیکنالوجی عہدیداروں کے ساتھ مصنوعی ذہانت سے متعلق ایک دستاویز پر دستخط کئے، ٹرمپ نے دستاویز کو تحفظ کی ایک شکل قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہم نگرانی کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دینے پر غور کررہے ہیں، ہم خود احتسابی کا زبردست عمل دیکھ رہے ہیں، اے آئی رہنما اس بات کو سمجھتے ہیں۔ امریکی صدر نے کہا کہ ڈیٹا سینٹرز کے قیام کے مقامات پر تبادلہ خیال کیا گیا، جن علاقوں میں ڈیٹا سینٹرز تعمیر کئے جائیں گے، وہاں کے لوگوں کو مالی طور پر بہت زیادہ فائدہ

بقیہ بقیہ جات 35

گے۔ امریکی صدر نے ٹیکنالوجی عہدیداروں کے ساتھ مصنوعی ذہانت سے متعلق ایک دستاویز پر دستخط کئے، ٹرمپ نے دستاویز کو تحفظ کی ایک شکل قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہم نگرانی کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دینے پر غور کررہے ہیں، ہم خود احتسابی کا زبردست عمل دیکھ رہے ہیں، اے آئی رہنما اس بات کو سمجھتے ہیں۔ امریکی صدر نے کہا کہ ڈیٹا سینٹرز کے قیام کے مقامات پر تبادلہ خیال کیا گیا، جن علاقوں میں ڈیٹا سینٹرز تعمیر کئے جائیں گے، وہاں کے لوگوں کو مالی طور پر بہت زیادہ فائدہ

بقیہ بقیہ جات 36

معائنہ کیا اور اس کی ورکنگ کا مشاہدہ کیا، انہوں نے وین میں موجود عملے سے بات چیت کی اور سینئر سٹیشن اسسٹنٹ اور خاتون پبلک گائیڈ سے طریقہ کار کے بارے میں دریافت کیا، اس موقع پر سیکرٹری ہوم احمد جاوید قاضی نے وزیراعلیٰ کو موبائل پولیس اسٹیشن کے حوالے سے بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ہر موبائل پولیس سٹیشن وین میں انچارج سب انسپکٹر، فیلڈ سپروائزر، سینئر سٹیشن اسسٹنٹ، مرد اور خاتون کانسٹیبل تعینات ہوں گے، موبائل پولیس سٹیشنز یونیورسٹیوں اور گرلز کالجز میں شیڈول کے مطابق جائیں گے جبکہ 15 پر موصول ہونے والی کالز کے ڈیٹا کی بنیاد پر وینز کو مختلف علاقوں میں بھیجا جائے گا۔ ہر موبائل پولیس سٹیشن وین پر پولیس سے متعلق 14 مختلف اقسام کی خدمات فراہم کی جائیں گی، شہری یہاں ایف آئی آر کے اندراج کے لیے درخواست، آن لائن ای ٹیگنگ، گمشدگی کی رپورٹ، کریمنل ریکارڈ چیکنگ اور کرایہ داروں کے اندراج سمیت مختلف سہولیات حاصل کرسکیں گے۔ موبائل پولیس سٹیشن میں گھریلو اور دکانوں کے ملازمین کے اندراج، پولیس اور کریکٹر سرٹیفکیٹ کی ویریفکیشن کے علاوہ لرنر لائسنس، ڈرائیونگ لائسنس، لائسنس کی تجدید، ڈپلیکیٹ اور انٹرنیشنل ڈرائیونگ لائسنس سے متعلق سہولت بھی دستیاب ہوگی۔ حکام کے مطابق موبائل پولیس سٹیشن وین کی آمد کا شیڈول سوشل میڈیا اور دیگر ذرائع سے جاری کیا جائے گا جبکہ وین کی آمد سے قبل متعلقہ علاقوں کی مساجد میں اعلانات بھی کیے جائیں گے۔ بریفنگ کے مطابق موبائل پولیس سٹیشن سرکاری ایس او پیز کے تحت تشکیل دی گئی خصوصی ٹیم کے ذریعے کام کرے گا، ایک سب انسپکٹر موبائل یونٹ کے انچارج ہوں گے جبکہ متعلقہ ایس ایچ او اور علاقے کا بیٹ افسر آپریشن کی نگرانی کے لیے موجود رہیں گے، سینئر سٹیشن اسسٹنٹ آئی ٹی آپریشنز، ڈیجیٹل ڈیٹا بیس اور آن لائن اندراجات کی نگرانی کرے گا جبکہ مرد اور خاتون کانسٹیبل شہریوں کی رہنمائی اور سہولت کاری کریں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ موبائل پولیس سٹیشن کا مقصد پولیسنگ کی خدمات عوام کی دہلیز تک پہنچانا ہے، اس اقدام سے عوام اور پولیس کے درمیان فاصلہ کم ہوگا جبکہ دور دراز علاقوں میں رہنے والے شہریوں کے وقت اور سفری اخراجات کی بھی بچت ہوگی۔ مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ موبائل پولیس سٹیشن کے ذریعے شہریوں کو عزت و وقار کے ساتھ پولیسنگ کی خدمات براہ راست ان کی دہلیز پر فراہم کی جائیں گی۔ وزیراعلیٰ نے بتایا کہ پنک موبائل پولیس سٹیشن میں خواتین کے لیے مخصوص عملہ تعینات ہوگا، ہراساں کرنے، تشدد اور خواتین و بچوں کے خلاف بدسلوکی جیسے حساس معاملات سے متعلق شکایات کے لیے لیڈیز سٹاف بھی دستیاب ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 37

خیال کیا، سردار عتیق احمد خان نے کہا کہ سب سے پہلے ریاست پھر سیاست، ہم نے نہ صرف آزاد کشمیر کے عوام کے حقوق کی جنگ لڑنی ہے بلکہ مقبوضہ کشمیر کے بھائیوں کو بھی آزادی دلوانا ہے، مقبوضہ کشمیر کے بھائی طویل عرصہ سے آزادی کے منتظر ہیں، مسئلہ کشمیر ان مٹ نشان ہے اور مسئلہ کشمیر ختم کرنا تحریک آزادی کشمیر کو ختم کرنے کے مترادف ہے، آزاد کشمیر کے الیکشن جن حالات میں ہوئے ان کے نتائج بھی ویسے ہی آنے تھے، کسی طرح بھی عام انتخابات کو مسلم کانفرنس شفاف نہیں کہہ سکتی، مسلم کانفرنس اسمبلی سے باہر رہ کر بھی تحریک آزادی کشمیر کی جنگ لڑتی رہے گی، مسلم کانفرنس کا کردار کسی سے ڈھکا چھپا نہیں، مسلم کانفرنس کو ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت دیوار سے لگایا جارہا ہے، مسلم کانفرنس کے کارکن اپنی صفوں میں اتحاد واتفاق برقرار رکھیں، مسلم کانفرنس ہی آزاد کشمیر کی نظریاتی سرحدوں کی اولین وارث ہے، انھوں نے کہا کہ دھیر کوٹ شرقی وغربی باغ کے عوام باجرات ہیں اور وہ اپنے حقوق کا تحفظ کرنا اچھی طرح جانتے ہیں، ہم نے آزاد کشمیر کی موجودہ صورتحال کو بڑی مہارت کے ساتھ ٹھیک کرنا ہوگا، ہم نے دھمکی بری بات کو اچھائی سے جیتنا ہوگا، اچھے برے دن آتے رہتے ہیں وہی قومیں اپنے مقاصد میں کامیاب ہوتی ہیں جو اپنے مقصد پر ڈٹے رہتے ہیں اور منزل کو حاصل کر لیتے ہیں، انھوں نے کہا کہ ادارے بھی اپنے ہیں اور عوام بھی، ہم نے اپنے اداروں کو مضبوط کرنا ہے تاکہ خطہ ترقی کی طرف گامزن ہوسکے، حکومت اور عوام کو ایک پیج پر چلنا ہوگا، اب وقت آچکا ہے کہ حکمران اور عوام اکٹھے ہوکر مسئلہ کشمیر کی جانب توجہ دیں اور اس وقت مسئلہ کشمیر پر جاندار موقف اپنانے کی ضرورت ہے

بقیہ بقیہ جات 38

تہذیبی رنگ اور لاہور کی قدیم تاریخی روایت کے فروغ کا باعث بنے گی، گزشتہ بسنت سے بھی بڑھ کر شہریوں کی حفاظت اور سہولت کے بہتر اقدامات کئے جائیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے عوام سے اپیل کی کہ انسانی جان کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے فرض شناسی، ذمہ داری اور احساس کے ساتھ گزشتہ بسنت کی طرح ایک نئی مثال قائم کریں۔ یاد رہے کہ 25 سال کے تعطل کے بعد رواں سال 6 سے 8 فروری تک لاہور میں بسنت منائی گئی

بقیہ بقیہ جات 39

سردار محمد سرفراز ڈوگر نے میڈیا کے دوستوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ آزاد میڈیا کے لیے آج ہائیکورٹ میڈیا سینٹر کا افتتاح کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بے شک ہم پر تنقید کریں یا تعریف کریں، آپ آزاد ہیں۔ افتتاحی تقریب میں پراسیکیوٹر جنرل منظور احمد ججہ اور ایڈیشنل اٹارنی جنرل راشد حفیظ بھی شریک ہوئے۔ اس موقع پر رجسٹرار یار محمد ولانہ، ایڈیشنل رجسٹرار نور محمد مرزا اور ڈپٹی رجسٹرار بھی موجود تھے۔ میڈیا سینٹر کی افتتاحی تقریب میں صدر ہائیکورٹ بار واجد گیلانی اور جنرل سیکرٹری بیرسٹر قاسم نواز عباسی نے بھی شرکت کی۔ تقریب میں لا افسران اور اسلام آباد ہائیکورٹ جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے کورٹ رپورٹرز بھی شریک ہوئے۔

بقیہ بقیہ جات 40

ون میں جمع کرائے گی، جس کے بعد خزانے میں موصول ہونے والی رقم روڈا کو قرض کی صورت میں جاری کی جائے گی۔ دستاویزات کے مطابق روڈا کو یہ قرض مقررہ شرائط کے تحت مالی سال 2026-27 میں ضمنی گرانٹ کے ذریعے فراہم کیا جائے گا۔ پنجاب حکومت نے روڈا کے پہلے منسوخ کیے گئے 2 ارب 75 کروڑ 10 لاکھ روپے سے زائد کے قرضی بیلنس کو بھی بحال کرنے کی منظوری دی ہے۔ بحال کی جانے والی رقم دریائے راوی پر سیلاب سے بچا کے منصوبوں کے لیے استعمال کی جائے گی۔ سرکاری دستاویزات کے مطابق قرضی رقم کی بحالی کا مقصد سیلاب سے بچا کے منصوبوں پر کام کو بلاتعطل جاری رکھنا ہے۔ ذرائع کے مطابق روڈا کے لیے قرض اور ضمنی گرانٹ کی منظوری پنجاب کابینہ نے سرکولیشن کے ذریعے دی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 41

میں پانی کا بطور ہتھیار استعمال، سندھ طاس معاہدے کی معطلی کی تاریخی، قانونی و تذویراتی پہلو پر خصوصی رپورٹ کی تقریب رونمائی سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ انسٹیٹیوٹ آف اسٹریٹجک اسٹڈیز کی جانب سے رپورٹ کا اجرا لائق تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ بطور پاکستانی ہمیں فخر ہے کہ ہمارا تعلق سندھ طاس کی قدیم تہذیب سے ہے، طے شدہ معاہدے پر عمل درآمد متعلقہ فریقین کے لیے لازمی ہے اور بین الاقوامی معاہدوں کو یکطرفہ طور پر معطل یا ختم نہیں کیا جاسکتا اس لیے عالمی ثالثی عدالت بھی پاکستان کے موقف کے حق میں فیصلہ دے چکی ہے

بقیہ بقیہ جات 42

2026 تک منعقد ہوئی، جبکہ قازقستان نے بطور مبصر ملک شرکت کی۔ ایٹرنل برادرہڈ 5-مشق کا مقصد شریک ممالک کی اسپیشل فورسز کے درمیان تعاون، رابطہ کاری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ کرنا تھا۔ مشق کے دوران شریک فورسز نے مختلف جدید آپریشنز اور جنگی حکمت عملیوں سے متعلق عملی تجربات اور معلومات کا باہمی تبادلہ کیا۔ مشترکہ مشق میں شریک اسپیشل فورسز نے سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے بھی اپنے تجربات ایک دوسرے کے ساتھ شیئر کیے۔-

بقیہ بقیہ جات 43

خاموش تماشائی بن گئی۔ ذرائع کے مطابق تشدد کے دوران خواتین چیختی چلاتی پولیس سے مدد مانگتی رہیں تاہم پولیس نے مداخلت کے بجائے آنکھیں چرائی رہیں۔ واقعے کی ویڈیوز بھی سامنے آگئی ہیں جن میں پولیس اہلکاروں کو بااثر افراد کے ہمراہ متاثرہ خاندان کے گھر میں داخل ہوتے دیکھا جاسکتا ہے۔ پولیس کے مطابق جھگڑا اوورسیز فیملی اور ایک سابق سرکاری افسر کے درمیان گھر خالی کرانے کے تنازع پر ہوا۔ متاثرہ خاندان کے مطابق انہوں نے دوسال قبل ایک سرکاری افسر کو گھر کرایہ پر دیا تھا

بقیہ بقیہ جات 44

کا 45واں نمبر ہے۔ پنجاب کی خواتین جامعات میں بھی LCWU نے دوسری پوزیشن حاصل کی۔ پروفیسر ڈاکٹر عظمیٰ قریشی نے اس کامیابی پر اساتذہ، محققین، طلبہ اور یونیورسٹی کی پوری ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ عالمی رینکنگ میں LCWU کی شمولیت معیاری تعلیم، تحقیق، جدت اور بین الاقوامی شناخت کے فروغ کے لیے یونیورسٹی کی مسلسل کاوشوں کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ LCWU تحقیقی اثرات، تعلیمی معیار، عالمی اشتراک اور بین الاقوامی رینکنگ کے مختلف اشاریوں کو مزید مضبوط بنانے کے لیے جامع اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے تاکہ آنے والے برسوں میں یونیورسٹی عالمی سطح پر مزید بہتر مقام حاصل کرسکے۔ خواتین جامعات کی کیٹیگری میں LCWU اور دی ویمن یونیورسٹی ملتان شامل ہیں۔ یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ پروفیسر ڈاکٹر عظمیٰ قریشی اس سے قبل دی ویمن یونیورسٹی ملتان کی وائس چانسلر بھی رہ چکی ہیں۔ یونیورسٹی انتظامیہ کے مطابق یہ کامیابی خواتین کی اعلیٰ تعلیم اور تحقیق کے میدان میں LCWU کے نمایاں کردار اور قومی و عالمی سطح پر اس کی بڑھتی ہوئی علمی شناخت کی عکاس ہے۔

بقیہ بقیہ جات 45

، نائٹ سکواڈ اور ہاک آئی فیلڈ سکواڈ بھی متحرک ہیں۔ حکومت کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 269 صنعتی یونٹس کی انسپیکشن کی گئی، 11 یونٹس سیل، ایک کے خلاف مقدمہ درج جبکہ 12 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ اینٹوں کے بھٹوں کے خلاف کارروائی میں 431 بھٹوں کی جانچ کی گئی، 5 بھٹے مسمار، 9 سیل اور 9 مقدمات درج کیے گئے جبکہ 14 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد ہوا جبکہ غیر معیاری پلاسٹک کے خلاف 309 مقامات کی انسپیکشن کے دوران 17 مقامات سیل، 1297 کلوگرام پلاسٹک ضبط اور ایک لاکھ 48 ہزار روپے جرمانہ کیا گیا۔

پنجاب انٹرنیشنل سکواش کمپلیکس میں سی ایم پنجاب پی ایس اے سیٹلائٹ اسکواش چیمپئین شپ کی اختتامی تقریب ہوئی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پنجاب انٹرنیشنل سکواش کمپلیکس میں سی ایم پنجاب پی ایس اے سیٹلائٹ اسکواش چیمپئین شپ کی اختتامی تقریب ہوئی صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نے بطور مہمان خصوصی شرکت ہوئی۔ ورلڈ سکواش لیجنڈ جہانگیر خان نے بھی تقریب میں خصوصی شرکت کی۔ پنجاب حکومت نے سکواش کمپلیکس کی بحالی کا وعدہ پورا کردیا، یہ خوشی کی بات ہے کہ آج نوجوان کھلاڑی اس عالمی معیار کی سہولت میں کھیل رہے ہیں، 35 سال بعد سکواش کمپلیکس میں پہلے اس سکواش کمپلیکس کی تعمیر کا آغاز ہوا جواب مکمل ہوا۔ سکواش کمپلیکس صرف تعمیراتی طور پر بحال نہیں ہوا بلکہ کھلاڑیوں اور کھیلوں کی سرگرمیوں سے آباد ہوگیا ہے، سکواش کمپلیکس میں کھیلوں کی سرگرمیاں بحال ہوگئیں، سکواش کمپلیکس کی بحالی پنجاب حکومت اور سپورٹس ڈیپارٹمنٹ کی اہم کامیابی ہے، نوجوان کھلاڑیوں کو عالمی معیار کی کھیلوں کی سہولیات فراہم کرنا ہماری ترجیح ہے سکواش لیجنڈ جہانگیر خان کی موجودگی ہمارے لئے اعزاز ہے، انٹرنیشنل سکواش کورٹ چند ماہ میں مکمل ہوجائے گا، سی ایم پنجاب یوتھ گیمز کا انعقاد کرنے جارہے ہے، جس میں 50 لاکھ سے زائد نوجوانوں کی شرکت کا ہدف ہے، یوتھ گیمز میں پنجاب کے تعلیمی اداروں اور مدارس کے طلبہ بھی حصہ لیں سی ایم پنجاب یوتھ گیمز کے لئے اب تک ساڑھے پانچ لاکھ سے زائد نوجوان رجسٹریشن کرا چکے ہیں، پنجاب میں کھیلوں کی سہولیات پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت کی جارہی ہے، کھیلوں کی سہولیات ان لوگوں کو دی جارہی ہیں جو کھلاڑیوں اور ٹیلنٹ کو بہتر انداز میں فروغ دے سکیں، پاکستانی سکواش کا ماضی شاندار رہا ہے، ورلڈ سکواش لیجنڈ جہانگیر خان نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ سکواش کو دوبارہ عالمی مقام حاصل کرنے کیلئے اقدامات کریں، پاکستانی کھلاڑیوں میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں، انہیں مناسب سہولیات اور ماہر کوچنگ فراہم کرنا ضروری ہے، سپورٹس کی ترقی کے لئے میرٹ اور متعلقہ لوگوں کو آگے لانا ضروری ہے، اختتامی تقریب میں سیکرٹری سپورٹس پنجاب فضل الرحمن اور ڈی جی سپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی نے بھی شرکت کی طیب اسلم نے سی ایم پنجاب پی ایس اے سیٹلائٹ اسکواش چیمپئین شپ جیت لی۔ سوئی ناردرن گیس کے طیب اسلم نے کے پی کے شملان گل کو اسٹریٹ سیٹس میں شکست دے دی طیب اسلم نے 5-، 11 12-14 اور 11-6 سے کامیابی حاصل کی۔

ماڈل ٹاؤن زون لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن کی جنرل باڈی کا سالانہ اجلاس

اجلاس میں زون کے انتظامی، مالی اور کرکٹ سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

لاہور (سپورٹس رپورٹر) ماڈل ٹاؤن زون لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن کی جنرل باڈی کا سالانہ اجلاس گزشتہ روز لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن کے ہیڈکوارٹرز میں منعقد ہوا، جس کی صدارت صدر ماڈل ٹاؤن زون ملک عمران بچہ نے کی۔ اجلاس میں زون کے انتظامی، مالی اور کرکٹ سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور متعدد اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی۔ اجلاس کے دوران سیکرٹری ماڈل ٹاؤن زون افضال احمد نے حال ہی میں مکمل ہونے والے انڈر 15 کلب کرکٹ ٹورنامنٹ کی تفصیلی رپورٹ جنرل باڈی کے سامنے پیش کی۔ رپورٹ میں ٹورنامنٹ کے انعقاد، ٹیموں کی شرکت اور مجموعی انتظامات کے حوالے سے تفصیلات سے آگاہ کیا گیا، جسے جنرل باڈی کے اراکین نے سراہتے ہوئے ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد پر اطمینان کا اظہار کیا۔ خازن ماڈل ٹاؤن زون چوہدری رمضان علی نے زون کے اب تک کے مالی معاملات اور اکاؤنٹس کی مکمل تفصیلات اجلاس میں پیش کیں۔ جنرل باڈی نے پیش کردہ مالیاتی رپورٹ کا جائزہ لینے کے بعد اکاؤنٹس کی صورتحال پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اجلاس میں ماڈل ٹاؤن زون کے آئندہ کرکٹ پروگرام پر بھی تفصیلی غور کیا گیا۔ اس موقع پر اکتوبر میں ون ڈے کرکٹ ٹورنامنٹ کے انعقاد کی تجویز پیش کی گئی، جس پر اراکین نے تبادلہ خیال کے بعد ٹورنامنٹ کے انعقاد کی باضابطہ منظوری دے دی۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ زون میں کلب کرکٹ کے فروغ اور نوجوان کھلاڑیوں کو زیادہ سے زیادہ مسابقتی مواقع فراہم کرنے کے لیے سرگرمیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

پاکستان ویمنز انڈر 19 ٹیم کا فیصل آباد میں ٹریننگ سیشن

انڈر 19 کھلاڑیوں نے بیٹنگ، بولنگ اور فیلڈنگ سیشنز میں حصہ لیا

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان ویمنز انڈر 19 ٹیم کا فیصل آباد میں ٹریننگ سیشن۔ انڈر 19 کھلاڑیوں نے بیٹنگ، بولنگ اور فیلڈنگ سیشنز میں حصہ لیا۔ ویمنز انڈر 19 تین ملکی سیریز 2 سے 16 اکتوبر تک اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں کھیلی جائے گی۔ پاکستان، بنگلہ دیش اور سری لنکا کی ٹیمیں ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ میں حصہ لیں گی۔ ٹورنامنٹ کا افتتاحی میچ میزبان پاکستان اور بنگلہ دیش کی ویمنز کرکٹ ٹیموں کے درمیان 2 اکتوبر کو کھیلا جائے پاکستان کرکٹ ٹیم نے نشن، جاپان میں پریکٹس سیشن۔ کھلاڑیوں نے کوچز کی نگرانی میں ٹریننگ سیشنز میں حصہ لیا۔ پاکستان مینز ٹیم جمعرات کو ایشین گیمز کے سیمی فائنل میں بنگلہ دیش کے مدمقابل ہوگی۔ ٹورنامنٹ کا فائنل تین اکتوبر کو کھیلا جائے گا۔

کنیئرڈ کالج فار ویمن، لاہور کی اینٹی ڈرگ اینڈ ٹوبیکو کمیٹی کے زیر اہتمام ''ای سگریٹ سے انکار'' کے موضوع پر ایک خصوصی آگاہی سیشن کا انعقاد

Kinnaird College for Women
VAPE OR TRAP? AWARENESS TALK ON STOPPING E-CIGARETTES

لاہور (سپورٹس رپورٹر) کنیئرڈ کالج فار ویمن، لاہور کی اینٹی ڈرگ اینڈ ٹوبیکو کمیٹی کے زیر اہتمام ''ای سگریٹ سے انکار'' کے موضوع پر ایک خصوصی آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ سیشن کا مقصد طلبہ وطالبات اور فیکلٹی ممبران کو ای سگریٹ اور ویپنگ کے مضر اثرات اور ان سے وابستہ صحت کے خطرات سے آگاہ کرنا تھا۔ آگاہی سیشن میں کالج کے فیکلٹی ممبران، مختلف شعبہ جات کے سربراہان اور طلبہ وطالبات نے شرکت کی۔ سیشن کا مقصد نوجوانوں میں صحت سے متعلق باخبر اور ذمہ دارانہ فیصلوں کو فروغ دینا اور ای سگریٹ کے استعمال کے ممکنہ جسمانی، ذہنی اور سماجی اثرات کے بارے میں شعور اجاگر کرنا تھا۔

ایتھلیٹکس کلب اف شاہدرہ ٹیکنیکل افیشل الائیڈ بینک میراتھن ریس

لاہور (سپورٹس رپورٹر) ایتھلیٹکس کلب اف شاہدرہ ٹیکنیکل افیشل الائیڈ بینک میراتھن ریس انٹرنیشنل محمد عمیر اسلم انٹرنیشنل ایتھلیٹ دیگر محسن علی عدیل احمد ذوالفقار علی حافظ عرفان محسن سبحانی حرم

لبرٹی میں لاہو محمد دلشاد حسین ایسوسی ایٹ سیکرٹری پنجاب ایتھلیٹکس ایسوسی ایشن ذوالفقار احمد انٹرنیشنل ایتھلیٹ رانا سجاد حسین انٹرنیشنل محمد شفیق عباس ایتھلیٹکس کل اف شاہدرہ ٹیکنیکل افیشل پاک چائنا انٹرڈویژن گیمز ایتھلیٹکس مقابلے میں ٹیکنیکل کے طور پر شامل ہوئے

بنگلہ دیش کے خلاف آسٹریلوی ٹیم کی قیادت تہلیا میک گرا کریں گی، مولینیو اور ہیملٹن باہر

لوسی ہیملٹن کو ٹریننگ کے دوران ران کے پٹھے میں معمولی کھنچا کا سامنا کرنا پڑا

سڈنی (سپورٹس ڈیسک) آسٹریلیا کی خواتین کرکٹ ٹیم کی کپتان صوفی مولینیو اور لوسی ہیملٹن انجریز کے باعث بنگلہ دیش کے خلاف 3 ایک روزہ بین الاقوامی میچز کی سیریز سے باہر ہوگئی ہیں تاہم دونوں کے نیوزی لینڈ کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز تک فٹ ہونے کی امید ہے۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق آسٹریلیا نے دونوں سیریز کے لئے 14 رکنی مشترکہ سکواڈ کا اعلان کیا ہے، بنگلہ دیش کے خلاف ایک روزہ سیریز 9 سے 14 اکتوبر تک برسبین میں کھیلی جائے گی، جس میں تہلیا میک گرا ٹیم کی قیادت کریں گی۔ اگر صوفی مولینیو نیوزی لینڈ کے خلاف 18 سے 22 اکتوبر تک سڈنی میں ہونے والی ٹی ٹوئنٹی سیریز کے لیے مکمل فٹ نہ ہوئیں تو نائب کپتان ایشلی گارڈنر قیادت سنبھالیں گی۔ صوفی مولینیو کو لیے کی انجری کے باعث ایک روزہ سیریز سے باہر ہوئی ہیں۔ قومی سلیکٹر شان فلیگر کے مطابق انجری میں بہتری آرہی ہے تاہم وہ بنگلہ دیش کے خلاف میچز کے لیے مکمل فٹ نہیں ہیں۔ لوسی ہیملٹن کو ٹریننگ کے دوران ران کے پٹھے میں معمولی کھنچا کا سامنا کرنا پڑا، تاہم ان کے نیوزی لینڈ کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز تک فٹ ہونے کی توقع ہے۔ فاسٹ بالر ڈارسی براؤن کمر کی انجری کے باعث دونوں سیریز سے باہر ہیں۔ ان کی انجری کے باعث 10 ہفتوں تک کرکٹ سے دور رہنے کا خدشہ ہے، تاہم آسٹریلیا کو امید ہے کہ وہ بگ بیش لیگ کے کچھ میچز کے لیے دستیاب ہوسکتی ہیں۔

وائس چانسلر LCWU ڈاکٹر عظمٰی قریشی کی سربراہی میں یونیورسٹی کی نمایاں کامیابی، عالمی رینکنگ میں دوسری پوزیشن حاصل کرلی

ٹائمز ہائر ایجوکیشن (THE) ورلڈ یونیورسٹی رینکنگ 2026ء میں پاکستان کی خواتین جامعات میں دوسری پوزیشن حاصل کی

لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی عالمی سطح پر 1401 تا 1600 رینکنگ بینڈ میں شامل ہوئی، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عظمٰی قریشی

لاہور (محمد عاصم راجہ سے) لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی (LCWU) نے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عظمٰی قریشی کی سربراہی میں ٹائمز ہائر ایجوکیشن (THE) ورلڈ یونیورسٹی رینکنگ 2026ء میں پاکستان کی خواتین جامعات میں دوسری پوزیشن حاصل کرلی۔ LCWU عالمی سطح پر 1401 تا 1600 رینکنگ بینڈ میں شامل ہوئی، جبکہ رینکنگ کے لیے زیرِ غور آنے والی پاکستان کی 56 جامعات میں یونیورسٹی (بقیہ نمبر 44)

لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی (LCWU) کا تاریخی مرکزی کیمپس، جس نے ٹائمز ہائر ایجوکیشن عالمی یونیورسٹی رینکنگ میں خواتین جامعات میں پاکستان کی دوسری پوزیشن حاصل کی جبکہ دوسری جانب وی سی ڈاکٹر عظمٰی قریشی کی فائل فوٹو

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے محمد طیب انصاری کی پی ایچ ڈی کا نوٹیفکیشن جاری کردیا

لاہور (زیڈ این این) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشنل ٹیکنالوجی کے پروڈیوسر محمد طیب انصاری کی پی ایچ ڈی ڈگری کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ انہوں نے یونیورسٹی کے شعبہ ابلاغیات سے "پاکستان میں پاپولسٹ پولیٹیکل کمیونیکیشن اور سیاسی دھڑے بندی کا مطالعہ" کے عنوان پر اپنا تحقیقی مقالہ مکمل کیا۔

مظفر آباد، طارق حمید عباسی کی دختر کی رخصتی کی تقریب سیاسی وسماجی اجتماع میں تبدیل

(این این آئی) طارق حمید عباسی کی دختر کی رخصتی کی تقریب سیاسی و سماجی اجتماع میں تبدیل، مسلم لیگ ن کے ممبر مجلس عاملہ اور کنٹریکٹر ایسوسی ایشن کے صدر طارق حمید عباسی کی دختر کی رخصتی کی تقریب سیاسی، سماجی وصحافتی شخصیات کے بڑے اجتماع میں تبدیل ہوگئی۔

سندھ کے میڈیکل داخلہ ٹیسٹ میں کراچی کے طلبہ سے امتیازی سلوک کیا گیا، منعم ظفر

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے سندھ کے میڈیکل داخلہ ٹیسٹ کے نتائج پر سوالات اٹھاتے ہوئے کہا ہے کہ کراچی کے طلبہ کے ساتھ امتیازی سلوک کیا گیا، وفاقی حکومت میڈیکل داخلہ ٹیسٹ کے پورے نظام کی خود نگرانی کرے۔ ادارہ نورحق میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے منعم ظفر خان نے کہا کہ کراچی کے طلبہ کو ہر تعلیمی امتحان میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، حکومتیں پاکستان کے مستقبل کے ساتھ کھیل رہی ہیں، کراچی کے طلبہ کو اس وقت بدترین صورتحال کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے سرکاری ونجی میڈیکل کالجز کے داخلہ ٹیسٹ کے نتائج پر سوالات اٹھ رہے ہیں، کراچی کے طلبہ کے مقابلے میں اندرون سندھ کے بعض اضلاع کے طلبہ کی کامیابی کا تناسب زیادہ ہے۔

محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کی تمام ٹیچنگ ہسپتالوں کو ڈیجیٹلائزیشن مکمل کرنے کا حکم

تمام ہسپتالوں اور میڈیکل کالجز میں ایچ ایم آئی ایس کے تمام ماڈیولز فعال کرنے کا مراسلہ

لاہور (زیڈ این این) محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن نے تمام ٹیچنگ ہسپتالوں، میڈیکل یونیورسٹیز اور کالجز کے سربراہان کو مراسلہ جاری کرتے ہوئے ڈیجیٹلائزیشن کا نظام مکمل طور پر فعال کرنے کی سخت ہدایت کردی ہے۔

ماڈل ٹاؤن لاہور میں پولیس کی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے موک ایکسرسائز

اے ایس پی کشمالہ فاروق کی قیادت میں مشقیں، فرضی دہشتگردوں کو پکڑنے کا عملی مظاہرہ

لاہور (زیڈ این این) ماڈل ٹاؤن کے علاقے میں اے ایس پی کشمالہ فاروق کی زیر نگرانی ایک اہم موک ایکسرسائز (فرضی مشق) کا انعقاد کیا گیا، جس میں آپریشنز ونگ پولیس، بم ڈسپوزل اسکواڈ اور ریسکیو 1122 کے اہلکاروں نے حصہ لیا۔ ان حفاظتی مشقوں میں ایلیٹ فورس، ڈولفن اسکواڈ اور دیگر سیکیورٹی اداروں کے نمائندے بھی شامل تھے۔

لاہور ڈویژن کے سرکاری کالجز کے مالی معاملات کا آڈٹ شروع

مالی بے ضابطگیوں کی جانچ کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل، ایک ماہ میں آڈٹ مکمل کرنے کی ہدایت

لاہور (زیڈ این این) لاہور ڈویژن کے تمام سرکاری کالجز کے مالی معاملات کا شفاف آڈٹ شروع کر دیا گیا ہے، جس کے لیے محکمہ ہائر ایجوکیشن کی جانب سے خصوصی ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق لاہور تحصیل کے 60 سرکاری کالجز کی جانچ پڑتال کے لیے 6 آڈٹ ٹیمیں جبکہ ضلع قصور کے کالجز کے لیے 2 اور ننکانہ صاحب کے لیے ایک آڈٹ ٹیم تشکیل دی گئی ہے۔ آڈٹ کے دوران کالجز میں ممکنہ مالی بے ضابطگیوں کی شکایات اور مختلف فنڈز کے استعمال کا باریک بینی سے جائزہ لیا جائے گا، جبکہ ٹیمیں تمام مالیاتی ریکارڈز اور فنڈز کے درست مصرف کی بھی جانچ کریں گی۔ حکام کی جانب سے لاہور ڈویژن کے تمام سرکاری کالجز کا آڈٹ ایک ماہ کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

لاہور صوبائی وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین "اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کے کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ہم پر تنقید کریں یا تعریف میڈیا آزاد ہے، چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ

افتتاحی تقریب میں پراسیکیوٹر جنرل منظور احمد ججہ اور ایڈیشنل اٹارنی جنرل راشد حفیظ بھی شریک ہوئے

تقریب میں لا افسران اور اسلام آباد ہائیکورٹ جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے کورٹ رپورٹرز بھی شریک ہوئے

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ جسٹس سردار محمد سرفراز ڈوگر نے کہا ہے کہ ہم پر تنقید کریں یا تعریف، میڈیا آزاد ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں میڈیا سینٹر کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی، جس میں چیف جسٹس سردار محمد سرفراز ڈوگر اور دیگر ججز نے ہائیکورٹ میڈیا سنٹر کا افتتاح کیا۔ تقریب میں جسٹس محمد اعظم خان اور جسٹس راجا انعام امین منہاس بھی شریک ہوئے۔ چیف جسٹس (بقیہ نمبر 39)

کراچی: ڈرگ روڈ پر ڈمپر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار ایک نوجوان جاں بحق، دوسرا زخمی

کراچی (این این آئی) ڈرگ روڈ انڈر بائی پاس کے قریب ڈمپر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار ایک نوجوان جاں بحق جبکہ 15 سالہ لڑکا زخمی ہوگیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثے میں جاں بحق نوجوان اور زخمی دونوں مدرسے کے طالب علم ہیں۔ جاں بحق ہونے والے نوجوان کی شناخت صادق حسین شاہ جبکہ زخمی کی ہادی کے نام سے ہوئی ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ حادثہ سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے ڈمپر کی ٹکر سے پیش آیا، جاں بحق اور زخمی نوجوان کو اسپتال منتقل کر دیا گیا۔

صنعتی علاقوں میں لوڈشیڈنگ کے خلاف 19 صنعتی اداروں کا سندھ ہائیکورٹ سے رجوع

کراچی (این این آئی) کراچی انڈسٹریل سائٹ ایریا کے 19 صنعتی اداروں نے صنعتی علاقوں میں طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خلاف سندھ ہائیکورٹ سے رجوع کرلیا۔ عدالت نے کے الیکٹرک، نیپرا اور دیگر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 19 اکتوبر کو جواب طلب کرلیا۔ سماعت کے دوران جسٹس یوسف علی سعید نے استفسار کیا کہ نیپرا میں درخواست گزاروں کی شکایت پر کیا فیصلہ ہوا؟ درخواست گزاروں کے وکیل بیرسٹر راجا نوید نے عدالت کو بتایا کہ نیپرا نے شکایت پر کوئی ایکشن نہیں لیا۔

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، منیجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے شائع کیا۔ فون: 0423-5194748
E:Mail
dailysehar1@gmail.com

لاہور: صوبائی وزیر توانائی ملک فیصل ایوب کھوکھر کی زیر صدارت لائسنس یافتہ برقی ٹھیکیداروں کے اجلاس میں برقی تنصیبات کی حفاظت معیار اور الاٹنگ نظام کا جائزہ لیا جا رہا ہے

ایس آئی ایف سی کی معاونت سے آزاد کشمیر میں سرمایہ کاری کے نئے منصوبوں پر اہم پیش رفت

ترقی کے فروغ اور سرمایہ کاری میں سہولت کاری میں ایس آئی ایف سی کے کردار پر تبادلہ خیال

مظفر آباد (این این آئی) ایس آئی ایف سی کی معاونت سے آزاد کشمیر میں سرمایہ کاری اور صنعتی ترقی سے متعلق نئے منصوبوں پر پیش رفت سامنے آئی ہے۔ مظفر آباد میں وزیر اعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی کی زیرِ صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا جس میں ڈپٹی اسپیکر احمد رضا قادری، سیکریٹری ایس آئی ایف سی جمیل قریشی، پرنسپل سیکریٹری عدنان خورشید اور دیگر عہدیداران شریک ہوئے۔

کراچی: فائرنگ اور تیز دھار آلے کے وار سے پولیس اہلکار سمیت 3 افراد زخمی

کیماڑی اور بلدیہ ٹاؤن میں ہونے والا فائرنگ کا واقعہ ڈکیتی کی وارداتوں کے دوران مزاحمت پر پیش آیا

کراچی (این این آئی) کیماڑی، سرجانی ٹاؤن اور بلدیہ ٹاؤن میں فائرنگ اور تیز دھار آلے کے وار سے پولیس اہلکار سمیت 3 افراد زخمی ہوگئے، کیماڑی اور بلدیہ ٹاؤن میں ہونے والا فائرنگ کا واقعہ ڈکیتی کی وارداتوں کے دوران مزاحمت پر پیش آیا۔ تفصیلات کے مطابق جیکسن کے علاقے کیماڑی شیریں جناح کالونی ٹاپو نور خدا مسجد کے قریب فائرنگ ایک شخص زخمی ہوگیا

کراچی، ڈکیتی مزاحمت پر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے پولیس اہلکار زخمی

ابتدائی معلومات کے مطابق زخمی ہونے والا حسن زیب پولیس اہلکار ہے

کراچی (این این آئی) شیریں جناح کالونی میں نور خدا مسجد کے قریب ڈکیتی کی واردات کے دوران مزاحمت پر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے پولیس اہلکار زخمی ہوگیا۔ چھیپا حکام کے مطابق فائرنگ کے نتیجے میں زخمی ہونے والے شخص کی شناخت 30 سالہ حسن زیب کے نام سے ہوئی جسے طبی امداد کے لیے سول اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ابتدائی معلومات کے مطابق حسن زیب پولیس اہلکار ہے۔



Kinnaird College for Women
VAPE OR TRAP? AWARENESS TALK ON STOPPING E-CIGARETTES
ANTI DRUG AND TOBACCO COMMITTEE

لاہور: کلیئر ڈ کالج فار ویمن لاہور میں ای سگریٹ کے مضر اثرات کے حوالے سے آگاہی سیشن کے شرکا کا گروپ فوٹو

پنجاب میں آبی پرندوں کے قانونی شکار کی اجازت دے دی گئی

شکار یکم اکتوبر 2026ء تا 31 مارچ 2027ء پرمٹ کے ساتھ ہفتہ اور اتوار کو ہوگا

لاہور (زیڈ این این) سینئر وزیر مریم اورنگزیب کی زیر قیادت محکمہ تحفظ جنگلی حیات و پارکس پنجاب نے صوبے میں اسپورٹس ہنٹنگ کے فروغ اور غیر قانونی شکار کے دباؤ کو زائل کرنے کے لیے وائلڈ لائف ایکٹ 1974ء (ترمیم شدہ 2025ء) کے تحت جدول اول میں شامل آبی پرندوں کے موسمِ شکار کا اعلان کر دیا ہے۔ محکمے کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق موسمِ شکار یکم اکتوبر 2026ء سے 31 مارچ 2027ء تک جاری رہے گا، جس کے تحت مستند شوٹنگ پرمٹ کے ساتھ صرف ہفتہ اور اتوار کے دن شکار کھیلنے کی اجازت ہوگی۔ تاہم، پنجاب بھر کے پروٹیکٹڈ ایریاز (محفوظ شدہ علاقوں) میں ہر قسم کے شکار پر مکمل ممانعت ہوگی

پنجاب اسمبلی کی قائمہ کمیٹی نے تاریخی کرسچین میرج بل 2026 کی منظوری دے دی

مسیحی برادری کیلئے بڑا ریلیف، 153 سال پرانے قانون میں بنیادی ترامیم کا بل منظور، نادرا میں رجسٹریشن لازم قرار

لاہور (زیڈ این این) پنجاب کے لاکھوں مسیحی خاندانوں کے لیے بڑی خوشخبری، پنجاب اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے اقلیتی امور نے مجوزہ کرسچین میرج بل 2026 کی منظوری دے دی۔ بل کی منظوری قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں دی گئی جس میں اقلیتی ارکان نے تفصیلی شرکت کی۔ یہ بل رواں سال اپریل میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے اقلیتی امور فیلبوس کرسٹوفر نے بطور پرائیویٹ ممبر پنجاب اسمبلی میں جمع کروایا تھا، جو وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی مسیحی برادری کی فلاح و بہبود میں خصوصی دلچسپی کے پیش نظر تیار کیا گیا۔ اس تاریخی بل کے ذریعے 1872ء میں بنائے گئے کرسچین میرج ایکٹ میں 153 سال بعد بنیادی تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ انگریز دور کے اس قدیم قانون پر مسیحی برادری کو طویل عرصے سے شدید تحفظات اور انتظامی مسائل کا سامنا تھا۔ مجوزہ بل کے تحت متعدد اہم ترامیم کی گئی ہیں۔ شادی کے لیے کم از کم عمر 18 سال مقرر کرنے کی تجویز دی گئی ہے، جبکہ اس سے قبل لڑکے کے لیے 16 اور لڑکی کے لیے 13 سال عمر مقرر تھی۔

PUNJAB EMERGENCY SERVICE (RESCUE

لاہور: صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق ریسکو کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر لاہور میں رسپانس سسٹم کا جائزہ لے رہے ہیں

لاہور سموگ کا سبب بننے والے 5 صنعتی یونٹس سیل، 10 لاکھ جرمانہ

ای پی اے کا کریک ڈاؤن، بادامی باغ، جی ٹی روڈ اور ڈیفنس میں ملز اور انڈسٹریز سیل

لاہور (زیڈ این این) سموگ اور فضائی آلودگی کی روک تھام کے لیے محکمہ تحفظ ماحولیات (ای پی اے) کی جانب سے انڈسٹریل یونٹس کے خلاف مسلسل بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔ ای پی اے کی ٹیموں نے گزشتہ 3 روز کے دوران قوانین کی خلاف ورزی پر 5 صنعتی یونٹس کو سیل کر کے ان پر مجموعی طور پر 10 لاکھ روپے کے بھاری جرمانے عائد کر دیے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق بادامی باغ کے علاقے میں ماڈرن اسٹیل کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے یونٹ کو موقع پر سیل اور 1 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ اسی طرح جی ٹی روڈ پر واقع ملک اسٹیل اور کرول کے علاقے میں راوی اسٹیل کو سیل کر کے بالترتیب 1، 1 لاکھ روپے کے جرمانے کیے گئے۔

ڈرگ روڈ پر ڈمپر کی ٹکر سے مدرسے کا طالب علم جاں بحق

سالہ لڑکا زخمی، حادثہ سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے ڈمپر سے پیش آیا

کراچی (این این آئی) ڈرگ روڈ انڈر بائی پاس کے قریب ڈمپر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار ایک نوجوان جاں بحق جبکہ 15 سالہ لڑکا زخمی ہوگیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثے میں جاں بحق نوجوان اور زخمی ہونے والا لڑکا مدرسے کے طالب علم ہیں۔ جاں بحق نوجوان کی شناخت صادق حسین شاہ جبکہ زخمی کی شناخت ہادی کے نام سے ہوئی ہے۔

این سی سی آئی اے کا نام بدل کر ''سائبر پولیس'' رکھنے کی تجویز

ہر ضلع میں سائبر پولیس اسٹیشن قائم کرنے اور محکمہ پولیس کے ساتھ ہائبرڈ ماڈل کی تجویز

لاہور (زیڈ این این) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (NCCIA) کے انتظامی ڈھانچے میں بڑی تبدیلی کی تیاری کی جا رہی ہے۔ ادارے کا نام تبدیل کر کے ''سائبر پولیس'' رکھنے اور اسے محکمہ پولیس کے ساتھ ہائبرڈ ماڈل پر چلانے کی اہم تجاویز تیار کی گئی ہیں۔ تجاویز کے مطابق ملک کے ہر ضلع میں بالخصوص ''سائبر پولیس اسٹیشن'' قائم کیے جائیں گے، جہاں ڈپٹی ڈائریکٹر کی جگہ ایس ایچ او تعینات ہوگا۔ بڑے اضلاع میں ایس پی اور ڈی ایس پی رینک کے افسران تعینات کرنے کی تجویز پیش کی گئی ہے جبکہ چھوٹے اضلاع میں ڈی ایس پی رینک کا افسر سائبر پولیس اسٹیشن

لاہور روڈا کا غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کے خلاف آپریشن

راوی شہر میں 30 سے زائد پراپرٹی دفاتر اور غیر قانونی سوسائٹیز سر بمہر، ترجمان

این او سی کے بغیر کام کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی، روڈا انتظامیہ

لاہور (زیڈ این این) راوی اربن ڈویلپمنٹ اتھارٹی (روڈا) نے راوی شہر کی حدود میں غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن کرتے ہوئے متعدد دفاتر اور سوسائٹیز کو سیل کر دیا ہے۔ یہ آپریشن روڈا کے شعبہ انفورسمنٹ اور کمرشل کے ڈپٹی ڈائریکٹرز کی مشترکہ زیر نگرانی کیا گیا۔ آپریشن کے دوران روڈا کی ٹیموں نے سخت قانونی کارروائی کرتے ہوئے القیوم گارڈن اور تقریباً 30 پراپرٹی ڈیلرز کے دفاتر کو موقع پر ہی سر بمہر (سیل) کر دیا۔ اس کے علاوہ غیر قانونی سرگرمیوں اور بغیر منظوری کام کرنے پر الخالق آرچڈ اور الجنت ریزیڈنشیا کو بھی بند کر دیا گیا۔ روڈا انتظامیہ نے اس موقع پر واضح کیا کہ بغیر این او سی اور غیر قانونی طور پر قائم کی جانے والی ہاؤسنگ اسکیموں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی نافذ العمل ہے۔ جن سوسائٹیز نے اتھارٹی سے باقاعدہ این او سی حاصل کر رکھا ہے صرف وہی کام کرنے کی مجاز ہوں گی۔

لاہور سانده میں خاتون سے موبائل چھیننے والے 2 ملزمان گرفتار

سانده پولیس کی کارروائی، احمد عرف نونا اور زین العابدین سے چھینا موبائل برآمد

ملزمان سے واردات میں استعمال ہونے والا پستول اور گولیاں برآمد، تفتیش شروع

لاہور (زیڈ این این) سانده کے علاقے میں خاتون سے موبائل فون چھین کر فرار ہونے والے دو ملزمان کو پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے گرفتار کرلیا ہے۔ ترجمان پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کی شناخت احمد عرف نونا اور زین العابدین کے ناموں سے ہوئی ہے۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے خاتون سے چھینا گیا موبائل فون، واردات میں استعمال ہونے والا پستول اور گولیاں بھی برآمد کر لی ہیں۔ ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کے مطابق دونوں ملزمان کو مزید قانونی کارروائی اور تفتیش کے لیے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ملاقات کرتے ہوئے

آزاد کشمیر کے عوام کی سہولت کے لیے پاک فوج کی جانب سے مفت میڈیکل کیمپس کے انعقاد کیا گیا

راولاکوٹ میں فسادی جتھے کے احتجاج کے باعث شہریوں کو علاج معالجے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے، رپورٹ

راولاکوٹ (این این آئی) راولاکوٹ کے نواحی علاقے میں دہلیز پر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے پاک فوج کی جانب سے مفت میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ میڈیکل کیمپ میں پاک فوج کے ماہر ڈاکٹروں اور طبی عملے نے مجموعی طور پر 555 مقامی مریضوں کا مفت معائنہ کیا۔ راولاکوٹ میں فسادی جتھے کے احتجاج کے باعث شہریوں کو علاج معالجے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ مریضوں کو مفت طبی معائنہ، علاج اور طبی مشاورت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ مفت ادویات بھی فراہم کی گئیں۔ شہریوں نے مشکل حالات میں مفت طبی سہولیات کی فراہمی پر پاک فوج کا شکریہ ادا کیا۔

سیلز ٹیکس رولز میں بڑی ترمیم؛ خلاف ورزی کرنیوالے کاروبار ایف بی آر کے ریڈار پر

ایف بی آر کے سسٹم سے منسلک نہ ہونے والے رجسٹرڈ کاروبار کارروائی کی زد میں آئیں گے

اسلام آباد (این این آئی) ایف بی آر نے سیلز ٹیکس رولز 2006 میں اہم ترمیم کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے جس کے تحت پروڈکشن مانیٹرنگ، ویڈیو سرویلنس یا ڈیجیٹل آئی سسٹم لگانا لازم ہوگا۔ ایف بی آر کے سسٹم سے منسلک نہ ہونے والے رجسٹرڈ کاروبار کارروائی کی زد میں آئیں گے۔ ایف بی آر کے مطابق کاروبار سیل کرنے کے لیے ضرورت پڑنے پر پولیس کی مدد لی جائے گی۔ نوٹیفکیشن میں کاروباری مقام سیل کرنے کا طریقہ کار بھی واضح کر دیا گیا ہے، جس کے مطابق کمشنر لینڈ ریونیو رپورٹ کی بنیاد پر کارروائی شروع کر سکے گا۔

لاہور کی ہوا آلودہ، پنجاب حکومت کا سموگ کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن شروع

269 صنعتی یونٹس کی انسپکشن، 11 سیل، 12 لاکھ روپے جرمانہ، 431 بھٹوں کی جانچ، 5 مسمار اور 9 مقدمات درج

صاف ہوا، محفوظ ماحول اور بہتر صحت کے لیے سموگ کے ہر مقامی ذریعے کے خلاف کارروائی، آگاہی اور روک تھام جاری ہے، سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور میں ایئر کوالٹی انڈیکس 158 ریکارڈ کیے جانے کے بعد پنجاب حکومت نے انسدادِ سموگ کارروائیاں مزید تیز کردی ہیں، ہوا کی رفتار 2 سے 7 میل فی گھنٹہ ریکارڈ ہوئی جبکہ ہواؤں کا رخ جنوب سے شمال اور مشرق کی جانب رہا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر آلودگی کے مقامی ذرائع کے خلاف فیلڈ انفورسمنٹ، مانیٹرنگ اور روک تھام کا مربوط نظام فعال کردیا گیا ہے، ڈرون سکواڈ (بقیہ نمبر 45)

پاکستانی کریئٹر کی اے آئی سے تیار کردہ فلم کے یوٹیوب پر ریکارڈ توڑ ویوز، نوجوان نے کروڑوں کما لیے

لیہ (این این آئی) پاکستانی اے آئی فلم میکر زاہد اقبال کی 28 منٹ کی اے آئی سے تیار کردہ مختصر فلم دی مدرز مونسٹر سوشل میڈیا پر توجہ حاصل کر رہی ہے۔ لیہ سے تعلق رکھنے والے زاہد اقبال کی فلم نے مبینہ طور پر یوٹیوب پر ملین سے زائد ویوز حاصل کر لیے ہیں جبکہ انکے یوٹیوب چینل کے سبسکرائبرز کی تعداد بھی 1 لاکھ سے زائد ہو چکی ہے۔

کراچی ایئرپورٹ پر مسافروں کی طویل قطاریں ختم، وزیر داخلہ کا اظہار اطمینان

کراچی (این این آئی) کراچی ایئرپورٹ پر مسافروں کی طویل قطاریں ختم ہونے پر وزیر داخلہ نے اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی کا دورہ کیا۔

میر رضا کیس؛ کرپٹو ٹریڈنگ، شہریوں کی تحقیقات کی درخواست

کراچی (این این آئی) میر رضا کے قتل کی ممکنہ وجہ کرپٹو ٹریڈنگ سے متعلق شہریوں نے جوڈیشل کمیشن سے تحقیقات کی درخواست کردی۔ اہلخانہ کے وکیل جبران ناصر کی جانب سے ایڈیشنل آئی جی آزاد خان، ڈی آئی جی فرخ لنجار اور تحقیقاتی ٹیم کے سربراہ ڈی آئی جی عامر فاروقی سے متعلق مزید سوالات بھی کمیشن کو جمع کرا دیے گئے ہیں۔

کراچی؛ بن قاسم ٹاؤن میں جھاڑیوں سے نوجوان لڑکی کی لاش برآمد

کراچی (این این آئی) بن قاسم ٹاؤن اسٹیل مل روڈ جناح گیٹ کے قریب جھاڑیوں سے نوجوان لڑکی کی لاش برآمد ہوئی ہے، جسے فائرنگ کر کے قتل کیا گیا۔ مقتولہ لڑکی کی عمر 20 سال کے قریب ہے اور فوری شناخت ممکن نہیں ہوسکی، مقتولہ لڑکی کو فائرنگ کر کے قتل کیا گیا ہے

مری اسکول وین حادثہ؛ جھلسنے والی 11 سالہ بچی اسپتال میں دم توڑ گئی، 2 کی حالت تشویشناک

جھلسنے والے بچوں کو سول ہسپتال مری اور ہولی فیملی اسپتال راولپنڈی منتقل کیا گیا تھا، رپورٹ جاری

راولپنڈی (این این آئی) مری اسکول وین حادثے میں جھلس کر زخمی ہونے والی 11 سالہ بچی عائشہ ہولی فیملی ہسپتال میں دم توڑ گئی۔ حادثے میں زخمی ہونے والے بچوں کو مختلف ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا تھا اور زیر علاج مزید 3 بچوں میں سے 2 کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔

راولپنڈی، شادی شدہ خاتون کے قتل سے قبل وحشیانہ تشدد کا انکشاف

مقتولہ پر تشدد اور قتل کے وقت چھوٹی بیٹی سو رہی تھی، بڑی بیٹی بھی موقع پر موجود تھیں

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں شادی شدہ خاتون کی گڑھے میں دبائی گئی لاش ملنے کے معاملے میں تفتیش کے دوران یہ بات سامنے آئی ہے کہ مقتولہ نبیلہ شاہین پر قتل کرنے سے قبل وحشیانہ تشدد بھی کیا گیا۔ تشدد گرفتار ملزم نے 2 بھائیوں، بہن اور ماں سے ملکر کیا

لاہور محنت کش ہتھ ریڑھی پر بھاری سامان رکھ کر لے جا رہا ہے

نفرت اور انتہا پسندی کے خاتمے کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں سیرت النبی ﷺ کانفرنس

خاندانی نظام کے استحکام کیلئے اسلامی اقدار کو فروغ دیا جائے، خواتین کو حقوق کے ساتھ فرائض اور ذمہ داریوں کا شعور دیا جائے، اعلامیہ

لاہور (زیڈ این این) دارالعلوم سراجیہ نعیمیہ کے زیر اہتمام 41 ویں سالانہ سیرت النبی ﷺ کانفرنس کے مشترکہ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ عدم برداشت، نفرت اور انتہا پسندی کے خاتمے کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں۔ خاندانی نظام کے استحکام کیلئے اسلامی اقدار کو فروغ دیا جائے۔ خواتین کو حقوق کے ساتھ فرائض اور ذمہ داریوں کا شعور دیا جائے۔ ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کیلئے اجتماعی ذمہ داری کا احساس اجاگر کیا جائے۔ کانفرنس الحمرا ہال میں منعقد ہوئی، جس کی صدارت ناظمہ دارالعلوم سراجیہ نعیمیہ نبیرہ عندلیب نعیمی نے کی۔ کانفرنس میں دینی و علمی شخصیات، مختلف مدارس کی ناظمات، سیاسی و مذہبی خواتین رہنماؤں، اساتذہ اور طالبات سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی خواتین نے شرکت کی۔

نارووال: ایڈوائزر صوبائی محتسب پنجاب عامر اعجاز اکبر کھلی کچہری میں سائلین کی درخواستوں کا جائزہ لے رہے ہیں

پنجاب حکومت کا روڈا منصوبوں کیلئے 15 ارب روپے تک قرض دینے کا فیصلہ

مالی سال 2026-27 میں مرحلہ وار رقم فراہم کی جائیگی، منسوخ شدہ 2 ارب 75 کروڑ روپے سے زائد کا قرضی بیلنس بھی بحال

سینٹرل بزنس ڈسٹرکٹ (سی بی ڈی) اتھارٹی 15 ارب روپے تک کی رقم مرحلہ وار صوبائی اکاؤنٹ ون میں جمع کرائے گی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے راوی اربن ڈویلپمنٹ اتھارٹی (روڈا) کے منصوبوں کے لیے 15 ارب روپے تک قرض فراہم کرنے اور پہلے منسوخ کیے گئے 2 ارب 75 کروڑ 10 لاکھ روپے سے زائد کے قرضی بیلنس کی بحالی کی منظوری دے دی۔ سرکاری دستاویزات کے مطابق سینٹرل بزنس ڈسٹرکٹ (سی بی ڈی) اتھارٹی 15 ارب روپے تک کی رقم مرحلہ وار صوبائی اکاؤنٹ (بقیہ نمبر 40)

مریدکے تجاوزات اور گراں فروشوں کے خلاف انتظامیہ کا کریک ڈاؤن

پیرا فورس کا مریدکے میں آپریشن، سڑکیں بحال اور گراں فروشوں کو بھاری جرمانے

مریدکے (زیڈ این این) تحصیل انتظامیہ مریدکے اور پیرا فورس نے شہریوں کی سہولت اور ناجائز منافع خوری کے خاتمے کے لیے تجاوزات اور گراں فروشوں کے خلاف آپریشن مزید تیز کر دیا ہے۔ انچارج پیرا فورس تحصیل مریدکے محمد نظامی کی قیادت میں کی گئی حالیہ کارروائیوں کے دوران تجاوزات قائم کرنے والوں اور سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں کے خلاف سخت قانونی اقدامات اٹھائے گئے۔

کراچی، گلبائی میں فائرنگ سے دو بھائی جاں بحق، ایک شخص زخمی

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں گلبائی ٹول پمپ کے قریب بلوچ پاڑہ میں لڑائی جھگڑے کے دوران فائرنگ کے نتیجے میں دو بھائی جاں بحق جبکہ ایک شخص شدید زخمی ہوگیا۔ چھیپا حکام کے مطابق فائرنگ کے بعد جاں بحق افراد اور زخمی کو سول اسپتال منتقل کیا گیا۔ جاں بحق ہونے والوں کی شناخت محمد کریم ولد عبدالقیوم اور محمد عظیم ولد عبدالقیوم کے نام سے ہوئی ہے

نالے کی صفائی کے دوران دم گھٹنے سے خاکروب جاں بحق

کراچی (این این آئی) نصرت بھٹو کالونی میں نالے کی صفائی کے دوران دم گھٹنے سے خاکروب جاں بحق ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق شارع نور جہاں کے علاقے نصرت بھٹو کالونی ناصر نگر گلی نمبر 4 کے قریب منگل اور بدھ کی درمیانی شب نالے میں کام دوران دم گھٹنے سے ایک خاکروب جاں بحق ہوگیا۔ جاں بحق ہونے والے خاکروب کو ایمبولینس کے ذریعے عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں اس کی شناخت 28 سالہ بلو ولد شمعون کے نام سے کی گئی۔

لاہور: نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ منصورہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

اسلام آباد میں خاتون کی سر پر گولی لگی لاش برآمد

جائے وقوعہ پر خاتون کے پاس سے کوئی شناختی دستاویز نہیں ملی، پولیس

اسلام آباد (این این آئی) تھانہ کورال کے عقب میں واقع جنگلاتی علاقے سے خاتون کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق لاش گزشتہ شب ملی اور خاتون کو سر میں گولی مار کر قتل کیا گیا، پولیس نے لاش کو تحویل میں لے کر تفتیش شروع کر دی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق جائے وقوعہ پر خاتون کے پاس سے کوئی شناختی دستاویز نہیں ملی۔

منگھوپیر ناردرن بائی پاس پر تیز رفتار وین الٹنے سے خاتون سمیت 4 افراد زخمی

کراچی (این این آئی) منگھوپیر ناردرن بائی پاس پر چلغازی کٹ کے قریب تیز رفتاری کے باعث ہائی جیٹ الٹ گئی، حادثے میں ایک خاتون سمیت 4 افراد زخمی ہوگئے۔ چھیپا ذرائع کے مطابق زخمیوں کو فوری طور پر ایمبولینسز کے ذریعے عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا۔ زخمی ہونے والوں میں 30 سالہ وقاص ولد صلاح الدین، 40 سالہ شعیب ولد حسین بخش، 40 سالہ ذیشان ولد محمد ادریس اور 45 سالہ شبانہ زوجہ عبدالغفور شامل ہیں۔

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے نئے تعینات ڈی جی آڈٹ خیبر پختونخوا ذوالفقار خان کی ملاقات

گورنر فیصل کریم کنڈی نے انہیں نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا

جہانگیر خان مست خیل پشاور بیورو) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے نئے تعینات ڈی جی آڈٹ خیبر پختونخوا ذوالفقار خان نے گورنر ہاؤس پشاور میں ملاقات کی۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے انہیں نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ڈی جی آڈٹ نے گورنر کو ادارے کے امور، کارکردگی اور اپنی ذمہ داریوں سے متعلق بریفنگ دی۔

پشاور: گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی سے نئے تعینات ڈی جی آڈٹ کے پی کے ذوالفقار خان ملاقات کررہے ہیں